بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) آفتاب حکمت شفاء الملک بہادر حکیم مولوی رضی الدین احمد خانصاحب رئیس الاطباء و آنریری مجسٹریٹ دہلی فیلو پنجاب یونیورسٹی

۱ (ل) استسقائے زقی کے لئے یہ نسخہ میرا مجرب و معمول ہے۔ اور بغایت موثر۔ تنباکو خوردنی ۵ تولہ۔ سنکھیا سفید ایک ماشہ۔ شیر آک بقدر حاجت میں ترکریں۔ کہ باریک مثل سرمہ کے ہو جاوے۔ حفاظت سے رکھیں۔ ترکیب استعمال۔ اول روز آدھی رتی اس میں سے لیکر قدرے عرق بادیان کے ساتھ استعمال کرائیں۔ دوسرے روز ایک رتی دیں۔ غذا وقت چاشت جلیبی و بعد سہ پہر کھچڑی مونگ کم روغن کھلاویں۔ دو روز دوا استعمال کرانے کے بعد دو روز ناغہ کرائیں۔ اور اس درمیانی دنوں میں غذا شوربا و نان گندم کھلاویں۔ اسی طرح دو روز دوائی کھلادیں۔ ترکیب بالا کے موافق اور دو روز ناغہ کریں۔

پیشاب بکثرت ہوگا۔ اور پسینہ بھی بکثرت آویگا۔ اور دنوں میں صحت ہوجاے گی +

(۲) جناب حکیم مولوی نورالدین صاحب بھیروی ثم القادیانی سابق طبیب خاص ریاست جموں و کشمیر

۲ (ل) استسقائے لحمی اور زقی میں کئی بار کا مجرب نسخہ۔ کمیلہ۔ پارہ۔ آملہ سار۔ قنبیل۔ آرد تربد سار۔ و بیخ حنظل۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک قلمی ہر ایک ایک ماشہ۔ جمالگوٹہ مدبر ۲ ماشہ سب دواؤں کو ڈنڈہ تھوہر کے دودھ میں گھسکر چنے کے برابر گولی بناویں۔ ایک صبح ایک شام ہمراہ شیر شتر کے یا بول شتر کے دیں۔ ساوریں نے سات روز تک بجز اونٹ کے دودھ کے کبھی کچھ اور بطور غذا کے نہیں دیا +

۳ (ب) بواسیر خونی کے واسطے۔ مغز تخم بکائن۔ مغز تخم نیم۔ رسوت۔ ہر ایک ۲ ماشہ

کوفتہ کے گولیاں بقدر چنے کے بناویں۔ ایک صبح ایک شام استعمال کریں۔ اور غلبہ ریاح میں کچلہ مدبر ۲ ماشہ۔ بھلاوہ بے کلاہ۔ کنجد ایک ایک ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۳ ماشہ وزن بالا میں زیادہ کیا جاتا ہے +

۴ (ج) ایضاً نسخہ بواسیر خونی۔ رسوت بھنگرہ کے پانی کے ساتھ پیسکر خشک کر کے گولیاں اخروٹ کے برابر یا اس سے کسی قدر کم بناکر مقعد میں رکھیں۔ اور پھر لنگوٹ مضبوط باندھے رکھیں تاکہ کوئی گولی باہر نہ نکل جاوے۔ اس کے استعمال سے جو درد پیدا ہوتا ہے۔ بعد ایک گھنٹہ کے خود بخود جاتا رہتا ہے۔ اور میرا معمول یہ ہے۔ کہ پہلے حوالی مقعد یا تحت القطن میں جونک لگائی جاوے +

۵ (د) ایضاً نسخہ بواسیر خونی۔ ریٹھہ ۳ عدد باریک پیسکر تین حصہ کریں اور ایک حصہ آدمی کے پیشاب میں گھسکر مقعد پر باندھیں۔ ایسے ہی تین روز کریں۔ اور تیسرے روز سرشف ۴ تولہ پاؤ بھر دہی میں ملاکر مریض کو پلادیں +

۶ (ھ) فساد خون اطفال۔ لڑکوں کے اس فساد خون کے واسطے جس میں آتشک کا سا مادہ ہوا کرتا ہے۔ اور بچوں کے سر میں اور بدن پر بشکل ایسی پھنسیاں اور پھوڑے نکلتے رہتے ہیں۔ جن میں رطوبت ہوتی ہے۔ نسخہ ذیل مفید ہے۔

جوہر رسکپور ماشہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ طباشیر ۵ ماشہ باریک سفوف کر کے ۲ رتی ۶ ماشہ گھی میں ملا کر اس میں سے ۳ بوند پلانا اور باقی گھی بدن پر ملکر نہلا دینا میرا تجربہ ہے۔ بہت ہی تھوڑے دنوں میں آرام آجاتا ہے +

۷ (و) عظم طحال یعنی تلی کا بڑھ جانا۔ اشق ۱۰ تولہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔ زراوند مدحرج ۵ ماشہ کتیرا ۲ ماشہ۔ سرکہ ۴ تولہ کے ساتھ پیسکر اور ایک کپڑے پر لیپ کر کے تلی کے اوپر لگادیں اور پھر سینک دیں۔ جس قدر کہ کپڑا اکھڑتا جاوے۔ مقراض سے کاٹ دیا کریں تین دفعہ کے استعمال سے نفع تمام دیتا ہے +

۸ (ز) اسقاط حمل کے واسطے۔ جس عورت کو اسقاط حمل کی عادت ہو۔ اس کو خاکستر پاچک دشتی یعنی صحرائی اوپلے کی راکھ ۲ ماشہ ۴ تولہ بکائن کے پتوں کے پانی کے ساتھ

پہلے تین مہینوں میں ہر مہینے میں ۳ روز کھلانے سے بہت ہی فائدہ دیکھا ہے۔

۹ (ح) آشوب چشم۔ خواہ نزلی ہو یا معدی سب کے واسطے مفید ہے۔ جست کشتہ، سرمہ سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ زنگار۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری۔ سمندر جھاگ ہر ایک ۴ ماشہ سرمہ بنالیں اور استعمال میں لادیں +

۱۰ (ط) مقوی باہ۔ زعفران۔ دارچینی۔ جائفل۔ افیون۔ مشک۔ عقرقرحا۔ شنگرف قرنفل ہر ایک ایک ماشہ۔ مروارید ۲ ماشہ۔ روغن سم الفار ۲ ماشہ گولیاں بنادیں خوراک ایک رتی کاڈ لیور آئل ۱ ابوند کے ساتھ۔ مگر کھانا کھانیکے بعد بہت ہی مفید ہے۔

(۳) جناب علامہ حکیم مولوی غلام حسنین صاحب رئیس الاطبا کنتوری مترجم قانون شیخ الرئیس وغیرہ

۱۱ (ا) وجع الفواد۔ معمولی سی اور کوڑیوں کی دوا ہے۔ مگر بے خطا اور فوراً آرام کرنے والی تین تین چار چار منٹ میں اس سے مریض صحت یاب ہو جاتے ہیں۔

ہیرا ہینگ ایک رتی منقیٰ میں ملا کر گولی بنا کر مریض کو دیویں۔ پانچ منٹ میں آرام ہو جاوے گا +

۱۲ (ب) برائے استسقاء۔ پوست بیخ کرفس۔ پوست بیخ رازیانہ ہر ایک ۳۰ تولہ۔ گیاہ غافث۔ افسنتین رومی۔ مرمکی۔ لک مغسول۔ چرائتہ۔ قسط شیریں۔ ریوند خطائی۔ شگوفہ اذخر ہر ایک ساڑھے دس تولہ۔ رازیانہ۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ مصطگی ہر ایک ۷ تولہ۔ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر کل دوا کے تین حصے کر لو۔ ایک حصہ کو ۱۶ سیر آب گرم میں رات کو بھگو دو۔ صبح نرم آنچ سے چودہ سیر عرق نکال لو۔ پھر اسی عرق میں دوا کا دوسرا حصہ ڈال کر دوسرے روز بارہ سیر۔ اور تیسرے روز تیسرا حصہ ڈالکر دس سیر عرق کشید کر لیا جاوے۔ خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک چندہی روز میں مریض تندرست ہو جاتا ہے +

۱۳ (ج) عمل اکسیر۔ اپنا ہی تجویز کیا ہوا ہے۔ اور ائمہ اثنا عشری کے نام سے اس کا نام بھی اثنا عشری تجویز کیا گیا ہے۔ اور اس کے تیار کرنے میں اس نام سے

برکت حاصل کی گئی ہے۔

شنجرف۔ ہڑتال طبقی۔ گندھک۔ منسل۔ رسکپور۔ دار چکنہ۔ سیسہ۔ جست۔ تانبا۔ پارہ۔ سنکھیا سرخ سب کو پیس کر دھاتوں کے پارہ سے چھلبند کریں۔ سرکہ انگوری۔ زعفران الحدید۔ گیس سرخ ہر ایک ایک ثار۔ سرکہ کے حساب سے ہر ایک ... ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ جب سرکہ سرخ ہو جاوے۔ زلال ایکہ پہلی ادویہ کو اس میں اکیس روز سے ستائیس روز تک پکادیں۔ چھ ماشہ چاندی پر چار رتی دوا چھوڑ دیں ... شمسی تیار ہے۔ اور مریض نامرد کو نصف سے ایک رتی تک کھلادیں۔ قدرت خدا ملاحظہ کریںگے۔ یہ دوا پہلی مرتبہ تیار ہوئی۔ تجربہ کیا۔ درست اتری۔ اور عمل کرنے کے واسطے رکھی۔ بوتل ٹوٹ گئی اور ضائع ہوگئی۔ اس کے بعد کئی بار یہ دوا تیار کی۔ مگر اس رنگ پر نہیں اتری۔ البتہ ہر بار دو تین سو نامردی کے مریض ناقص حالت میں بھی اس سے تندرست ہوئے۔ جسے خدا دے ✣

۱۲ (ے) کشتہ کو پیشاب کے راستہ خارج کرنا۔ اسی دوائی سے ایک تعلقدار رئیس بارہ بنکی نواب گنج مسمی برکت علی کا ۲۷ سال کا کھایا ہوا کشتہ گرایا جا چکا ہے۔ دوائی بالکل معمولی ہے۔ آب برگ مکو سبز۔ آب برگ رام تلسی ایک ایک تولہ آدھ پاؤ پانی ملا کر پلایا کریں۔ سات ... دس روز میں بالکل صحت ہو جاویگی۔ استحان کرنا ہو تو پیشاب کسی برتن میں جمع کرتے جاویں۔ اخیر میں نیچے بیٹھا ہوا نمک نکال لیں۔ شہد۔ سہاگہ۔ گھی یعنی ماء الحیات کے ذریعہ جیسے دیگر زندہ کرکے وزن کشتہ کھایا ہوا کا برابر تول لیں اگر ... بھوت بھی پڑا ہوگا تو صحت ہو جاویگی ✣

(۳) جناب شمس الاطبا حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی خانصاحب سابق ڈاکٹر شفاخانہ اعظمی ایران و ممبر حفظ الصحت مصنف مخزن حکمت لاہور

شاہ ... نافع قویٰ۔ تخم نیواڑ۔ سہاگہ۔ گندھک۔ مردار سنگ۔ کتھ سفید ہر ایک تین ماشہ۔ سنگرف ۲ رتی سب ادویہ کو باریک پیس کر اور باہم ملا کر آدھی چھٹانک ہم

سادہ میں اچھی طرح سے ملا دیں۔

مقام مرض کو صابن اور گرم پانی سے دھو کر خشک کرکے پھر اس پر صبح و شام یہ مرہم لگا دیں چند روز میں انشاءاللہ بالکل آرام ہو جائیگا۔

۱۶ (ب) درد سر کی دوا۔ ایسی ٹائی ڈین ۵ گرین۔ کیفلین سائٹریٹ ½ گرین۔ سوڈیا ئی برومائیڈ ۲ گرین۔ سب کو ملا کر پانی کے ہمراہ کھلا دیں۔ یہ دوا ہر قسم کے درد سر داخلی و خارجی میں اکثر مفید پڑتی ہے۔

۱۷ (ج) علاج حب القرع (کرم کدو دانہ) پہلے مریض کو دو روز تک ہر روز صبح ڈیڑھ تولہ روغن بید انجیر پلائیں۔ تاکہ اس کی انتڑیوں میں سے فضلہ اور بلغم خارج ہو جائے۔ اور غذا صرف شوربا یا یخنی یا دودھ ہونی چاہئے۔

تیسرے روز صبح کو یہ نسخہ دیں۔ ایکسٹریکٹم فیلیسس لیکوئیڈم ایک ڈرام۔ سرپس زنجبیرس چار ڈرام۔ ایکوا سنتھ موبائی دو اونس تک اس ساری دوا کے تین حصے کرکے نصف نصف گھنٹے کے فاصلہ سے ایک ایک حصہ پلا دیں۔ اور آخری حصہ دوا پلانے سے تین گھنٹے بعد ڈیڑھ تولہ کیسٹرائل پلا دیں۔ تاکہ مردہ کرم پیٹ سے خارج ہو جا دیں۔

۱۸ (د) سفوف دافع ذیابیطس۔ گڑے خشک۔ خستہ جامن (یعنی جامن کی گٹھلی) کشتہ قلعی۔ خاکستر مرجان۔ مروارید ناسفتہ۔ گلسرخ۔ گلنار فارسی۔ گل ارمنی۔ تخم کاہو تخم خشخاش سفید۔ اصل السوس مقشر۔ نیلوفر۔ گاؤزبان۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر ایک ایک تولہ۔ افیون خالص ۲ ماشہ۔ سب ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر اور افیون کو سارے سفوف میں ملا کر سب کی ۴۲ پڑیاں بنالیں۔ اور ایک ایک پڑیہ پانی کے ہمراہ صبح و شام دیں۔

۱۹ (ھ) دوائی عظم الطحال۔ نسخہ:۔ لائیکوار فیرائی ڈایالائیسٹائی ایک ڈرام۔ لائکوار آرسینی کیلس ۵ بوند۔ لائکوار سٹرکینینی ۱۰ بوند۔ کوئنین سلفاس ۷ گرین۔ ٹنکچر جنشن کمپونڈ ڈیڑھ ڈرام۔ ایکوا مینتھی پپ ۲۔ اونس تک اس میں سے نصف دوا

صبح اور نصف شام بعد از غذا دیں۔

نوٹ:۔ ایک ہفتہ دوا پلانے کے بعد دو روز کا ناغہ کر دیں۔ دو تین ہفتوں میں انشاءاللہ بالکل آرام ہو جاویگا۔

۲۰ (د) واضع غلظ الجلد (دائق۔ گنٹھ) نسخہ۔ سیلی سلک ایسڈ ۳۰ گرین۔ ایکسٹریکٹ کینابس انڈی کا ۱۰ گرین۔ الکحل ۳۰ بوند۔ ایتھر ½ ۱ ڈرام۔ کلوڈین ۴ ڈرام۔

ترکیب:۔ ایسڈ کو ایتھر میں اور ایکسٹریکٹ کو الکحل میں حل کر کے پھر سب ادویہ کو باہم ملا دیں۔ اور اس میں سے شبانہ روز میں دو تین بار مقام مرض پر لگا دیں۔

(۵) جناب حکیم مولوی احمد سعید صاحب مٹیا برج کلکتہ

۲۱ (ا) حب بخار برائے طفل شیر خواران۔ تخم تلسی۔ الائچی خورد۔ ست گلو ۲-۲ ماشہ پانی میں پیسکر بقدر مونگ کے گولی بنا کر ایک حب صبح شیر مادر میں گھسکر پلا دیں اور اسی طرح شام کو نہائت مجرب نسخہ ہے۔

۲۲ (ب) برائے کھانسی خشک و بخار طفل شیر خوار وغیرہ۔ گل بنفشہ کشمیری تولہ۔ سپستان عناب ہر واحد ۵۰ عدد۔ مغز خیار شنبر ۵ تولہ۔ مویز منقی ۵ تولہ رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ جل جاوے اتار کر ملکر چھانکر ڈیڑھ پاؤ مصری ڈال کر قوام تیار کریں۔ اخیر میں ۲ تولہ ست گلو آمیز کریں۔ دن بھر میں بقدر ۹ ماشہ چند مرتبہ چٹا دیں۔ نہائت مجرب ہے۔

۲۳ (ج) نسخہ برائے قوت باہ۔ تعلب مصری۔ شقاقل۔ بہمنین۔ تودریں۔ موصلین اسارون۔ مصطکی رومی ہر ایک ۶ ماشہ۔ تخم فرنجمشک تولہ۔ دارچینی تولہ۔ مغز فندق ۴ تولہ مغز اخروٹ ۴ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۴ تولہ۔ مغز بادام۔ تار بدستور معروف معجون تیار کریں ایک تولہ صبح ایک تولہ شام استعمال کریں۔

۲۴ (د) طلا دافع۔ سستی مجرب ہے۔ غوک صحرائی خشک ایک عدد۔ انگوزہ تولہ بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ تخم اوٹنگن ۲ تولہ ہمراہ روغن تربت کھرل کر کے گولی بنا کر بطریق مشہور،

پتیں تیار کر کے بوقت ضرورت عمل میں لادیں +

۲۵ (ھ) حب بخار مجرب - کشتہ ابرک سفید ۶ ماشہ - اتیس ۶ ماشہ - ست گلو ۶ ماشہ - طباشیر کبود ۶ ماشہ - دانہ الائچی سفید ۶ ماشہ - کونین آف سلفیٹ ۶ ماشہ ہمراہ لعاب صمغ عربی کے حب بقدر مٹر تیار کریں - صبح و دوپہر و شام ایک ایک حب نوش فرماویں +

(۹) جناب حکیم ڈاکٹر احمد حسین صاحب ایڈیٹر رسالہ الشفا طبیب ریاست سرمور ناہن

۲۶ (ا) ناسور کے لئے - مسور مقشر اور کافور میں روغن زرد و شہد ڈال کر سحق کر کے پتال جنتر کے ذریعہ روغن نکال کر ناسور میں لگائیں - واقعی صدہا انگریزی اور دیسی نسخوں سے زیادہ مفید ہے۔

۲۷ (ب) اوجاع مختلفہ و زخموں میں پرانا عربی نسخہ - مرہم باسلیقون کا اس درجہ مقبول ہوا ہے - کہ اب تک لاکھوں انگریزی ڈاکٹر اس کو استعمال کر چکے ہیں - اور ان کے فارماکوپیا میں بھی موجود ہے +

نسخہ مرہم باسلیقون - سخت ورم کو نرم کرتا ہے - اور پکا کر پیپ نکالتا ہے - اور گوشت جماتا ہے - زفت - راتیانج - موم سفید ہر ایک ساڑھے سات تولہ - گندہ بھروزہ ۱۳ ماشہ روغن زیتون ۱۱ تولہ ۳ ماشہ - موم کو روغن زیتون میں پگھلا دیں - اور باقی دواؤں کو اس میں حل کر کے تیار کریں +

۲۸ (ج) خنازیر اور ورم و ناسور پستان میں برگ لبکھپرہ و برگ ہلیل کا عرق پیاز میں ضماد یا صرف بوٹی پچھی کا ضماد نہایت نافع ثابت ہوا ہے - بڑی بڑی انگریزی ادویات سے آرام نہ ہوا - اور یہ دونوں نسخے اول درجے پر رہے۔

۲۹ (ھ) بتی اچھلنے میں تمباکو کے پتے مناسب مقدار میں پانی میں گھوٹ کر پلانے سے نہایت نفع ہوتا ہے - دوائی برد الساعتہ ہے +

۳۰ (ز) ذیا بیطس - افیون ۱ حصہ - سفوف خستہ جامن - ۲۰ حصہ ملا کر اس کے قرص بنا دیں - ۲ ماشہ کھلانا شکر آنے کو بہت جلد روک دیتا ہے - بارہا تجربہ کیا گیا ہے - افیون کم و بیش کر سکتے ہیں -

(۷) زبدۃ الحکماء جناب حکیم تاراچند صاحب مصنف انتخاب حکمت گجرات

۳۱ (ا) برائے چنبل و ناسور و درد دنداں مجرب - کتھ سفید - پھٹکڑی خام - طوطیا سبز کمبلہ - ایلوا - سفیدہ کاشغری - مرداسنگ ہر ایک ۲ ماشہ - خرمہرہ زرد ۲ عدد جملہ ادویہ کو بہت باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں - اور مسکہ گاؤ ایک سو ایکبار دہوئے ہوئے میں ملا کر رکھیں اور چنبل پر ضماد کر دیا کریں - چند روز میں شفا ہو جائیگی - اور اگر ناسور کہنہ پر بطور مرہم کے لگایا کریں تو عظیم فائدہ ہو گا - اور اگر نسخہ مذکورہ بالا میں مسکہ گاؤ کو ترک کر کے اس کی بجائے قدرے طباشیر کا غور شامل کر لیں اور دانتوں پر ملا کریں تو درد دنداں و حرکت دنداں کو دور کر دیگا +

۳۲ (ب) معجون وجع مفاصل مجرب - مغز بادام ایک تولہ - خروں ایک تولہ - برگ سنا مکی ایک تولہ - سورنجاں شیریں ۶ ماشہ - تربد سفید خراشیدہ ۳۰ ماشہ - شیطرج ہندی ۳ ماشہ - عود ۳ ماشہ - عقرقرحا ۳ ماشہ - ایلوا ۶ ماشہ - مصطگی رومی ۱۰ ماشہ - شہد خالص ۱۵ تولہ - سب کو الگ الگ کوٹ چھان کر ٹھیک ٹھیک وزن کر کے شہد میں ملا دیں - خوراک ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک +

۳۳ (ج) مرض پر سوت - مجیٹھ - سونف - کلونجی - تخم گاجر ہموزن لیکر جوکوب کر کے ان کا جوشاندہ قند سیاہ ملا کر پلانے سے پرسوت والی عورت کا بند خون و نفاس کھل جاتا ہے - چند روز متواتر صبح و شام پلایا کریں - مجرب ہے +

۳۴ (د) رطوبت زنان - خون - دارہلدی - رسوت - چرائتہ - اڑوسہ - ناگر موتھا - بیل گری اور بھلانوہ ان سب ادویہ کو جوکوب کر کے جوشاندہ بنائیں - اور شہد ملا کر پلائیں - اسی طرح چند روز پلانے سے عورت کو بکثرت خون جاری رہنے میں نہائت مجرب ہے - اس کے استعمال سے نہائت بڑھا ہوا پیلا - کالا - گلابی - سرخ - نیلا اور سفید رطوبات کا جاری رہنا بند ہو جاتا ہے - اور درد بھی موقوف ہو جاتا ہے +

(۸) جناب ڈاکٹر محمد شمس الدین صاحب بلاس پور سی

۳۵ (۱) سوزاک کے لئے میرا مجرب و معمول ہے۔ روغن صندل ایک اونس۔ لیکوار پٹیا ایک اونس۔ اسپرٹ ایتھر نائٹروسی ایک اونس۔ اسپرٹ ریکٹیفکیٹن ایک اونس۔ ٹنکچر کارڈمم کو آدھ اونس۔ خوراک ایک چائے کا چمچہ بھر۔ ایک واٹن گلاس بھر پانی کے ایسے دن میں دو یا تین مرتبہ۔ پرہیز تیل۔ ترش۔ مرچ۔ گھوڑے کی سواری وغیرہ +

نوٹ !۔ اگر اس کے ساتھ کوئی پچکاری مثلاً انجیکشن آف میٹیکو یا زنک لوشن وغیرہ کی بھی لی جائے تو بہت ہی جلد فائدہ ہو +

(۹) جناب حکیم مولوی محمد فیروز الدین صاحب مرحوم ایڈیٹر الحکم ایچ پی۔ ایل۔ ایل۔

۳۶ (۱) نسخہ مفتت سنگ گردہ و مثانہ و مخرج آں وریگ آنہا۔ معجون حب القلت۔ ۸ تولہ کو آدھ سیر عرق گلاب خانہ ساز میں ایک دن رات بھگو رکھیں۔ دوسرے روز پکا دیں اور مل چھانکر ایک رطل نبات سفید سے قوام بنا دیں۔ دو عدد زردی بیضہ مرغ کو ایک تولہ روغن بادام میں حل کر کے قوام میں ملا لیں۔ اور بعد ازاں حسب ذیل ادویہ بھی شامل کریں۔ مغز بادام ۴ تولہ۔ پوست خربزہ۔ حجر الیہود ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم کدو ۲ مثقال مغز تخم خیارین۔ مغز پستہ ہر ایک ۲ درم۔ خاکستر عقرب کلاں ۲ عدد۔ عنبر ۲ عدد۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ مشک خالص۔ ورق نقرہ ہر ایک ایک ماشہ۔ خوراک برائے طبیب معہ عرق ذیل۔ گاؤزبان۔ پودینہ۔ زیرہ سیاہ۔ صعتر۔ بیخ کبر۔ بیخ کاسنی۔ بیخ بادیان۔ نانخواہ ہر ایک ۳ تولہ۔ اذخر ۶ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ بادیان۔ دارچینی ہر ایک ڈیڑھ پاؤ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ عنبر۔ مشک ہر ایک ۲ ماشہ۔ علی الرسم ۵ سیر عرق کشید کریں۔ خوراک برائے طبیب۔

(۱۰) جناب حکیم غلام سجاد صاحب اورنگ آبادی بلند شہر

۳۷ (۱) ضیق النفس و ربو و سرفہ کو یہ گولیاں از حد مفید ہیں۔ چند روز کے استعمال سے شافی مطلق صحت کلی عطا فرماتا ہے۔ عقرقرحا ۷ ماشہ۔ پوست انار ۷ ماشہ۔ اجمود ۷ ماشہ

برگ بالنسہ ۷ ماشہ۔ بیخ کٹائی خورد خشک ۷ ماشہ۔ پوست مغیلاں ۷ ماشہ۔ اشخار سفید ۷ ماشہ۔ نمک سانبھر ۷ ماشہ۔ افیون خالص ۳ ماشہ۔ کوٹ پیسکر شیرہ ادرک میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی شام کو ایک صبح کو نگل جایا کریں۔

۳۸ (ب) کحل واسطے موتیابند و دھند و جالا و ڈھلکہ وغیرہ کو بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کشتہ سیسہ کا جو گندھک سے کیا جاتا ہے۔ ایک تولہ۔ مامیرا ۴ ماشہ۔ پھٹکڑی لاہوری ۳ ماشہ۔ سرمہ اصفہانی ۱۰ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۴ سرخ۔ مشک اصیل ایک ماشہ۔ فلفل دراز ۹ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ برگ تلسی ۵ ماشہ۔ گل چنبیلی ۵ ماشہ کف دریا ۳ ماشہ۔ انبہ ہلدی ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ پیسکر حنا کے پانی میں خوب سحق کر کے صبح و شام سلائی سے لگایا کریں۔ انشاءاللہ ایک ہفتہ میں صحت کے آثار ظاہر ہونگے۔

(۱۱) جناب حکیم کریم بخش صاحب آڑہ اکبرشاہ محمود کوٹ

حسب ارشاد اپنے پانچ مجرب نسخے اسرار حکمت جلد دوم کے واسطے ارسال خدمت ہیں۔ یہ میرے اپنے بارہا کے مجرب ہیں۔ اس میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں۔

۳۹ (۱) کشتہ ابرک جو بہت سے امراض میں مفید ہے۔ ابرک سفید ورق ورق کر کے کسی ہلکیا میں ڈالے۔ اور اس میں گھیکوار کا لعاب اتنا داخل کرے کہ وہ اوراق تر بتر ہو جاویں۔ پھر اس کا منہ بند کر کے دس بارہ سیر اوپلوں میں آگ دے۔ اس سے اوراق نرم اور متخلخل ہو جاوینگے۔ بعد ازاں شورہ قلمی عمدہ جو ابرک کے وزن سے ڈیڑھ گنا ہو۔ اتنے پانی میں حل کریں جس میں ابرک کے ورق تر ہو جاویں ان کو شورہ کے محلول میں تر کر کے بدستور ہلکیا میں دس بارہ سیر کی آگ دیں۔ اس سے ابرک بزنگ سفید کشتہ ہو جائیگا۔ اور اس میں چمک باقی نہ رہے گی۔ اس کو باریک پیس لیں۔ اور صاف پانی اتنا ڈالیں کہ ابرک سے چار انگل اوپر رہے۔ دو تین گھنٹے کے بعد باہستگی پانی نتھار لیں۔ اسی طرح چند بار کریں تاکہ ابرک میں شورہ کی نمکینی نہ رہے اور پانی کا ذائقہ تغیر نہ ہو۔ اس کو خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک

ایک رتی سے نصف ماشہ تک۔ تپ گرم کے لئے نقوع تمر ہندی کے ساتھ۔ کھانسی اور تپ کے واسطے خیرہ کاہو کے ساتھ۔ درد شکم کے لئے ماجوائن کے ساتھ۔ قوت باہ کے لئے بیضہ مرغ نیمبرشت کے ساتھ۔ سنگ وریگ گردہ ومثانہ کے لئے مولی کے پانی یا تخم خربوزہ وخار خسک کے شیرہ کے ساتھ دیں۔ بہتر یہ ہے۔ کہ جو کشتہ سنگ دریگ کے لئے استعمال کریں اسے پانی سے نہ دھوویں +

۴۰ (ب) کشتہ شنگرف مقوی باہ۔ اس کشتہ کے بعض اجزا میری ایجاد ہیں۔ تحریک باہ میں نہائت عمدہ ثابت ہوا ہے۔ شنگرف رومی ایک تولہ باریک کپڑے میں پوٹلی باندھ لیں۔ پھر بھلاوہ ایک پاؤ کوفتہ۔ روغن زرد۔ شہد ہر ایک ایک پاؤ باہم ملا کر کڑاہی میں داخل کریں۔ اور کڑاہی کے دونوں گوشوں پر لکڑی باندھکر شنگرف کو کسی آہنی یا مسی تار کے ذریعہ اس لکڑی سے کڑاہی کے وسط میں اس انداز سے لٹکا دیں کہ ادویہ کے درمیان کڑاہی کے پیندے سے کسی قدر اوپر رہے۔ اس کے نیچے آگ جلاتے رہیں۔ تاکہ ادویہ جل کر دھواں نکلنا موقوف ہو جاوے۔ پھر شنگرف کو نکال کر گوشت کے قیمہ میں جو بقدر چھٹانک کے ہو ملفوف کرکے روغن زرد میں بریاں کریں۔ اسی طرح کم از کم سات بار تشویہ کرکے شنگرف کو باریک پیس لیں۔ اور ٹنکچر نکس وامیکا اور ٹنکچر کن تھریڈس کے ہمراہ جو ہر ایک بقدر ایک شارک کے ہو کھرل کرکے جب خشک ہو جاوے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اس کی خوراک بقدر ایک سرخ ہے۔ مکھن میں یا حلوا کے ساتھ حسب مزاج کھلائیں۔ ایک ہی روز میں غالباً اپنا فائدہ کرتا ہے +

۴۱ (ج) دوائی بواسیر اس دوا سے بواسیر کی بیخ کنی تو نہیں ہوتی۔ لیکن اس کے کھانے سے کچھ عرصہ آرام رہتا ہے۔ تخم بکائن۔ تخم نیم۔ خربق یعنی کٹکی۔ زیرہ سیاہ کچور۔ سخر۔ چاکسو ہر ایک ایک تولہ باریک کرکے سفوف بنائیں۔ اور چھ حصہ کریں۔ ہر روز ایک تولہ ریتہ عمدہ رات کے وقت پانی میں تر کرکے رکھد یا کریں۔ صبح کو اس کا زلال لیکر ایک حصہ سفوف اس زلال کے ہمراہ نگل جاویں۔ اسی طرح چھ روز

استعمال کریں۔ تقریباً پانچ چھ ماہ تک آرام رہیگا۔ روغن زرد کا زیادہ استعمال چاہئے گرم اور غلیظ چیزوں سے پرہیز لازم ہے۔ دوا کی یہ خوراک قوی مرض کے لئے ہے۔ جب کہ مریض بھی اس کا متحمل ہو۔ ورنہ حسب مناسب مزاج خوراک کم کی جاسکتی ہے۔

۴۲ (د) دافع بریان۔ تخم تشمیزج نیم پاؤ کوٹ کر مقشر کریں۔ ان کو رات کے وقت شبہر گاؤ میں تر کر کے رکھدیں۔ صبح کو ڈنڈے کونڈے میں اچھی طرح رگڑ کر خشک کریں۔ اور ہموزن مصری شنگرفی ملا کر رکھدیں۔ صبح شام ایک کف دست دودھ کے ساتھ کھاتے رہیں۔ مجرب ہے +

۴۳ (ہ) برائے طحال مجرب۔ جوہر پودینہ۔ روغن بادیان خالص ہر ایک ایک ماشہ کھرل انگریزی میں حل کر کے اس میں مگنیشیا سلفاس یعنی سائٹ ساڑھے سات تولہ ڈال کر اچھی طرح رگڑیں۔ پھر سب کو پانی میں حل کر کے بوتل میں داخل کریں۔ بعد ازاں کونین خالص ایک ماشہ۔ تیزآب گندہک مکرر عرق میں حل کر کے بوتل میں داخل کریں۔ بوتل کو پانی سے پر کریں۔ اور اخیر میں فری ایٹ کونین سائٹراس ۲ ماشہ ڈال دیں۔ اس بوتل کو صبح شام بعد غذا ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ روغن زرد اور دودھ بکثرت استعمال کرنا چاہئے۔ انشاءاللہ تعالےٰ بہت جلد فائدہ ہوگا۔ طحال رد گئے کے لئے یہ بہترین دوا ہے۔ اور بسبب جدت نفع ایک روپیہ فی بوتل فروخت ہوتا ہے۔ مجرب ہے +

(۱۲) ابوالحکم جناب حکیم مولوی عبدالقادر صاحب رضا سہارنپوری

۴۴ (ا) اکسیر پیپہ۔ پیسہ ڈھیبو شاہی جو تخمیناً ڈیڑھ تولہ کا ہوتا ہے۔ لیکر پترہ باریک بنا کر اور ہموزن پیسہ مذکور کے گندہک آملہ سار لیکر خون بچہ مرغ سیاہ میں سحق کریں۔ جو وقت ذبح کے نکلتا ہے۔ اور پترہ مذکور پر سب کا سب لیپ کر کے بوتہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر کی آنچ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکالیں سیاہ رنگ ہوگا۔ پیسکر ہموزن اس کے شہد۔ سہاگہ رگھی ملا کر چرخ دیں مس مصفیٰ برآمد ہوگا بعدہٗ یہ مس مصفیٰ تین ماشہ۔ سیم خالص ۶ ماشہ اور طلائے خالص ۷ ماشہ ایک جگہ کر کے

چرخ دیں۔ بازار میں بیس روپیہ کے نرخ سے بک جائیگا +

(۱۳) جناب ڈاکٹر مرزا عبدالقدوس صاحب بھائی پر دلو

۴۵ (ا) بہت سی امراض کے لئے ایک ہی مجرب تیر بہدف نسخہ یتھیمال (جوہر اجوائن) منتھال (جوہر پودینہ) کافور۔ کاربالک ایسڈ (کرسٹیل نہیں چاہیئے) کلوروفارم خالص جوہر نوشادر اور زعفران محلول۔ بس جتنے کہ اس قسم کے نسخہ جات ہیں۔ وہ سب اس کے آگے ہیچ ہیں۔ مناسب بدرقہ سے اس کو آزمائیں اور دیکھیں۔ سب اوجاع کو بفضل ہر کام دیتا ہے +

(۱۴) ایم بی ڈاکٹر و حکیم میر امداد علی صاحب مرحوم ایم۔ آر۔ اے۔ ایس۔ آف لنڈن

۴۶ (ا) مقوی باہ۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ عجیب الخواص اور لذیذ حلوا صفت مغز گندر۔ نار۔ خرما نیم نار۔ شیر گاؤ ۲ انار۔ آرد نخود بریاں ۵ درم۔ نشاستہ ۵ درم روغن زرد ۹ تولہ۔ نبات انار۔ شہد خالص نیم نار۔ زردہ بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ مغز بادام مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۱۰ درم تعلب خارخسک۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ خولنجاں ہر ایک ۳ درم۔ زعفران ایک درم۔ مشک نیم درم۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ ورق طلا ۱۰ ماشہ بدستور معروف حلوا بنا دیں خوراک ۵ درم تک +

۴۷ (ب) مغلظ منی۔ دافع سرعت و رقت۔ مغز تخم تمر ہندی صمغ ڈھاک۔ ثعلب ہر ایک ۳ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۹ ماشہ۔ نبات سفید ۳ تولہ۔ روغن زرد ۵ تولہ۔ اول نشاستہ کو بریاں کریں۔ بعدہ ادویات ڈال کر مصری کی چاشنی ملا کر حلوا بنا دیں اور ایک یا دو خوراک کریں۔ استعمال پر فوائد معلوم ہونگے۔ قدرتی امساک پیدا ہوگا +

(۱۵) ابوالحذق جناب حکیم سید مظفر علی صاحب سہسوانی مصنف تزوینۃ المنظما والظالطہ وغیرہ

۴۸ (ا) نسخہ برائے مجلوق۔ فرفیون ۲ ماشہ۔ کندش ۳ ماشہ۔ عقرقرحا ۲ ماشہ۔

حلتیت خالص ۳ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ ۹ عدد۔ زفت رومی ۳ ماشہ۔ سب دواؤں کو شراب برانڈی میں کھرل کرکے سیون اور حشفہ اور خصیہ کو بچاکر نیم گرم لیپ کریں تین شب متواتر اور بعد اس کے ۴ یوم تک شراب خالص کا طلا کریں۔ انشاء اللہ صحت کامل ہوگی اور ایسا قوی ہوجائیگا کہ صحت میں بھی نہ ہوگا۔ بارہا کا مجرب ہے۔ جو صاحب اس سے فائدہ حاصل کریں۔ وہ میرے مکرم دوست حکیم محمد عبدالعزیز صاحب کامل کا شکریہ ادا کریں کہ جن کے زیادہ اصرار سے میں اس کے ظاہر کرنے پر مجبور ہوگیا +

۴۹ (ب) نقرس اور عرق النساء کا حکمی اور مجرب نسخہ۔ آدمی کی ہڈیوں کی راکھ ۳ ماشہ علی الصبح ہمراہ عرق بادیان تین یوم متواتر کھائیں۔ مگر بیس سال سے کم عمر کا آدمی ایک ماشہ اور بیس سے تیس تک ۲ ماشہ استعمال کرے +

(ج) حبوب دافع لرزہ۔ کافور خالص۔ گیرو تولہ تولہ۔ خاکستی ۳ ماشہ ان سب کو پیسکر بڑے چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور ۲ گولی ہمراہ شیرہ مکو لرزہ آنے سے دو تین گھنٹہ قبل کھالیں۔ انشاء اللہ اس روز لرزہ نہ آئیگا +

(۱۹) جناب حکیم مولوی سید محمد عبدالعزیز صاحب عاجز بھوپالوی

۵۰ (ا) صداع چاہے کسی سبب سے ہو نکچھکنی بوٹی کو پل کر ناس لیں۔ اور پانی یا شیر گوسفند میں پیسکر پیشانی پر ضماد کریں۔ درد کافور ہوجاتا ہے۔ مغز اکی جگہ میں ٹہلنے سے بھی درد جاتا رہتا ہے +

۵۱ (ب) شقیقہ جس جانب ہو نمک طعام آب شیریں میں گھول کر اس طرف کے ناک میں سڑک جائیں۔

۵۲ (ج) سرسام صادق میں دماغ کے بال استرہ سے صاف کرکے جو بریاں کا آٹا سرکہ جامن میں لت کرکے چار انگل کے حلقہ سے دماغ پر گول آٹے گوندھے ہوئے سے بنادیں۔ اور روغن گل، سرکہ جامن، روغن تخم کدو دو دانہ ہر ایک مساوی خوب ملاکر کل کا نصف سپیدی بیضہ مرغ ڈال کر دیسی کپڑہ کی چند تہ بناکر اس میں بھگو لیں اور متواتر سر پر رکھتے جائیں کہ خشک نہ ہونے پائے۔ نہایت سریع الاثر ہے +

۵۳ (د) صرع میں لجولی بوٹی مرچ سیاہ برابر سفوف پارچہ بیز بنالیں۔ نوبت کے وقت چند بار ناکوں میں پھونک دینے سے فوراً ہوش آجاتی ہے۔ اگر ایک ہفتہ تک روزانہ صبح کو تین رتی ناس لے لیا کریں تو صحت کلی ہو جائے۔

۵۴ (ھ) ضعف بصر عرق بھنگرہ سیاہ صبح کے وقت آنکھوں میں لگانے سے بینائی قوی ہو جاتی ہے۔

۵۵ (و) سل۔ اروی دراز کی ترکاری دھنیا پیاز دیگر گھی میں پکی ہوئی ایک چلہ تک کھانے سے مرض سل دور ہو جاتا ہے +

۵۶ (ز) ذات الجنب میں رائی شیر گو سفند میں پیسکر مساوی موم زرد ڈال کر آگ پر چلاتے جائیں۔ جب خوب مل جائے۔ بقدر برداشت ریشمی کپڑا پر لگا کر لگانا مفید ہے +

۵۷ (ح) ہیضہ میں مویز منقی ۲ جزو۔ موم زرد ایک جزو سفوف زہر مہرہ خطائی ۲ جزو ہر سہ عرق گلاب میں حل کر کے مٹر کلاں کے مقدار گولیاں بنا کر نگاہ رکھیں دو دو گھنٹہ پر عرق گلاب سے ایک حب دینا سریع الاثر ہے +

۵۸ (ط) بواسیر کے واسطے برگ گیندا ہزارا۔ برگ بھنگرہ سیاہ۔ برگ مہندی۔ ہر ایک مساوی سل پر پیسکر چہارم حصہ سفوف مرچ سیاہ دیکر مٹر کے مقدار گولیاں بنالیں۔ صبح شام ایک حب آب تازہ سے مجرب ہے +

۵۹ (ی) سوزاک۔ بادیان۔ سیوار دریائی۔ موچرس۔ دانہ الائچی خورد۔ دھومن سپید مساوی الوزن کوٹ چھانکر چھ ماشہ نہار ایک چلہ آب تازہ سے معمول رکھیں بے خطا ہے +

۶۰ (ک) کمی شہوت۔ صبح کو ایک چلہ تک سفوف موصلی سفید ۲ تولہ۔ آدھ سیر شیر گاؤ میں جوش دیکر جب گاڑھا ہو جائے۔ ایک چھٹانک شہد خام ملا کر استعمال کریں +

۶۱ (ل) درد۔ گھیکوار کے گودے میں قدرے سفوف دارہلد چھڑک کر شیر گرم باندھنے سے ہر قسم کا درد جاتا رہتا ہے +

۶۲ (م) خارشت کافور کو گائے کے گھی میں لگانے سے ہر قسم کی خارشت دفع ہو جاتی ہے۔ مگر گوشت۔ دودھ۔ بینگن۔ تیل سے پرہیز چاہئے۔

۶۳ (ن) ورم طحال۔ نمک کھاری۔ نمک سیچی۔ جواکھار۔ نمک سیاہ ہر چہار مساوی دار ہلد۔ مرچ۔ رائی ہر سہ چہار گونہ کوٹ چھان کر مع از دیاد مویز منقی رائی کے مساوی سرکہ تاڑی میں حل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنا کر خشک کر لیں۔ صبح نہار ایک گولی منہ میں توڑ کر آب نیم گرم سے گھونٹ جائیں۔ اور ۵ منٹ بائیں کروٹ لیٹے رہیں۔ بہت جلد ورم طحال تحلیل ہو جاتا ہے۔

۶۴ (س) حمی۔ پھٹکڑی کھیل کی ہوئی۔ مصری کالپی۔ عرق لکر وندہ برابر حل کر کے دھوپ میں ڈال دیں۔ جب خشک ہو جائے پھر حل کر کے شیشی میں رکھ چھوڑیں صبح شام تین ماشہ لعاب دہن سے بلع کر جائیں۔ ہر قسم کے تپ کو مفید ہے۔

۶۵ (ع) احراق نار وغیرہ۔ نمک طعام ایک جزو شکر سرخ ۲ جزو۔ دو چند پانی میں ڈال کر عضو محرک کو اس میں رکھیں نہایت نافع ہے۔

۶۶ (ف) جذام۔ برگ مہندی۔ پوست نیم۔ گل منڈی۔ پوست سرس۔ بھنگرہ سیاہ۔ باویان ہر ایک برابر لیکر خوب کوٹ لیں۔ اور ایک خوانچہ میں پھیلا کر شب کو شبنم میں دن کو سایہ میں رکھیں۔ ایک ہفتہ کے بعد دہ گونہ آب باراں یا آب دریا ڈال کر قرع انبیق میں عرق کشید کریں۔ روزانہ صبح کو پہلے ۱ ماشہ گھیکوار کا گودہ مرچ سیاہ کے ساتھ کھا کر اوپر سے دو چھٹانک عرق پی لیا کریں۔ تین مہینے متواتر استعمال کر لینے سے صحت کلی ہو جاتی ہے۔ استعمال گھی کثرت سے۔ پرہیز ترشی۔ گوشت۔ بینگن۔ کدو۔ مدور سے۔ گھیکوار کے گودہ میں نمک مل کر کے دھوڈالنے سے تلخی اور بدبو جاتی رہتی ہے۔

۶۷ (ص) برص۔ سم الفار کی راکھ۔ بھنگرہ سیاہ۔ لکر وندہ سرخ۔ مرچ سیاہ کی راکھ نکچھکنی بوٹی۔ سنکھیری بوٹی۔ کوٹنے کی جو چیزیں ہیں انہیں کوٹ چھانکر وزن ہر ایک کا مساوی چاہئے۔ قند یعنی دیسی کھانڈ میں کنار دشتی کے برابر گولیاں بنا کر خشک

کر رکھیں۔ صبح ایک گولی آب گرم سے استعمال کرنی چاہئے۔ پرہیز دودھ دہی اور ترشی سے۔

۶۸ (ق) زخم۔ پوست خشک درخت پیپل۔ موچرس۔ سنبل مساوی الوزن سفوف پارچہ بیز بناکر روغن اسی میں لگانے سے پرانا ناسور چند دنوں میں مندمل ہوجاتا ہے +

(مولف رہنمائے صحت)

(۱۷) جناب حکیم منشی محمد عبد الصمد صاحب ناگپوری

۶۹ (۱) سفوف نافع ادرار طمث۔ گوند پلاس ۱۰ تولہ۔ میدہ لکڑی ۲ تولہ۔ بیکھان بید ۲ تولہ۔ تج۔ مائیں خورد۔ مائیں کلاں۔ مازو سبز ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی مقشر۔ گوکھرو خورد۔ سنگھرا حسنت۔ طباشیر سفید ہر ایک ۱۰ تولہ سفوف بناکر ۶ ماشہ یا زیادہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ علی الصبح کھادیں +

۷۰ (۲) حب پرسوت۔ زعفران ایک ماشہ۔ نارجیل دریائی ۲ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ جوزبوا ۲ ماشہ۔ پپیتا ۲ ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ جند بید ستر ۲ ماشہ۔ دارچینی ۴ ماشہ۔ تریاق فاروق ۴ ماشہ۔ کبابہ ۴ ماشہ۔ اگر غرقی ۴ ماشہ۔ گائے روہن ۴ ماشہ۔ فادزہر حیوانی ۴ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ عدد۔ ورق طلا ۴ عدد۔ سب کو باریک پیس کر پان کے رس میں حل کرکے گولیاں بقدر نخود بناکر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ بیڑہ پان مصالحہ دار کھادیں +

۷۱ (۳) ایضاً۔ فادزہر معدنی ½ ماشہ۔ گائے روہن ½ ماشہ۔ اگر غرقی ½ ماشہ۔ سنبل الطیب ½ ماشہ۔ فادزہر حیوانی ½ ماشہ۔ درونج عقربی ½ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ دارچینی۔ کہربائے شمعی۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ جند بید ستر ہر ایک ½ ماشہ۔ زعفران نیم ماشہ سب کو پیس کر بقدر نخود گولیاں بناکر ہر روز ایک گولی ہمراہ عرق گلاب ایک تولہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ کے کھائیں +

۷۲ (۴) سفوف افراط طمث و منجمد منی۔ سورانیہ ۱ تولہ۔ گل لپتہ ۶ ماشہ۔ موسیبول ۱ تولہ موچرس ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری تولہ۔ شقاقل ۶ ماشہ۔ ستاور ۶ ماشہ۔ موصلی سپید ۶ ماشہ

گل سرخ ۶ ماشہ ۔ صمغ عربی ۹ ماشہ ۔ تالمکھانہ تولہ ۔ چنیا گوند ۶ ماشہ ۔ گل ارمنی ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ نشاستہ ۶ ماشہ ۔ خارخسک خورد ۶ ماشہ ۔ بیج بند ۶ ماشہ ۔ مغز تخم تمرہندی مقشر ۳ تولہ ۔ نبات سفید ۱۱ تولہ ۔ سفوف بناکر ۶ ماشہ یا ۹ ماشہ یا ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیں ؛

ط ۷۳ (۵) ایضاً ۔ کہربائی شمعی ۔ مرجان سوختہ ۔ طباشیر ۔ صمغ عربی ۔ پوست انار ۔ سپاری چھالیہ ۔ نوالکھیر ۔ کنجہ سفید ۔ مائیں خورد ۔ مائیں کلاں ۔ سعد کوفی ۔ مازو ۔ موچرس ۔ گوند ڈھاک پوست درخت مولسری ہر ایک ایک تولہ ۔ مصطگی ۶ ماشہ سفوف بناکر ۴ ماشہ یا ۹ ماشہ صبح اور شام شیر گاؤ یا آب تازہ کے ساتھ کھا دیں ۔

ط ۷۴ (۶) ایضاً ۔ گلنار ناشگفتہ ۔ گل پتہ ۔ مازو سبز ۔ مائیں خورد ۔ گل دھاوا ۔ گیرو ہر واحد ایک تولہ ۔ سفوف بناکر ۹ ماشہ صبح کھالے اوپر سے شیرہ دانہ خشخاش ۶ ماشہ شکر ملا کر پی لیں ۔ غذا دال مونگ مرغن وخشکہ ۔

ط ۷۵ (۷) سفوف بچوں کے رفع قبض کے لئے ۔ بادیان ۲ ماشہ ۔ برگ سنائکی ۲ ماشہ ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۲ ماشہ ۔ پودینہ خشک ۲ ماشہ ۔ تربد سفید ۲ ماشہ ۔ زنجبیل ۴ سرخ ۔ نمک سیاہ ۴ سرخ ۔ سب کو پیس کر سفوف بناکر ۱۰ ماشہ شیر مادر میں حل کرکے پلا دیں ؛

ط ۷۶ (۸) بچوں کے ہاضمہ بدہضمی اور دستوں کے لئے ۔ بادیان ۴ ماشہ ۔ کیور کچری ۳ ماشہ زیرہ سفید ۲ ماشہ ۔ زیرہ سیاہ ۱ ماشہ ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ ۔ پودینہ خشک ۳ ماشہ ۔ انار دانہ ترش ۲ ماشہ سفوف بناکر ہمراہ شیر مرضعہ کے قدرے کھلا دیں ۔

ط ۷۷ (۹) اسہال اطفال جو دانت نکلنے کے وقت آتے ہیں ۔ زیرہ سفید بریاں ۳ ماشہ ۔ الائچی خورد بریاں ۲ عدد ۔ گلنار دہن بستہ ۴ سرخ ۔ کونپل برگ نرم ببول ایک ماشہ سب کو آب دوب سفید یا آب خالص میں پیس کر یا آب سنشتہ برنج میں پیس کر قدرے پلا دیں ۔

ط ۷۸ (۱۰) دواء اسہال اطفال جو بسبب ضعف معدہ کے آدیں ۔ سہاگہ تیلیہ بریاں ۱ ماشہ ادرک کی رس ۲ ماشہ میں حل کرکے گولیاں بقدر دانہ مونگ بناکر صبح وشام ۲ گولیاں کھلا دیں ؛

۷۹ (۱۱) گھٹی مجرب المجرب۔ بچوں کے اکثر امراض مثل ڈبہ، قبض، بخار، کھانسی، درد شکم وغیرہ کے لئے نافع۔ بادیان ۱ ماشہ، گاؤزبان ۲ ماشہ، برنج ۳ ماشہ، بادکنبہ ۱ عدد، مرو، پھلی ۲ سرخ، عناب ایک عدد، سپستان ۱ عدد، نمک سیاہ ۱ سرخ، نبات سفید ۱ ماشہ، برنگ کابلی ۱۰ عدد، گل بنفشہ ۱ ماشہ، مغز فلوس خیارشنبر ۶ ماشہ، صبر سقوطری ایک سرخ، سنا مکی ۱ ماشہ، تخم خطمی ۱ ماشہ، ریکا سوفی ۲ ماشہ، بوبھیلی ۱ سرخ، نانخواہ ۲۰ عدد، پرسیاوشاں ۲ سرخ، انجیر زرد نیم عدد، مویز منقی ۲ عدد، سب کو عرق ۔ منی ۵ تولہ، عرق بادیان ۵ تولہ یا آب خالص میں جوش دیکر تھوڑے تھوڑے صبح و شام پلاویں۔ یہ نسخہ ۷ یا ۸ خوراک ہے۔ ایک دو خوراک کافی ہے۔

۸۰ (۱۲) قلاع اطفال یعنی بچوں کا منہ آنا۔ سہاگہ کھیل شدہ شہد میں ملا کر انگلی سے لگاویں یا ذرور۔ طباشیر، کتھہ سفید، دانہ ہیل پیسکر لگاویں یا گاؤزبان سوختہ، آردجو بریاں پیسکر منہ میں چھڑکیں۔ یا طباشیر، کتھہ، الائچی پیسکر منہ میں چھڑکیں +

۸۱ (۱۳) سعال اطفال۔ کاکڑا سنگی شیر مادر میں حل کرکے پلاویں یا خستہ، ملیلہ یا چھچھی ملکا کو جلا کر شہد ملا کر یا نمک ملا کر کھلاویں۔ شہد کو تھوڑے نمک کے ساتھ آگ پر رکھیں۔ جب مروق ہو جاوے زبان لیکر تھوڑے پلاویں یا عرق برگ اڑوسہ، عرق ادرک، شہد ملا کر تھوڑے کاکڑا سنگی و دارفلفل پیسکر ملا کر چٹاویں یا صرف رب السوس دودھ میں حل کرکے دیں۔ یا برگ پان بنگلہ یا اجوائن چراغ کے اوپر گرم کرکے چاب کر لعاب اس کا دہن طفل میں ڈالیں +

۸۲ (۱۴) لعوق نافع سرفہ اطفال و خرخرہ سینہ و تپ بلغمی۔ کاکڑا سنگی ایک تولہ، انس السوس ۳ ماشہ، مویز منقی ۱۵ دانہ، پیسکر شہد میں ملا کر چٹاویں۔

۸۳ (۱۵) قے صفراوی اطفال کے لئے۔ زرشک، سماق، پودینہ، فلفل سیاہ، نمک طعام پیسکر چٹاویں یا طباشیر، کیوڑہ، دانہ ہیل پیسکر شیرہ منعنع میں حل کرکے چٹاویں +

۸۴ (۱۶) پودینہ کا عرق، کھٹے میٹھے انار کا عرق چاندی کے برتن میں جوش دیکر جب نصف رہے مصری ملا کر پلاویں +

۸۵ (۱۷) عمل مجرب واسطے ہر حالت کے۔ ترکیب۔ عمل کو سنیچر کے روز قبل از طلوع آفتاب شروع کرے۔ اگر عمل قبل از طلوع آفتاب کے شروع کرے اور بعد کچھ دیر کے سورج نکل آوے تو کوئی ہرج نہیں ہے۔ عمل پڑھتے وقت ایک دو عود بتی سلگا دے اور جو مطلب و حاجت ہو پہلے یعنی اول سنیچر کو خدا سے دل میں مانگے اور عمل شروع کرے۔ عمل پڑھتے وقت اون کا کپڑا یا ٹوپی یا اور کسی قسم کا لباس جس میں اون کی آمیزش ہو نہ پہنے۔ عمل پہلے روز ستر بار پڑھے۔ اور ہر روز دس بار کم کرتا جاوے جمعہ کو دس بار پڑھنے کی نوبت آویگی۔ پھر سنیچر سے ۷۰ بار شروع کرے اور ہر روز دس بار کم کرتا جاوے۔ سات ہفتہ تک پڑھ کر چھوڑ دینا چاہئے۔

عمل یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین	یا حیُّ یا قیوم
الرحمٰن الرحیم	یا رؤُفُ یا عطوفُ
مالک یوم الدین	یا علام السرائرُ یا مقلِّبُ القلوبُ
ایاک نعبد و ایاک نستعین	یا قریبُ یا قریبُ یا قریبُ
اہدنا الصراط المستقیم	یا قادرُ یا مقتدرُ
صراط الذین انعمت علیہم	یا علیمُ یا حکیمُ
غیر المغضوب علیہم و الضالین	یا قاہرُ یا عزیزُ یا مجیبُ

آمین

۸۶ (۱۸) ضعف معدہ اطفال۔ نوشدارو۔ سفوف ارسطا طالیس یا سفوف پوست اندرون سنگدانہ خروس مصری کے ساتھ دیں۔ یا یہ سفوف دیں۔ بادیان۔ پودینہ۔ دانہ ہیل۔ زیرہ۔ زرنباد۔ عود ہندی۔ مصطگی۔ نمک سیاہ یا نبات ملا کر قدرے کھلادیں +

۸۷ (۱۹) سفوف مقوی معدہ و ہاضمہ و ضعف معدہ۔ دانہ الائچی ۹ ماشہ۔ بادیان ۹ ماشہ۔ زیرہ سفید ۹ ماشہ۔ آملہ منقی ۹ ماشہ۔ کشنیز خشک ۹ ماشہ۔ پودینہ خشک ۹ ماشہ

سہاگہ بریاں ۲ ماشہ۔ سفوف بناکر نبات سفید ۲ تولہ ملاکر بحسب سن و سال دیں۔ اگر قبض ہو تو نمک سیاہ ۲ ماشہ اضافہ کریں +

۸۸ (۲۰) سیلان منی زناں، تالمکھانہ۔ خار خسک۔ سنگھاڑہ خشک۔ موصلی سفید۔ پوست کچنال ہر ایک ۴ ماشہ۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ نج۔ ثعلب مصری۔ اندر جو شیریں۔ سنبل الطیب۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری زرد۔ تودری سفید۔ مصطگی۔ شقاقل مصری طباشیر۔ پودینہ خشک۔ پوست درخت مولسری۔ پوست درخت جھربیری۔ سعد کوفی بزرالبنج۔ تخم خشخاش۔ پوست درخت ببول۔ موچرس ہر ایک ۲ ماشہ۔ شکر مساوی ہمہ ادویہ سفوف بناکر ا تولہ یا ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ کے کھاویں +

۸۹ (۲۱) خارش خشک۔ روغن یاسمین۔ روغن گل۔ گلاب قسم اول۔ آب لیموں باہم ملاکر خوب کف مال کریں کہ سفید ہو جاوے۔ شب کو مالش کر کے صبح سرکہ اور سبوس گندم ملکر غسل کریں۔ اگر قدرے عطر گلاب اضافہ کریں۔ تو معطر ہو جاتا ہے۔ اور کبھی واسطے قوت دوا کے قدرے نیلہ تھوتھا بریاں اور ۳ یا ۶ ماشہ سہاگہ خام اضافہ کیا جاتا ہے +

۹۰ (۲۲) سلطان العرق ہاضم طعام۔ عرق سیرہ تولہ۔ عرق ادرک ۱۰ تولہ۔ نوشادر ۴ ماشہ نمک طعام ۲ ماشہ۔ نمک لاہوری۔ زنجبیل۔ فلفل گرد ۶-۶ ماشہ سب کو پیسکر شیرہ نکالکر آفتاب میں رکھیں اور قدرے پانی ملاکر پئیں +

۹۱ (۲۳) مرہم سوختگی آتش کے لئے بعید یل۔ آب آہک۔ روغن السی یا روغن زیتون یا روغن کنجد ہموزن خوب ملاکر زخم پہ لگایا کریں +

۹۲ (۲۴) جب چاہیں کہ دست بغیر کھلانے کسی دوا کے بند کریں تو چاہئے کہ ہاتھ پاؤں اور منہ ٹھنڈے پانی سے دھلوائیں +

۹۳ (۲۵) قے لانا مطلوب ہو تو تھوڑا تھوڑا گلاب گرم کر کے پلاویں۔

۹۴ (۲۶) مسہل لطیف۔ سونف اور گلاب کی کلیاں بقدر چھ چھ ماشہ لیکر جوش دیکر شکر ملاکر پلاویں۔ دو تین دست آوینگے۔ یا تمر ہندی ۳ تولہ رات کو بھگو کر صبح

زلال لینگر تھوڑا نمک لاہوری ملا کر پلا دیں۔ اس سے بھی ایک دو دست آ جاتے ہیں۔

۹۵ (۲۷) ہیضہ۔ عرق ادرک دو پیسہ بھر نکال کر لیمو کا رس اس میں ڈال کر اور چار پانچ
ماشہ نمک لاہوری ملا کر پلا دیں۔

۹۶ (۲۸) خفقان و اختلاج قلب۔ مفرح دلکشا۔ مقوی قلب۔ دوحش و خفقان وسکن
عطش والتہاب معدہ مجرب۔ گل سرخ۔ طباشیر سفید۔ بہمن سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ گاؤزبان
کشنیز خشک۔ صندل سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز تخم خیار ۴ ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۱ تولہ
تخم خرفہ ۴ تولہ۔ زرشک ۴ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ شکر ۳۰ تولہ۔ عرق گلاب نیم ثار۔ عرق
بیوڑہ نیم ثار بدستور معمول قوام کر کے سفوف ادویہ ملا کر مفرح بنا دیں۔ خوراک ۵ ماشہ سے
۹ ماشہ تک صبح و شام۔

۹۷ (۲۹) اطریفل کشنیزی مزعفر۔ خفقان مادی و منع صعود ابخرات معدہ و تقویت
دل و دماغ و معدہ و دل و درد سر و دوران سر و سوزش دماغ کے لئے مجرب۔ پوست ہلیلہ
زرد ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۶ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۶ ماشہ۔ آملہ ۶ ماشہ۔ گل سرخ
۹ ماشہ۔ تخم خشخاش ۹ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۶ ماشہ۔ کشنیز خشک ۴ تولہ۔ سفوف بنا کر
شکر سفید ۶ تولہ۔ عسل مصفیٰ ۸ تولہ۔ زعفران ۴ سرخ۔ عرق گلاب ۴ تولہ حل کردہ بعد سرد
ہونے قوام کے سفوف ادویہ ملا کر اطریفل بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ صبح نہار ہمراہ عرق
گاؤزبان ۳ تولہ یا آب تازہ۔

۹۸ (۳۰) جوارش شاہی واسطے خفیف حرارت کے جو باعث تبخیر ہوتی ہے۔ اور توحش
اور حرکت دل کے نہایت مفید۔ ہلیلہ مربی پاؤ سیر۔ سیب مربی ۲۰ تولہ۔ آملہ مربی ۲۰ تولہ۔
عرق گلاب نیم ثار۔ عرق گاؤزبان ایک سیر میں سب کو جوش دیکر کھرل میں پیسکر چھان
لیں اور شکر سفید ایک سیر ڈال کر قوام کریں۔ جب قوام تیار ہو جاوے بعد سرد
ہونے کے طباشیر سفید ۹ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۶ ماشہ۔ فرنجمشک ۶ ماشہ۔ گل سیوتی ۶ ماشہ
مرجان احمر حل کردہ ۹ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۹ ماشہ۔ تخم خرفہ تولہ۔ کشنیز خشک ۶ ماشہ
سب کو باریک پیسکر چھان کر قوام میں ملا دیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔

99 (۳۱) جرب۔ مرہم مجرب خارش تر۔ گنج۔ گجاپن اور ہر قسم کے زخموں کے لئے اول ہی روز سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ اور دو تین روز میں بالکل شفا ہو جاتی ہے۔ سہاگہ ۲ ماشہ گندھک آملہ سار۔ مردار سنگ۔ سیندور ۶-۶ ماشہ سفوف بنا کر ایک چھٹانک گھی لیکر ۱۲ بار پانی سے دھوئیں اور سفوف ملا کر حل کر کے لگا دیں۔ خارش خشک پر بھی اور تر پر لگا دیں۔ اگر مسکہ مل جاوے تو بہتر ہے۔

100 (۳۲) خارش تر علی الخصوص خارش خصیتین کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے۔ گندھک سیماب ایک ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۶ ماشہ۔ کمیلہ ۲ تولہ۔ اول سیماب اور گندھک کو خوب حل کریں کہ سیاہ ہو جاوے۔ بعدہ باقی ادویہ کا سفوف بنا کر ملا کر رکھیں۔ عند الضرورت ۲ ماشہ سفوف ۴ تولہ مسکہ میں ملا کر مالش کریں اور بعد دو گھنٹہ کے پانی اور صابون سے دھو ڈالیں۔

101 (۳۳) احتباس حیض و حیض کے ایام میں درد۔ ریوند خطائی ۷ ماشہ۔ شورہ قلمی ۷ ماشہ۔ جوکھار ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ۱۰ ماشہ۔ شکر مساوی ادویہ خوراک ۷ ماشہ دو تین روز قبل از آمد حیض نہایت مجرب ہے۔

102 (۳۴) زنجبیل تیزپات۔ موچرس سفوف کر کے بقدر ایک دو ماشہ دہی کے ساتھ پھانک لیا کریں۔ نہایت مجرب ہے۔

103 (۳۵) زخم و ضربہ سقطہ فوراً مجرب۔ طوطیا انبہ ہلدی۔ بیل گری۔ میدہ لکڑی۔ بانس کی گرہ اندرونی جملہ ہموزن روغن زرد میں اس طرح بریاں کریں کہ جل نہ جاویں مگر طوطیا اور بانس کی گرہ کو اس قدر بریاں کریں کہ سیاہ ہو جاویں مگر بالکل نہ جلیں۔ پھر سب کو باریک پیس کر سفوف بمقدار کنار وشنی لیکر پوٹلیاں بنا دیں۔ اور روغن لگا دیں داغ کر کے زخم پر آہستہ آہستہ سینکیں کہ چرکا نہ لگے۔ کیسا ہی زخم ہو تین روز میں اچھا ہوگا۔ مگر شرط یہ ہے کہ زخم تازہ سینکا جاوے۔ زمانہ سابق میں جو لوگ لڑائی میں زخمی ہو کر آتے تھے اسی نسخہ سے تین روز میں چنگے ہو کر پھر لڑائی میں چلے جاتے تھے۔ ضربہ اور سقطہ کے لئے بھی مفید ہے۔ زنبیل اسرار ہے۔

١٠۴ (٣٦) طلا برائے مجلوق و سستی واز کار رفتہ بہائت تحفہ و عجیب و غریب واز قبیل اسرار۔ جائفل ۴ ماشہ۔ قرنفل کلاہ دار (یعنی لونگ معہ پھول) ٣١ عدد۔ عاقر قرحا ۴ ماشہ۔ چربی مینڈک ایک تولہ۔ یاقوت رمانی (بیر بہوٹی) ایک تولہ۔ مشک ٣ ماشہ۔ دو دعہ کلکینی (چھپا) ٣ تولہ سب کو خوب حل کر کے مثل نخود گولیاں بناکر آتشی شیشہ میں بھر دیں اور ایک ٹھیری میں ریت بھر کر اس ریت میں شیشی آڑی رکھدیں۔ اس طرح کہ شیشی کے برابر بھی دو انگل ریت آجاوے۔ اور شیشہ کا منہ ٹھیری سے باہر نکلا رہے۔ نیچے ایک لکڑی کی آنچ اگر ہو سکے تو بیر کی لکڑی کی دیں اور شیشی کے منہ کے نیچے ایک کٹوری رکھدیں جب تیل ٹپکنا بند ہو تو اٹھالیں اور تیل کو شیشہ میں رکھدیں۔ کمزور اور سست کے ایک تنکا پانی میں ہر روز کھلا دیں۔ سات روز تک ترشی بادی اور مجامعت سے پرہیز کریں۔ کم از کم ٢١ روز تک۔

جو بہت کمزور ہو گیا ہو تو اسے حشفہ چھوڑ کر عضو تناسل پر بھی لگایا کریں اور جو بالکل نامرد ہو۔ اسے اول بھانگوٹ گھس کر کاغذ پر لگا کر حشفہ چھوڑ کر جڑ تک پٹی لگا دیں۔ اس کے بعد دوا کھانا شروع کریں۔ جو شخص اکیس روز ضبط کریگا۔ یعنی مقاربت نہ کرے گا۔ طاقت تمام عمر بھر کم نہ ہوگی۔ مگر تین روز سے زیادہ ضبط نہیں ہو سکتا ہے۔ مجرب ہے۔

١٠۵ (٣٧) مینڈک کی چربی نکالنے کی ترکیب۔ مینڈک کو چیر کر فتیلہ کر کے پانی میں جوش دیں۔ اور ہلکا رہنے دیں۔ جب سرد ہو پانی پر چربی جم جاویگی وہ لیکر کام میں لاویں۔

١٠٦ (٣٨) حب ضعف معدہ مجرب۔ اگر غرقی۔ دانہ الائچی۔ پوست زردی اترج۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست سنگدانہ مرغ۔ پودینہ خشک۔ مصطگی رومی۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ مدبر شیرہ آملہ۔ گل سماق۔ زرشک۔ زنجبیل۔ سعد کوفی۔ زرنباد۔ سہاگہ بریاں۔ نمک سرخ۔ ستباشیر سفید ہموزن کوٹ چھانکر بقدر نخود پانی کے ساتھ گولیاں بنا دیں۔

١٠٧ (٣٩) طلا درد سر کے لئے۔ صندل سفید سودہ ٤ ماشہ۔ عود بلبسان ١ ماشہ۔ تخم کاہو ۴ ماشہ

افیون بقدر نخود۔ زعفران ۲ سرخ۔ صمغ عربی ۴ ماشہ پانی میں پیسکر پیشانی پر طلا کریں۔

۱۰۸ (۴۰) معجون فلک سیر مغلظ و ممسک و مقوی باہ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ حبیۃ الثعلب شقاقل مصری۔ جوز بوا۔ لسان العصافیر شیریں۔ مصطگی رومی۔ تودری سرخ۔ تودری زرد ہر ایک تین ماشہ۔ بہمن سفید ۷ ماشہ۔ بہمن سرخ ۷ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۶ ماشہ۔ بسد محرق ۴ ماشہ۔ ورق الخیال ۲ تولہ پانی سے دھو کر خشک کرکے زاوہ کریں۔ سب کو پیس چھانکر نبات سفید ۱۰ تولہ۔ عسل مصفی ۱۰ تولہ۔ شربت انار شیریں ۵ تولہ۔ گلاب ۱۰ تولہ۔ زعفران ۴ ماشہ بہ گلاب حل کردہ ورق نقرہ ۲۰ عدد بدستور معمول معجون بنادیں۔ مقدار شربت ۱ ماشہ تا دو ماشہ +

۱۰۹ (۴۱) مرہم بواسیر۔ آب برگ عنب الثعلب ۴ تولہ۔ آب برگ دھتورہ سیاہ ۲ تولہ مرب ۴ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۱۲ ماشہ۔ مدسوت ۲ ماشہ۔ افیون نیم ماشہ۔ روغن بادام ڈیڑھ تولہ۔ سب کو کھرل میں خوب حل کریں۔ جب مثل مرہم ہو جاوے۔ بعد فراغ اجابت لگایا کریں +

۱۱۰ (۴۲) حب مسہل مبارک۔ جب مسہل ناقص ہو گیا ہو۔ اس کے استعمال سے اخلاط غلیظ کا اخراج ہوتا ہے مقرفض ۴ ماشہ۔ بادیان ۴ ماشہ۔ انیسون ۴ ماشہ۔ گل بنفشہ ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد تولہ کشمش تولہ۔ سناکی ۲ تولہ۔ ترنجبین ۲ تولہ۔ گلقند ۴ تولہ سب کو باریک پیسکر گلقند اور کشمش کے ساتھ کوٹیں۔ اور گولیاں بنا کر ہمراہ عرق بادیان کھاویں۔

۱۱۱ (۴۳) سفوف ضعف معدہ و مشتہی۔ طباشیر سفید۔ دانہ الائچی سفید۔ مصطگی رومی۔ نبات سفید مساوی سفوف بنا کر ۲ ماشہ یا ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ کھاویں +

۱۱۲ (۴۴) حریرہ ضعف دماغ اور خشکی دماغ کے لئے جو بوجہ حرارت ہو اور دوران سر اور صداع صفراوی اور بیخوابی کے لئے نافع۔ مغز بادام مقشر ۷ دانہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۴ ماشہ مغز تخم تربز ۶ ماشہ۔ مصری ۱ تولہ۔ آب تازہ نیم سیر شیرہ نکال کر حریرہ پکاویں اور سرد کرکے ایک تولہ یا کم و زیادہ گلاب یا کیوڑہ داخل کرکے پلائیں +

113 (۴۵) حریرہ مقوی دماغ و نافع سعال یابس وضیق النفس۔ مغز بادام مقشر ۵ عدد
مغز تخم تربز ۵ ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ ۳ ماشہ۔ تخم خشخاش ۵ ماشہ۔ کشنیز خشک ۵ ماشہ۔ دانہ
الائچی ۲ ماشہ۔ برنج باریک ۴ ماشہ۔ شکر سفید ۲ تولہ پاؤ سیر پانی میں شیرہ نکال کر جوش
دیں۔ جب حریرہ کے قوام پر آجاوے۔ روغن گاؤ سے بگھار دیکر نوش کریں۔

114 (۴۶) سفوف مقوی معدہ دافع اسہال و قراقر معدہ۔ پوست سنگدانہ مرغ ۳ ماشہ
گرد سماق ۳ ماشہ۔ پوست ترنج ۲ ماشہ۔ اگر غرقی ۲ ماشہ۔ زرشک ۴ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ
سفوف بناکر ۲ ماشہ ہلیلہ مربی میں ملاکر شب کو وقت خواب کھادیں۔

115 (۴۷) سفوف ہیضہ۔ جب افراط قے و دست سے نوبت بہلاکت آپہنچے یہ نسخہ
مجرب ہے۔ طباشیر سفید ۳ ماشہ۔ گرد سماق ۴ ماشہ۔ کتیرا ۴ ماشہ۔ انار دانہ ۴ ماشہ۔ زرشک ۴ ماشہ
گلنار فارسی۔ جفت بلوط۔ تخم حماض بریاں۔ حب الآس بریاں۔ نشاستہ بریاں۔
صمغ عربی بریاں۔ زہر مہرہ خطائی ہر ایک ۲ ماشہ سب کو پیسکر سفوف بناکر ۹ ماشہ گلاب
میں ترکر کے کھاویں اوپر سے دانہ ہیل کوفتہ ۵ ماشہ۔ پوست ترنج ۵ ماشہ۔ انار دانہ ۵ ماشہ
پوست لیموں سوختہ ۴ ماشہ پودینہ خشک ۴ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۲ ماشہ۔ بادیان بریان ۵ ماشہ
سماق ۴ ماشہ۔ زرشک ۱ تولہ۔ سب کو کوٹ کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف
رہے پپیتا ۲ سرخ۔ نارجیل دریائی ۱ سرخ۔ گلاب میں گھسکر اضافہ کرکے جرعہ جرعہ پلادیں۔

116 (۴۸) سفوف داد۔ منسل۔ کتھ سفید۔ سہاگہ۔ شنگرف ہر ایک ۲ ماشہ۔ تخم پنواڑ ۴ ماشہ
افیون ماشہ۔ کافور قدرے۔ آب شستہ برنج کے ساتھ طلا کیا کریں۔

117 (۴۹) بچوں کی قبض کے لئے نہایت عمدہ سفوف۔ برگ سنائے مکی
۲ ماشہ۔ بادیان ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۲ ماشہ۔ پودینہ خشک ۲ ماشہ۔
تربد سفید مجوف خراشیدہ ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۲ سرخ۔ نمک سیاہ ۴ سرخ سفوف بناکر ۱ ماشہ
دو ماشہ حسب عمر شیر مادر میں حل کرکے دیں۔

118 (۵۰) سفوف افراط حیض۔ گلنار ناشگفتہ ۱ تولہ۔ گل پستہ۔ مازو سبز۔ مائیں زرد
گل دھاوا۔ گیرو ہر ایک ایک تولہ سفوف بناکر ہر صبح دانہ خشخاش ۶ ماشہ

شیرہ نکال کر شکر یا مصری سے شیریں کر کے ۶ ماشہ سفوف کھا کر اوپر سے شیرہ مذکور پی لیں۔ غذا دال مونگ مرغن و خشکہ +

۱۱۹ (۵۱) سفوف خوش ذائقہ ہاضم طعام و دافع گرانی و نفخ۔ فلفل گرد ۶ ماشہ۔ نوشادر تولہ نمک سیاہ ۶ ماشہ۔ الائچی سفید تولہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ معلق زبان پر رکھکر کھا دیں۔

۱۲۰ (۵۲) ضماد ورم شدید خصیہ کے لئے۔ مغز تخم بیدانجیر۔ سمسم سیاہ مساوی شیر گوسفند کے ساتھ پیسکر ضماد کریں۔ دو تین روز میں آرام ہوتا ہے +

۱۲۱ (۵۳) معجون مجرب اکسیر برائے ضعف باہ و امساک۔ مالکنگنی۔ عاقرقرحا۔ تخم زردک۔ جوزبوا ہر واحد تولہ۔ زعفران۔ لونگ۔ اسپند ہر ایک ۶ ماشہ۔ تل ۳ تولہ۔ خشخاش ۵ تولہ۔ روغن گاؤ ۵ تولہ۔ شہد ۴ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۳ عدد۔ سب کو ملا کر گھی میں بھون لیں اور شہد ملا کر جائفل کے برابر گولیاں بنا کر جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی کھا دیں۔ یہ نسخہ اس بات میں نہائت موثر ہے۔ ہر چند کہ انزال ہو مگر شہوت برقرار رہتی ہے +

۱۲۲ (۵۴) درد زیر ناف۔ ایلوا۔ گیرو۔ سنبل الطیب۔ ریوند چینی مکو کے پانی میں یا ملتاس کے پانی میں حل کر کے روغن گل ملا کر درد کی جگہ لیپ کریں +

۱۲۳ (۵۵) نسخہ مجرب برائے حرارت مفرط و خفقان و وحشت۔ آملہ مربی شستہ خستہ بیرون کردہ ۱ عدد۔ طباشیر سفید ۱ ماشہ۔ دانہ الائچی ۲ ماشہ ملا کر ورق نقرہ ایک عدد لپیٹ کر کھائیں۔ اوپر سے لعاب گل گاؤزبان ۵ ماشہ۔ مغز تخم خیار ۶ ماشہ۔ مغز تخم تربز مقشر ۶ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۶ ماشہ۔ تخم کاہو ۴ ماشہ۔ کشنیز خشک ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ پانی میں شیرہ نکال کر نبات سفید ۲ تولہ ملا کر پئیں +

۱۲۴ (۵۶) دوا نافع حرارت مفرط خواہ بسبب حرارت مزاج ہو یا بوجہ استعمال ادویات حارہ ہو نہائت مفید و مجرب۔ آب دوغ مقطر کر کے نبات سفید تولہ ملا کر روز اول ۱ تولہ پلا دیں۔ روز سوم ۲ تولہ اضافہ کریں اور اسی طرح اضافہ کرتے جا دیں۔ اگر مزاج میں برودت ظاہر ہو موقوف کر دیں۔ نصف رطل تک بڑھا سکتے ہیں۔

۱۲۵ (۵۷) مطبوخ نافع تپ حارہ کہنہ نہائت مجرب ہے۔ گلوئے سبز تازہ ۵ ماشہ

شاہترہ ۴ ماشہ۔ چرائتہ ۴ ماشہ۔ اصل السوس مقشر ۳ ماشہ۔ کاکڑا سنگی ۳ ماشہ۔ خس ۳ ماشہ صندل سرخ ۳ ماشہ۔ خاشاک نیم ۱۵ عدد۔ تخم کاسنی۔ تخم خربزہ ۶-۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چہارم حصہ رہجاوے چھانکر سکنجبین سادہ ۲ تولہ ملا کر پلادیں۔ اگر کھانسی ہو تو سکنجبین نہ دیں +

۱۲۶ (۵۸) شربت روح افزا۔ برادہ صندل سرخ ۴ ماشہ ایک سیر پانی میں شب کو بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب چہارم حصہ پانی رہجاوے زلال صاف لیکر نگاہ رکھیں۔ مغز بادام مقشر ۵ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر نبات سفید ایک سیر ڈال کر عرق انار ترش ۶ تولہ شامل کرکے جوش دیں۔ بعدہٗ عرق گاؤزبان یا گلاب پاؤ سیر اور تب زلال صندل سرخ شامل کرکے آتش ملائم پر جوش دیں۔ جب شربت کا قوام آجاوے تو اتار لیں +

۱۲۷ (۵۹) صرع۔ بعد، ام تنقیہ کے حب ایارج سے تنقیہ کرکے یہ معجون نادر العصر استعمال کریں۔ عود سفید ۱ ماشہ۔ عاقر قرحا ۳ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ۔ اسطوخودوس ۲ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ سنبل الطیب ۳ ماشہ۔ مصطگی ۹ ماشہ۔ جند بید ستر ۲ ماشہ۔ زرنب ۲ تولہ۔ درونج عقربی ۳ ماشہ پوست بلیلہ ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ۲ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر شہد خالص ۹ تولہ ۹ ماشہ قوام کرکے قوام کے وقت عنبر کو ۳ ماشہ مصری کے ساتھ پیسکر قوام میں ملادیں اور بعد سرد ہونے قوام کے سفوف ادویہ ملا کر معجون بنا کر ۲ ماشہ عرق اسطوخودوس کے ہمراہ کھادیں۔ ۳ عرق اسطوخودوس۔ اسطوخودوس ایک سیر آٹھ شیشہ پانی میں ڈال کر چند شیشہ عرق اتاریں۔ خوراک ۸ تولہ سے ۱۰ تولہ تک۔ ایک سال تک یہ معجون عود الصلیب مہینہ میں ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ اور تریاق اربعہ دس دس روز کے فاصلہ سے مہینہ میں تین بار کھایا کریں۔ اس مرض کا اعتبار نہیں ہے۔ دوا سے غافل نہ رہیں۔ وقفہ دے کر استعمال جاری رہے۔

صفت تریاق اربعہ۔ جنطیانا رومی۔ مرمکی۔ زراوند مدحرج۔ حب الغار ہموزن سہ چند شہد میں قوام کرکے پلادیں۔ خوراک ۱ ماشہ۔ کچھوے کا خون ۳ ماشہ۔ جو کا آٹا ۳ ماشہ

شہد ۹ ماشہ باہم ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں اور صبح و شام ایک ایک کھا دیں اور کھانا کھانے کے بعد یہ سفوف دو تین ماشہ کھا لیا کریں۔ بادیان ۴ تولہ۔ قاقلہ کبار ۲ تولہ عود صلیب ۱۰ تولہ مصری ہموزن ادویہ۔

صفت ایارہ فیقرا۔ سنبل الطیب تولہ۔ دارچینی۔ عود بلسان۔ حب بلسان۔ مصطگی رومی سلیخہ۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ صبر سقوطری ۸ تولہ کوٹ پیس کر سفوف بنا دیں۔ اس کا نام ایارج ہے۔ استعمال جس قدر سفوف نسخہ ذیل میں درج ہے ملا کر گولیاں بقدر نخود بنا کر وقت شب خواب ۲ ماشہ آب نیمگرم کے ساتھ کھا دیں۔ اگر دست کم آویں تو مقدار دوا بڑھا دیں اور اگر زیادہ آویں۔ تو مقدار دوا گھٹا دیں۔ ایک روز دو روز وقفہ دے کر استعمال کریں۔

حب ایارج۔ زنجبیل ۳ ماشہ۔ تربد سفید ۲ ماشہ۔ ایارج فیقرا ۱۰ ماشہ۔ بسفائج ۷ ماشہ۔ اسطوخودوس ۷ ماشہ۔ غاریقون ۷ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۳ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۳ ماشہ۔ ایرسا ۳ ماشہ۔ عود الصلیب ۳ ماشہ۔ مقل ۳ ماشہ۔ انیسون ۳ ماشہ بادرنجبویہ ۳ ماشہ۔ برگ سنا مکی ۳ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر روغن بادام ۹ ماشہ میں چرب کر کے شیرہ بادیان میں گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔ اور حسب ترکیب متذکرہ بالا استعمال کریں +

(۸۱) جناب پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما وید موجد امرت دھارا لاہور

آپ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوا دو تین اپنے مجرب نسخہ اس کتاب کے واسطے جو آپ لکھوا رہے ہیں ارسال کرتا ہوں۔ امید ہے درج فرما دینگے۔ یہ نسخے خلق خدا کو فائدہ دینگے جو ان نسخوں کو آزما دینگے فائدہ اٹھا دینگے۔ نہایت ہی عجیب نسخے ہیں۔

۱۲۸ (۱) فولاد ۴ تولہ عمدہ لیکر سوہن سے ریتے۔ پارہ ۴ ماشہ۔ ۴ ماشہ شنگرف داخل کر کے مرغی کے انڈے کے تیل میں ۲ گھنٹہ کھرل کر کے تانبے کے سمپٹ میں بند کر کے منجرالی والی مٹی کا اچھی طرح لیپ کر دے اور خشک ہونے کے بعد ۵ سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیویں۔ سرد ہونے پر نکال کر چار ماشہ شنگرف چار ماشہ پارہ داخل کر کے

انڈے کے تیل میں دو گھنٹہ کھرل کرکے اسی طرح آگ دیوے۔ اسی طرح ۱۰۱ دفعہ آگ دینی چاہیئے۔ یعنی ہر دفعہ ۴ ماشہ شنگرف اور ۴ ماشہ پارہ داخل کرتا ہوا کھرل کرکے آگ دیتا چلا جاوے۔ ہر دسویں آگ کے بعد سمپٹ نیا لینا چاہیئے۔ خوراک اس کی ایک چاول ہے۔ جو امساک اور قوت باہ اس میں ہے اور کسی میں نہ ہوگی۔ سات دن میں نامرد کو مرد بنا دیتا ہے۔ عقلمند سینکڑوں امراض پر برت سکتا ہے۔ ہبس۔ جریان۔ سرعت وغیرہ کے واسطے اکسیر ہے۔ ساری عمر اس کی قوت قائم رہتی ہے۔

۱۲۹ (ب) سنکھیا سفید ۲ تولہ۔ سندھور ۸ تولہ ایک کڑچھا میں ڈال کر نیچے اوپر سندھور دیکر کوئلوں کی آگ پر رکھے۔ ۲ پہر کی آنچ سے سنکھیا پھول جاویگا۔ سنکھیا کے پھولنے سے اگر سندھور میں سوراخ ہوں تو ان پر ذرا اور سندھور ڈال دیا کرے۔ پھر سرد ہونے پر نکال کر تھوہر کے دودھ ۲ تولہ میں کھرل کرکے ٹکیاں بنا کر اور ایک پیالہ گلی میں رکھدو۔ اوپر دوسرا پیالہ دیکر عمدہ کپر مٹی کرے۔ دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیوے۔ سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھے۔ خوراک چاول دودھ کے ساتھ اس دست آتے ہیں کوڑھ یعنی جذام تک دور ہو جاتا ہے۔ آتشک کے زخم خشک ہو جاتے ہیں۔ طاعون سے مریض بچ جاتا ہے۔ آزماؤ اور فائدہ اٹھاؤ۔

۱۳۰ (ج) گندھک آملہ سار پاؤ سیر۔ برگ پان بنگلہ ۱۱ عدد۔ ہر دو کو ایک دن کھرل کرکے ایک آہنی سیخ کے ارد گرد چیپاں کردیں اور اوپر اس کے چھٹانک ڈیڑھ چھٹانک روئی لپیٹ دیں اور تیل سیاہ میں تر کریں۔ کوئی پیالہ نیچے دھر کر آگ لگائیں۔ سرخ رنگ کے قطرے ٹپکیں گے۔ شیشی میں نگاہ رکھیں۔ خوراک ایک بوند اول درجہ کا مصفی خون ہے۔ پتاشہ میں ڈال کر یا دودھ میں ڈال کر دیویں۔ آتشک کے واسطے بھی مجرب ہے۔

(مندرجہ بالا نسخہ جات اگرچہ پنڈت صاحب نے ایک دوسری کتاب کے لیئے ہمیں ارسال فرمائے تھے۔ مگر چونکہ مفید اور بے نظیر مجرب ہیں۔ اس لیئے یہاں بھی درج کر دیئے گئے۔ کابلی)

(۱۹) جناب پنڈت رادھا کشن صاحب شرما ویدناره

چند مجرب نسخے جن کو مدت سے برت رہا ہوں اور مثل جادو اپنا اثر دکھا رہے ہیں۔ اسرار حکمت حصہ دوم کے واسطے ارسال خدمت ہیں۔

۱۳۲ (ا) چنبل کہنہ۔ سانپ سیاہ کو مار کر اس کے منہ میں ۲ ماشہ سم الفار سفید ڈال کر منہ اس کا کسی دھاگہ سے باندھ دیں۔ اور ایک کوزہ میں ڈال کر منہ بند کر کے بیس ثار اپلوں کے درمیان رکھکر پھونک دیویں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ تمام خاک ہو جائیگا۔ اور سم الفار اُڑ جائیگا۔ مگر طاقت چھوڑ جاویگا۔ خاکستر کو کسی بوتل میں بحفاظت رکھیں۔ سرسوں کے خالص تیل میں ملا کر مرہم بنا دیں۔ اور جائے چنبل پر لگایا کریں۔ انشاءاللہ بہت جلدی آرام ہو جائیگا۔ پندرہ بیس سال کے چنبل میں نے اس سے چند دنوں میں اُڑا دیئے ہیں۔ نہایت عجیب اور زود اثر دوائی ہے۔ اور چنبل کے واسطے لاثانی ہے۔

۱۳۳ (ب) شیر خوار بچوں کے تیسرے بخار کا ایک عجیب چٹکلہ۔ یہ نسخہ خواہ دوائی خیال فرمادیں خواہ جادو۔ مگر میں نے بہت عرصہ برتا۔ ۹۵ فیصدی اس سے فائدہ ہوتے دیکھا ہے۔ جس دن باری ہو باری سے دو گھنٹہ بیشتر بچے کے ہاتھ کی دونوں ہتھیلیوں کے درمیان اور پاؤں کے تلووں کے درمیان روغن تارہ میرہ ذرا ذرا سا چپیڑ دیویں۔ بس خیر ہوئی۔

۱۳۴ (ج) بچوں کی کالی کھانسی اور ڈبہ۔ ریچھ کا پتہ بقدر دانہ خشخاش ماں کے دودھ میں گھسکر صبح اور رات کو سوتے وقت پلاتا ہوں۔ نہایت ہی مفید اور مجرب ہے۔ کھانسی کی خفیف شکایت ہو تو پہلے روز ورنہ دوسرے تیسرے روز آرام ہو جاتا ہے۔ زیادہ حرارت ہو تو چار پانچ یوم دیں۔ اور ڈبہ کو تو فوراً آرام دیتا ہے۔ ایام کھانسی و ڈبہ میں بچوں کو بچا دیں۔

۱۳۵ (د) عقرب گزیدہ کا علاج۔ پوست بیخ اسپ نر۔ اجوائن۔ قند سیاہ۔ کتھ مساوی الوزن لیکر پانی میں پیسکر ذرا گرم کر کے جائے نیش پر لیپ کریں۔ پانچ سات منٹ میں

آرام ہو جاتا ہے۔ نہائت زود اثر ہے۔

(۲۰) جناب حکیم محمد رسول صاحب حاذق متوطن قصبہ چیٹ بڑاگاؤں تلمیذ جناب حکیم مولوی عبدالسلام صاحب

بخیال تعمیل حکم یہ احقر اپنے صدری نسخے جن کا اظہار نہیں ہوا۔ واسطے اسرار حکمت نمبر ۲ کے روانہ کرتا ہے۔ جو خاص الخاص مطب و بیاض استاذنا المعظم جناب حکیم مولوی عبدالسلام صاحب خلف جناب حکیم مولوی محمد عبداللہ صاحب مرحوم دمخنور کے ہیں اور کبھی خطا نہیں ہوتے روزمرہ تجربہ کر رہا ہوں۔

۱۳۶ (ا) حب الحیات۔ یہ وہ نسخہ ہے کہ جس پر دیدرگ جس قدر ناز کرے بجا ہے اس میں قدرتی خاصہ ہے۔ کہ دم نزع بھی اگر اس کو دیا جائے تو گھنٹہ بھر مریض کی حرارت غریزی عود کر آتی ہے۔ اور انعاش حرارت غریزی ہو کر مریض اٹھ بیٹھتا ہے۔ جو چاہو اس سے گفتگو اور معاملات کا استفسار کر لو۔

ترکیب۔ شنگرف کا نکالا ہوا پارہ ۲ درم۔ گندھک مصفیٰ ۳ درم۔ تامیشر ۴ درم۔ سہاگہ ۲ درم سنگی مہرہ ۱ درم۔ فلفل سیاہ ۲ درم پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرکے یہ سب ادویہ ملا کر برہمی بوٹی کے عرق میں ایک پٹ دیں۔ بعد اس کے آب ادرک میں دو پٹ دیں پھر سونٹھ مرچ پیپل ان تینوں کو جوش کرکے ایک پٹ دیں۔ چترک کے شیرہ سے ایک پٹ دیں۔ بعد اس کے بوزن ایک ایک رتی کی گولیاں بنا رکھیں اور وقت حاجت کے آب ادرک میں گھسکر استعمال کرائیں۔ بخاروں میں اگر برتا جاوے تو اکسیر کا کام دیتا ہے اور مرض سنپات اور قوت باہ اور بحالت ضعف اور امساک کے لئے مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرنے جادو کا اثر رکھتا ہے۔

۱۳۷ (ب) حب نارمشک مسہل و سریع الاثر جہت تحلیل ریاح و تقویت معدہ۔ در فرغ قولنج و درد معدہ کہ احتباس سے ہو دے نہائت مجرب ہے۔ مصطگی۔ زنجبیل قرنفل۔ دارچینی۔ فلفل۔ نارمشک ہر ایک ایک مثقال اور دو دانگ۔ سقمونیا مشوی ۱۰ درم۔ شکر طبرزد ۹ درم۔ گولیاں بقدر دانہ مسور کے بنا دیں ایک گولی ایک اسہال لاتی ہے۔

۱۴۳۸ (ج) حب الذہب از ترکیب رئیس الفضلا حسین ابن عبد اللہ بن سینا جہت حفظ صحت و تنقیہ اخلاط ثلثہ از سر و بدن و تفتیح سدہ و عسر النبض و درد پہلو و پشت و پا و مقوی بصر و ہضم طعام و رفع بخار اس کی مداومت تمام ادویہ سے مستغنی کر دیتی ہے۔ خوراک ۲ مثقال تک۔ صبر ۲۰ درم۔ ہلیلہ کابلی ۱۰ درم۔ گل سرخ ۵ درم۔ سقمونیا۔ زعفران۔ مصطگی۔ کتیرا سفید ہر ایک ۳ درم۔ عنبر۔ ورق طلا ہر ایک ۴ قیراط۔ یاقوت سرخ۔ مرجان۔ مروارید ہر ایک ۲ قیراط اور اگر بلغم و ریاح زیادہ ہو تو مندرجہ ذیل ادویہ کا اضافہ کریں۔ سنبل الطیب۔ اسارون ہر ایک ۴ درم۔ اور مفاصل۔ عرق النسا اور مثل اس کے لئے غاریقون۔ اشق۔ تربد۔ انزروت عقرقرحا۔ سورنجاں ہر ایک ۳ مثقال۔ ضعف جگر کی حالت میں طباشیر بدل مرزنجوش۔ وکشنیز لاجورد یا حجر ارمنی ۵ درم اضافہ کر کے کوٹ چھان کر عرق گلاب کے ساتھ گولیاں بنالیں۔

۱۴۳۹ (د) حب المفاصل مجرب المجرب۔ تربد سفید۔ سورنجاں۔ حب النیل۔ ایارج فیقرا شحم حنظل۔ جوزبیان عقرقرحا۔ دار فلفل۔ سکبینج۔ جاوشیر۔ مقل ازرق ہر ایک ایک جزو نرخیون۔ جند بیدستر ہر ایک نیم جزو۔ دواؤں کو کوٹ چھانکر سفوف کر کے آب گندنا میں گوندھکر گولیاں بنادیں۔ خوراک ۳ مثقال تک۔

۱۴۴۰ (ہ) سفوف جہت جریان و کثرت احتلام۔ برگ ببول۔ گل ببول۔ گوند ببول۔ طباشیر کبود باریک کر کے شکر سفید برابر وزن سب کے ملا کر ۶ ماشہ کھایا کریں۔ ہمراہ شیر گاؤ۔

۱۴۴۱ (ز) حب السوزاک۔ بہروزہ خشک ۱ تار۔ مازو ئے سبز ۱ تار کتھ سفید ۱ تار دانہ ہیل خورد ۱ تار۔ کباب چینی ۱ تار۔ شورہ قلمی ۱ تار۔ خار خشک خورد ۱ تار۔ باریک سفوف کر کے سفیدی بیضہ مرغ میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ۴ گولیوں تک ہے۔

۱۴۴۲ (ح) جہت داد و پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ سہاگہ۔ پھٹکڑی ہر ایک ایک تولہ مصری تولہ ایک یوم برابر کھرل کریں۔ بعدہٗ گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا رکھیں وقت

ساجت ہمراہ لیموں کاغذی میں گھس کر ضماد کریں۔

۱۴۳ (ح) طلا مقوی باہ۔ جند بیدستر ۴ ماشہ۔ ریوند خشک ۹ ماشہ۔ خراطین مصفیٰ ۹ ماشہ۔ عو سکہ تولہ۔ بیخ کنیر سفید تولہ۔ مغز حب السلاطین ۲ تولہ۔ گھونگچی سفید ایک تولہ۔ تخم دھتورہ۔ عقرقرحا۔ لوبان کوڑیہ۔ جوزبوا۔ فرفیون۔ پیاز نرگس۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ مشک ۴ ماشہ۔ چربیٔ سانڈہ ۲ تولہ۔ چربیٔ شیر ۲ تولہ۔ روغن موم خالص ۲ تولہ۔ کوٹ کر باریک کرکے گولیاں بنالیں اور پتال جنتر کے ذریعہ روغن ٹپکائیں۔ وقت حاجت سیون اور حشفہ چھوڑ کر طلا کریں +

۱۴۴ (ط) معجون تقویت باہ و مغلظ منی دافع ضعف پشت۔ طباشیر سفید۔ دانہ ہیل خورد۔ کمرکس۔ صمغ عربی۔ صمغ ڈھاک۔ موچرس۔ سروالی۔ بیجبند۔ تخم تمر ہندی مقشر موصلی سینبل۔ موصلی سیاہ و سفید۔ ستاور۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری ہر ایک ایک تولہ شہد خالص آدھ سیر۔ شکر سفید پاؤ بھر۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ تک +

۱۴۵ (ی) دافع بخار نوبتی۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ۔ ست گلو خالص ۶ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۶ ماشہ۔ افیون خالص ۳ ماشہ۔ زعفران خالص ۳ ماشہ۔ عرق بپیتا میں خوب پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ باری سے پہلے ایک سے ۲ گولی تک شربت نیلوفر کے ہمراہ دیں +

۱۴۶ (ک) سفوف سلسل بول۔ کنجد سیاہ و سفید۔ گل دھاوا۔ گل پتہ۔ گل نوفل۔ مغز فلوس۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ کندر۔ بادیان۔ زیرہ سفید۔ اجمود خراسانی مصطگی رومی۔ گلنار فارسی مساوی الوزن لیکر سفوف بنادیں۔ مقدار خوراک ایک ماشہ سے سات ماشہ تک +

۱۴۷ (ل) سفوف جہت استسقا و ورم تمام بدن۔ گل غافث روہ۔ ریوند چینی۔ مصطگی رومی۔ حلتیت خالص۔ پودینہ۔ زرنباد۔ سنبل الطیب۔ بیخ اذخر۔ انیسون نانخواہ۔ زنجبیل۔ دارچینی۔ برگ سداب مساوی الوزن کو کوٹ چھان کر سفوف

بنا دیں۔ خوراک ۲ درم تک۔

۱۴۸ (ن) سفوف مخلل طحال۔ جواکھار ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ دار فلفل فلفل سیاہ۔ نمک طعام ہر ایک ۹ ماشہ۔ سعد کوفی تولہ۔ سنبل الطیب ایک تولہ۔ مصطگی رومی۔ زراوند مدحرج۔ عود ہندی۔ طباشیر ہر ایک ۹ ماشہ۔ پودینہ خشک ۲ تولہ۔ آملہ تولہ مویز منقی ا تولہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ پوست لیموں کاغذی ۹ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد تولہ۔ تخم گندنا ۹ ماشہ۔ تخم کتان تولہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ایک درم سے ۲ درم تک۔

۱۴۹ (س) تعویز برائے ڈبہ اطفال۔ ا و (۱) ا و و (۲) ا و و و (۳) ا و و و و (۴) ا و و و و و (۵) ا و و و و و و (۶) ا و و و و و و و (۷) ا و (۱) ا و و (۲) ا و و و (۳) ا و و و و (۴) ا و و و و و (۵) ا و و و و و و (۶) ا و و و و و و و (۷) ہر ایک نمبر کو علیحدہ علیحدہ تراش کر ترتیب وار ۲ عدد سوئی میں پرو دیں یعنی نمبر ایک سے سات تک کو ایک سوزن میں اور پھر ایک سے سات تک دوسرے میں بعدہ چراغ روشن کر کے نمبر وار ہر ایک کو جلا جلا کر عضو مخصوصہ پر مالش کریں۔ یعنی ایک سوئی سے جو داہنے جانب ہو بائیں پسلی میں مالش کریں اور دوسری سوئی جو بائیں جانب ہو داہنی پسلی میں یکے بعد دیگرے مالش کریں ایک ایک مرتبہ۔

(۲۱) جناب ڈاکٹر گنگا رام صاحب سول ہاسپٹل جالندھر

آپ کی مؤلفہ کتاب اسرار حکمت موصول ہوئی جس کے مطالعہ سے از حد مسرور ہوا ہوں خاص نمبر ۲ کے لئے چند نسخہ جات اپنے مجربات سے ارسال خدمت کرتا ہوں۔ امید ہے شائع کر کے میرے پیاسے ہموطنوں کو تسکین دیویں گے۔

۱۵۰ (ا) نسخہ برائے نکسیر۔ کتھ۔ کشمیری بچھڑ۔ الائچی دانہ خورد۔ مصری کالپی سفید۔ گجور ہر ایک ۹ ماشہ۔ یہ کوٹ چھان کر کے نسوار بنائیں۔ سال بھر میں تین دفعہ نسوار دیویں کبھی نکسیر نہیں پھوٹیگی۔ سردار دربار سنگھ مرحوم کے مجربات سے آزمودہ ہے۔

۱۵۱ (ب) نسخہ برائے تپ گرمی ہر قسم و تپ لرزہ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ کو گوار گندل میں کھرل کریں ایک کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے آگ دیویں۔

بعد ازاں ۴ رتی تک خوراک ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ آزمودہ راقم

۱۵۲ (ج) نسخہ برائے لقوہ وجھولا۔ میٹھا تیلیہ ایک تولہ۔ پلپل ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ سونٹھ تولہ سونف کڑوی تولہ۔ شنگرف تولہ۔ زیرہ سیاہ تولہ سب کو ادرک کے پانی میں کھرل کیا جاوے۔ اگر میٹھا تیلیہ کو دودھ اور گوبر میں مدبر کریں تو اچھا ہے۔ بعد ازاں ایک رتی کے قریب حبوب بنا دیں۔ گرم پانی سے دو دفعہ صبح و شام کھلا دیں۔ مجرب راقم

۱۵۳ (د) کمزوری و فساد مثانہ۔ دودھ گاؤ ۱۵ سیر پختہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ موصلی سیاہ و سفید ۴ تولہ۔ الائچی خورد و کلاں ۲ تولہ۔ شقاقل تولہ۔ چوب چینی ۲ تولہ۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ بادام خام۔ چار مغز ۳ تولہ سب کو باریک کر کے تھوڑے سے دودھ میں بھگو دیویں۔ صبح کو حسب معمول عرق کھینچیں۔ علی الصبح ۶ تولہ نوش کریں۔ اگر گرمی معلوم ہو تو عرق سونف پلا دیں۔ یہ عرق دو ماہ تک خراب نہ ہوگا۔ مجرب راقم

۱۵۴ (ہ) برائے کمزوری و درد کمر۔ ایسڈ فاسفورس ڈل ۱۰ بوند۔ ٹنکچر سٹیل ۱۰ بوند۔ لگوار سٹر کینا ۳ بوند۔ لاگوار آرسنک ۳ بوند۔ گلیسرین ایک ڈرام۔ اکوا ایک اونس جوان آدمی کے لئے ایک خوراک ہے۔ ایسی ۲ خوراک بعد از طعام صبح و شام استعمال کریں۔ مجرب راقم۔

۱۵۵ (و) بچوں یا جوانوں کے کان کے پیچھے جو سوزش ہو جاتی ہے جسے پنجابی میں کینڈو (چھبو) کہتے ہیں۔ پوٹاسی نائٹراس ۱ گرین۔ کیلومل ۲ گرین۔ ایسے ایک پوڑیہ دو دفعہ دن میں دیویں۔ یہ جوان آدمی کے لئے ہے۔ بچوں کے لئے حسب اندازہ عمر استعمال فرما دیں۔ آزمودہ راقم

۱۵۶ (ز) برائے ضعف دماغ و نزلہ و ضعف نظر چشم و قوت باہ از حد مفید ہے ٹنکچر سٹیل ۱۰ بوند۔ ایسڈ فاسفورس ڈل ۱۰ بوند۔ ٹنکچر کولمبا ۱۵ بوند۔ ٹنکچر نکسوامیکا ۵ بوند۔ ایمونیا برومائیڈ ۱۰ گرین۔ سپرٹ کلوروفارم ۱۵ بوند۔ ایکوا ایک اونس یہ ایک خوراک ہے ایسے دو خوراک جوان آدمی کے لئے تین دفعہ دن میں دیویں۔ بعد از طعام پر سیر شیر بھی

و ترشی و نشاستہ آمیز اشیاء سے لازم ہے۔ استعمال کریں۔ اور راقم کو دعا دیں۔

۱۵۷ (ح) برائے اپی لیپسی (مرگی) امونیا برومائیڈ ۱۰ گرین۔ پوٹاسی برومائیڈ ۶ گرین۔ سوڈی برومائیڈ ۵ گرین۔ زنک ویریناایک گرین۔ بورکیس ۵ گرین ایسے ایک پوڑیہ تین دفعہ دن میں دیویں۔ غذا زود ہضم استعمال کریں۔ جوان آدمی کے لئے ہے۔

۱۵۸ (ط) برائے ڈایابیٹز (ذیابیطیس) یورنا نائٹریٹ ½ گرین۔ کوڈینا نصف گرین۔ ایکسٹریکٹ کاسکریڈا اسگریڈا ایک گرین۔ ایکسٹریکٹ جنبش ایک گرین۔ ایسے ایک گولی دو دفعہ دن میں دیویں۔ مجرب راقم۔

۱۵۹ (ی) پلیگ فیور کچر (تپ پلیگ) پوٹاسی برومائڈ ۱۰ گرین۔ سوڈا سلی سلاس ۱۰ گرین۔ ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ۵ بوند۔ سپرٹ کمفر ۱۰ بوند۔ مگنیشیا سلفاس ۳ ڈرام۔ اکوا کمفر ایک اونس ایک خوراک ہے۔ ایسے خوراک ہر چار گھنٹہ کے بعد دیتے رہیں تپ اترنے کے بعد بند کر دیویں۔ مجرب خود

۱۶۰ (ک) پائلز آئنمنٹ (مرہم برائے مسے بواسیر کے لئے) بسمتھ سب نائٹراس ۳۰ گرین۔ ٹانک ایسڈ ۳۰ گرین۔ مارفیا ہیڈرو کلورک ۴ گرین۔ کیلو مل ۳۰ گرین۔ ویسلین ایک اونس سب ادویہ کو ملا کر مسوں پر تین دفعہ دن میں لگا دیں۔ تکلیف درد دور ہو جاویگی۔

۱۶۱ (ل) آنکھوں کی خارش۔ بالوں کا جھڑنا۔ لکرے وغیرہ امراض کے لئے مفید ہے انگوئنٹم ہیڈ جرائی پرکلورائڈ کمپونڈ (بلو آئنمنٹ) ایک ڈرام۔ کریواوٹ ۲ بوند۔ تھوڑی سی آنکھوں کی پلکوں پر لگاتے رہیں۔ مفید ہے۔

۱۶۲ (م) برائے ضعف جگر۔ رد بر ب ۵ گرین۔ سوڈا بائی کارب ۱۰ گرین۔ میگنیشیا سلفاس نصف ڈرام۔ ٹنکچر کولمبا ۵ ابوند۔ ٹنکچر نکس وامیکا ۲ بوند۔ سپرٹ امونیا آرومیٹک ۱۰ بوند۔ سپرٹ کلوروفارم ۱۰ بوند۔ اکوا ایک اونس ایک خوراک ہے۔ دو دفعہ دن میں ایک خوراک دیویں۔ یعنی ایک خوراک صبح و ایک شام بعد از طعام استعمال کراویں۔ مجرب راقم

نوٹ ہر ایک نسخہ میں ہر ایک دوا کا وزن یا خوراک جوان آدمی کے لئے رکھا گیا ہے

بلحاظ عمر کم و بیش کر کے استعمال کریں۔ کھانے کی ادویہ کے لئے یہ ہدائت ہے +

(۲۲ الف) جناب حکیم منا لال صاحب آگرہ

۱۶۳ (ل) دو برس کے بچہ کو بخار اور بڑی کھانسی ہو سانس نکلی جاتی ہو یعنی پسلی چلتی ہو تو یہ نسخہ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ کاربونیٹ آف سوڈیم ۲ گرین۔ گیمبوج۔ (عصارہ ریوند) ۳ گرین۔ اپی کاکوانا (بیخ آک) ۴ گرین۔ کیلومل (کشتہ سیماب) ۳ گرین۔ خوب ملا کر بارہ پوڑیہ بنا دیں۔ ایک ایک پوڑیہ دو دو یا تین تین گھنٹہ کے بعد قدرے شہد میں یا شیر مادر میں ملا کر دیں۔ جب تک دست اور قے ہو کر فائدہ نہ ہو جاوے۔

۱۶۴ (ب) خون کے دست بند کرنے میں بے نظیر ہیں۔ نیلا تھوتھا چوتھائی گرین۔ افیون چوتھائی گرین ہر دو کو ملا کر تین گولی بنا لے۔ دن میں تین حب نیز کاسٹک و افیون بوزن و بمقدار مذکورہ حبوب بنا کر ایک ایک حب دست بند کرنے میں بے نظیر ہیں۔

۱۶۵ (ج) پیچش کے واسطے بارہا کا مجرب نسخہ۔ افیون ایک جزو۔ ہینگ ۲ جزو۔ لونگ ۲ جزو۔ موچرس ۴ جزو باریک پیس رکھیں۔ مقدار ایک گرین سے ۴ گرین تک میٹھے یا کیلوں کے پانی یا چاولوں کے دھوون سے۔

۱۶۶ (د) دست بند کرنے و نیز کثرت طمث میں مفید و مجرب۔ شوگر آف لیڈ ۲ گرین افیون ۲ گرین۔ گلقند ۱۲ گرین ان کی بارہ حبوب بنا کر چار یوم کھرل کریں۔ تین حب تین وقت کھا دیں +

۱۶۷ (ہ) مرض کانڈی لوما ایک قسم بھگندر کی ہے۔ یعنی ورم مقعد ہو کر سخت سوزش ہوتی ہے۔ اور ریم جاری ہو جاتی ہے۔ مجرب علاج یہ کہ کیلومل کو چھڑک کر پانی کی گدی بند ہوا دیجاوے۔ سوزش وغیرہ رفع ہو کر آرام ہو جاتا ہے۔

۱۶۸ (و) قوت باہ کا نادر نسخہ۔ سنکھیا ایک ماشہ۔ بادام مقشر ۷ عدد ایک یوم کامل کھرل کریں۔ علی ہذا سات روز تک۔ سات سات بادام یومیہ کھرل کر کے حبوب نخود دار بنا دیں۔ اور ایک حب صبح حلوا یا بالائی وغیرہ میں کھاویں +

(۲۲ ب) جناب حکیم محمد عبد الحمید خاں صاحب آگرہ

چند نسخہ مجرب نذر ہیں۔ ان کو بھی اگر مناسب ہو تو جگہ دی جاوے۔

۱۶۹ (الف) حبوب مقوی معدہ۔ مہی مشتہی۔ مقوی اعصاب بلین۔ کاسر ریاح و درد شکم دقبض وغیرہ۔ غرض جملہ امراض باردہ بلغمیہ و سوداویہ میں بدرقہ مناسب سے دینا حکم اکسیر کا رکھتی ہیں۔ عاقل بموقع و محل بدرقہ مناسب سے برت سکتا ہے عجیب چیز کنوز صدریہ سے نذر کی جاتی ہے۔ فاحفظ من الاسرار الخفی۔

عفت:۔ سونٹھ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ گندھک آنولہ سار ہر ایک ۱/۲ ۲ ماشہ۔ سہاگہ چوکیہ شگفتہ سیاہ مرچ۔ ہینگ ہیرا۔ چترک ہر ایک ۹ ماشہ۔ جاوتری۔ الائچی خورد۔ برہنگو (برنگ) بابڑنگ ہر ایک ۱/۲ ۱۲ ماشہ۔ کچلہ ۱۲ ماشہ مدبر۔ سب کو نو پاؤ گھیکوار کے شیرہ میں اس قدر سحق کریں کہ جذب و خشک ہو کر قابل حبوب ہو جاوے گولیاں نخود دار بنا کر ایک حب بدرقہ مناسبہ سے استعمال کریں۔ قوت باہ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ بخار موسمی داد وغیرہ کوئی مرض ایسا نہیں جو ان حبوب سے بچ رہا ہو۔ حب گھوڑچڑھی سے بھی بڑھ چڑھ کر ہے۔ اجرائے طمث وغیرہ میں معمولی مجرب ہے۔ ذرا تجربہ کریں۔ اور قدر کریں کہ کامل صاحب کی بدولت کیا کیا صدری نسخے نظر سے گذرتے ہیں۔

نوٹ:۔ برہنگو بیدک دوائی ہے۔ مشہور کچلہ مدبر ملتانی مٹی میں دبا کر تر رکھنا قریباً دس پندرہ یوم جب تک کہ نرم نہ ہو جاویں اور بعدہٗ مقشر کرکے دودھ ۳ پاؤ میں پکا کر پتہ دور کرکے کوٹ کر ادویہ میں شامل کریں۔ سب اشیاء اعلیٰ درجہ کی لینی چاہئیں +

۱۷۰ (ب) طلاء عجیب و غریب سہل الحصول قلیل الاجزا۔ کثیر النفع مجلوق۔ مفلوج کو بے نظیر ہے۔ ہیرا ہینگ اول درجہ بیش قیمت۔ افیون۔ دارچینی نہائت تند برابر روغن یاسمین اعلےٰ قسم دو چند تمام ادویہ اعلےٰ درجہ کی ہونی چاہئیں۔ افیون کو تیل میں گھول لو اور دارچینی و ہیرا ہینگ کو پارچہ بیز کرکے تیل میں حل کر لو۔ وقت ضرورت عضو گرم پانی سے دھو کر کسی کپڑے سے خوب پونچھ کہ جھلانے لگے اور قدرے طلا لیکر اوپر کی جانب خوب مالش کرو۔ لیکن خصیہ بچا کر اور خوب عضو کو سیدھا کرو

اور رو و بند بیج بقدار عضو جو پیشتر سے تیار ہوں۔ لکڑی کے باندھکر مسور ہو۔ صبح و شام چند روز گرم مقام میں اس عمل کو کرنا جملہ شکایات کو رفع کر دیتا ہے۔ اور کجی و سستی دور ہو جاتی ہے۔ آب گندہ بکثرت مسامات سے خارج ہوتا ہے۔ کئی روز بعد قدرے خراش و سوزش ہوگی۔ خوف نہ کریں۔ پندرہ روز کم از کم عمل کریں۔ اور اس اثنا میں یہ دوا کھاویں۔ ثمر مغیلان خام خشک یکجزو کا حلوا بناکر او رصرف باضافہ چھوہارا کوفتہ نصف جزو و قدرے دارچینی ۱ ماشہ۔ الائچی کلاں ۱ ماشہ۔ سونٹھ ۱ ماشہ ڈال کر خوب مرغن کرکے کھاویں۔ ہر دو وقت اگر یہی غذا رہے تو کیا ہی بات ہے۔ یہ ہے ہمارا تجربہ +

۱۷۱ (ج) نسخہ قوت باہ۔ بادام ایک عدد۔ سیاہ مرچ ایک عدد۔ مصری ۲ نخود یہ ایک خوراک ہے۔ صبح کھاویں اور روزانہ ایک ایک بڑھاتے جاویں حتیٰ کہ چالیس پر پہنچیں اور پھر وہاں سے ایک ایک کم کرتے آویں۔ میں نے تو کسی کو پندرہ روز تک بھی پہنچتے نہیں دیکھا ورنہ تجربہ کیجئے اور لطف اٹھائیے +

۱۷۲ (د) دیگر شاہ دیمک ایک عدد جو اکثر زمین میں سے گولے مٹی میں ہوتا ہے۔ لیکر شیشی میں معہ چھ سات لونگوں کے ڈال دو۔ چند روز میں پانی ہوکر لونگوں میں خشک ہو جاویگا۔ ایک لونگ کا تیسرا حصہ یا نصف عرض تبدریج بقدر تحمل طبع استعمال کریں اور غذا مرغن کھائیں دیکھئے کہ کیا کیفیت ہوتی ہے۔ مجرب ہے +

۱۷۳ (ہ) امساک کا عجیب و غریب نسخہ لیکن یہاں کے واسطے ہے۔ جو قبل از وقت انزال ہو جاتے ہوں اور سرعت کے عارضہ میں مبتلا ہوں۔ اگر کوئی صاحب اس تحفہ کو عیاشی میں استعمال کریں گے۔ تو میں ذمہ دار نہیں۔ فردائے قیامت وہ جواب دہ ہوں گے + اور میں شاہد دامن گیر۔ افیون ۴ رتی۔ کچلہ ایک عدد۔ گوڑ ایک نخود۔ نخود مقشر ۲ تار نارجیل ۲ تار۔ مصری ۲ تولہ۔ افیون خالص کو لوہے کی سیخ کی نوک پر لپیٹ کر کچلے کو ایک کوئلے پر رکھدو۔ کہ وہ جلنے لگے۔ اُس سے جو دھواں برآمد ہو۔ وہ اس افیون پر پہنچتے جاوے۔ اور سیخ کو پھیرتے رہو تاآنکہ تمام کچلہ جل جاوے۔ بس اس افیون کے دو حصہ کرکے دو گولی گڑ میں باندھ لو۔ گویا گڑ کی دو ٹکیاں بناکر

درمیان میں افیون رکھکر گولی بنالو اور نخود وکھوپرہ وغیرہ کو کوٹ پیسکر رکھ لو۔ایک حب بوقت عصر کھا کر اوپر سے نصف یہ لوازمہ کھالو اور دوسری خوراک بوقت عشا استعمال کرو لیکن اور کچھ نہ کھاوے نہ پیوے۔ بعد انفراغ دودھ جلیبی یا صرف دودھ پیوے حاجز کر دیتا ہے اور ضرورت تریاق کی پڑتی ہے مجرب ہے۔

۱۵۴ (د) کچلہ کے عجیب وغریب خواص تجربہ عاصی نارسیدہ یہ ہیں۔ میرے ایک عزیز کو بواسیر خفی مسہ کٹوا دیا گیا۔ بواسیر کو آرام ہو گیا۔ لیکن اس جگہ ایک سوراخ ہو کر بطور ناسور ہمیشہ رطوبت جاری رہنے لگی۔ ہر چند کوشش کی گئی فائدہ نہ ہوا۔ تھوڑے قدر کچلہ گھس کر مقام ناسور میں رکھا گیا فوراً آرام ہو گیا۔ ایک دوست کو بوجہ آتشک تالو میں سوراخ ہو گیا۔ ڈاکٹری علاج کرا چکا تھا۔ فائدہ نہیں ہوا۔ میرے پاس آیا حسب ذیل علاج کیا گیا۔ فائدہ ہو گیا۔ معمولی دست سیماب گلقند و ملٹھی وغیرہ کی جوب سے کرایا گیا۔ اور تیز کاسٹک لوشن ایک پھریری سے سوراخ کے کناروں پر لگایا گیا۔ دو تین روز کچلہ گھسکر لگایا اور پھر کاسٹک لگاتے رہے بفضلہ سوراخ برابر ہو گیا۔ اور آرام ہو گیا۔ ایک ہفتہ میں شفا ہو گئی۔ برگ ہرن کھری ۲ تولہ۔ سیاہ مرچ ۷ عدد گھونٹ کر پینا بواسیر کو بہت مفید ہے۔ نیز کسی مقام سے خون آتا ہو بند کر دیتی ہے۔ مصفی خون ہے +

(۲۳) جناب حکیم مشرف علی صاحب دہرسون

۱۷۵ (ا) برائے جالا و پھولہ چشم۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ نمک لاہوری سرخ ۲ تولہ۔ سبال سیاہ انسان جوان سوا سیر ایک ہانڈی گلی میں بال بھر کر درمیان میں نیلہ تھوتھا و نمک لاہوری مسلم رکھکر گل حکمت کریں۔ بعد خشک پندرہ سیر ارد جنگلی میں رکھکر گڑھے کی آنچ دیویں۔ بعد سرد ہونے ادویہ مسلم ہی نکال کر بعدہٗ دونوں کو شامل کرکے باریک پیسکر بطور سرمہ کریں اور صبح شام سلائی سے آنکھ میں ڈالتے رہیں۔ انشاء اللہ چند روز کے استعمال سے پھولا و جالا و دھند وغیرہ سب رفع ہو جاویں۔ مجرب ہے +

(۴۴) جناب حکیم محمد احسن صاحب احسن قادری بھوپال

ذیل کے نسخے جو میرے مجرب ہیں۔ اسرار الاطبا میں درج فرما کر شکر گزار کریں۔

۱۷۶ (ا) نسخہ خضاب کہ بالوں کو بالکل سیاہ کرتا ہے۔ جلد پر مطلقاً اثر نہیں کرتا۔ اکبر علی خاں صاحب مرحوم کے استعمال میں رہ چکا ہے۔ مازو سبز بریاں۔ تار۔ روغن کنجد ،، تار۔ پھٹکڑی ۱۰ ماشہ۔ برادہ مس ۶ تولہ۔ عرق بھنگرہ قدر ضرورت خوب ہاتھ سے ملکر موم کی طرح کریں۔ پھر گولیاں بنا کر ایک گولی وقت ضرورت پانی میں گھسکر استعمال کریں +

۱۷۷ (ب) اشتہائے طعام کے لئے نہائت مفید ہے۔ بھوک لگاتا۔ کھانا ہضم کرتا ہے قبض وغیرہ رفع ہو جاتا ہے کھٹے ڈکاروں اور سوء ہضمی کے لئے نہائت مفید ہے۔ بادیان۔ الائچی کلاں۔ انیسون۔ خارخسک خورد۔ کرفس۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ پودینہ خشک۔ میدہ لکڑی۔ اسگند ناگوری۔ شکر سفید ہر واحد ایکتولہ۔ سفوف بنالیں۔ خوراک ایک تولہ تک +

۱۷۸ (ج) یہ نسخہ تلی کے واسطے نہائت مجرب ثابت ہوا ہے۔ عظیم آباد میں ایک شخص کو مرض طحال ہوا۔ مریض صاحب فراش اور بالکل ناطاقت ہو گیا تھا۔ اس نسخہ کے استعمال سے ایک ہفتہ میں شفا کامل ہوئی۔ اس کے علاوہ اور بہت سے مریضوں پر آزمایا گیا ہے۔ چاہے کتنی ہی بڑی تلی ہو فوراً کٹ جاتی ہے۔

نسخہ:۔ شیر مادہ گاؤ ۱ تار جوش دیں۔ جب دو تین جوش آجائیں۔ شورہ قلمی ۴ تولہ اثنائے جوش میں دودھ میں ڈالیں۔ اور فی الفور چولہے سے اتار لیں اور کپڑے سے نکال کر رکھ لیں۔ یہ پانی مثل ماء الجبن کے ہو جائیگا۔ پھر تین روز متواتر پئیں اور پینے کے بعد بائیں کروٹ لیٹیں اور مداومت تک کھچڑی مونگ یا ارہر روغن زرد کے ہمراہ کھاویں۔ دوپہر میں غذا نہ کھاویں۔ اگر تین دن کے بعد خلل باقی رہے۔ سات روز استعمال کریں۔ گھی زیادہ کھانا بہت ضروری ہے۔ اور بعد ایام استعمال دوا کے جو چاہیں کھائیں۔ مجرب ہے +

۱۷۹ (د) معجون برائے تقویت باہ و دل و دماغ و جگر و معدہ بے نظیر و مانع صعود ابخرہ
الی القلب و دماغ و دافع وسوسہ سوداوی و خفقان متواتر برلئے رفیع علی خاں مرتب
شدہ بود فائدہ تمام بخشید۔ صفت آں۔ صندل سودہ ۴ ماشہ۔ مروارید سودہ ۳ ماشہ۔ فادزہر
معدنی ۳ ماشہ۔ ہر ایک بگلاب سودہ گاؤزبان ۴ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۴ ماشہ۔ گل سیوتی ۶ ماشہ
گل سرخ ۱۲ ماشہ۔ پوست ترنج ۶ ماشہ۔ زرشک بیدانہ ۶ ماشہ۔ عود غرقی ۶ ماشہ۔ کشنیز
خشک مقشر ۹ ماشہ۔ فرنجمشک ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۹ ماشہ۔ برگ بادرنجبویہ ۶ ماشہ۔
برگ پودینہ ۶ ماشہ۔ دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔
ساذج ہندی ۶ ماشہ۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ مشک ۱ ماشہ۔ مربائے آملہ ۴ عدد۔ مربائے ہلیلہ کلاں
۴ عدد۔ شربت انار شیریں ۲ تولہ۔ شربت آلو ۶ تولہ۔ شیرہ مربائے بہی ۲ تولہ۔ شربت بنفشہ
۲ تولہ۔ قند سفید اثار۔ گلاب ۵ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۵ تولہ بدستور قوام بنادیں بارہا تجربہ ہوا۔
مفید ثابت ہوا ۔

(۲۵) جناب حکیم مولوی فرید احمد صاحب عباسی طبیب خاص ریاست بھیکم پور

اسرار حکمت جلد دوم کے لئے تین نسخے مجرب ارسال ہیں۔ ایک طلا کا اور ایک قبض کا
ایک طاعون کا یہ تینوں نسخے مجرب اور اس قابل ہیں۔ کہ ہر ایک شخص اس سے فائدہ اٹھائے۔
۱۸۰ (ا) نسخہ طلا مجلوق وغیرہ۔ قرنفل تولہ۔ زنجبیل سفید۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ عاقرقرحا
ملکنگنی۔ زعفران ہر ایک ۲ تولہ۔ جاوتری۔ جائفل۔ گھونگچی سفید۔ دارچینی۔ سم الفار ہر واحد
ایک تولہ۔ مغز جمالگوٹہ ۵ تولہ۔ بیر بہوٹی ۳ تولہ۔ خراطین ۴ تولہ۔ تازہ سانڈہ ۵ عدد۔ روغن
کنجد ۵ ثار۔ بیخ کنیر سفید ۲ تولہ۔ خراطین و سانڈہ کو کوٹ کر سب دوائیں ملا کر وسط
میں سم الفار پیسکر رکھکر ہانڈی میں سوراخ کر کے بطریق معمول روغن کشید
کریں۔ ایک سرخ مالش کر کے اوپر سے برگ پان باندھیں۔ اگر ابھار منظور نہ ہو
تو سم الفار نہ ملائیں ۔
۱۸۱ (ب) نسخہ معجون دافع قبض و قولنج۔ درد معدہ۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ مغز بادام
شیریں۔ کلادانہ۔ تخم شاہ پسند۔ کچری۔ بادیان ہر ایک ایک تولہ سب کو

پیسکر شکر سفید ۸ کا قوام کر کے اس میں ملادیں۔ ایک تولہ سے دو تولہ خوراک ہے۔

۱۸۲ (ج) نسخہ لیپ برائے گلٹی طاعون۔ رسوت ۳ ماشہ۔ ایلوہ ۳ ماشہ۔ بچھناک ۳ ماشہ کچلہ ۳ ماشہ۔ سب کو پیسکر شیر مدار ۵ تولہ میں پکاکر گلٹی پر لیپ کریں۔ اس سے انشاءاللہ جلد گلٹی تحلیل ہو جائیگی +

(۲۹) جناب حکیم مہندر ناتھ صاحب شرما مودگل محقق النباتات میرٹھی

اسرار حکمت جلد دوم کے واسطے چند مجرب نسخہ جات ارسال خدمت کرتا ہوں امید ہے کہ درج فرماکر مشکور فرمایئے گا۔

۱۸۳ (ا) ڈبہ اطفال کا مجرب علاج۔ حبوب ذوی الخمسہ میں سے ایک گولی شیر مادر یا شیر گاؤ میں گھس کر دیں۔ اور ضماد ڈبہ بچہ کی پسلی پر لیپ کریں اور سینک دیں۔ مغز جمالگوٹہ مدبر بہ عرق لیموں۔ مغز کرنجوہ۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ کتیرا سفید مساوی وزن لیکر آب ادرک میں سحق کر کے دانہ جوار اور نخود برابر گولیاں بنا رکھیں اور حسب العمر چھوٹی یا بڑی گولی استعمال کریں۔

نسخہ ضماد ڈبہ۔ ایلوا۔ گودہ املتاس ایک ایک حصہ حب الآس ½ حصہ۔ گوند ببول ½ حصہ افیون خالص ¼ حصہ۔ نیل کبود ¼ حصہ پانی میں پیسکر نیم گرم لیپ کریں +

۱۸۴ (ب) سرفہ اطفال کی مجرب گولیاں۔ رب السوس ایک تولہ۔ کاکڑا سنگی ۳ ماشہ اتیس ۳ ماشہ۔ افیون خاک کردہ ۱ ماشہ۔ آب ادرک اور شہد خالص میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنا دیں۔ اور پانی میں پیسکر ایک یا نصف گولی حسب العمر دے دیا کریں +

۱۸۵ (ج) حب اسہال۔ بچوں کے اسہال رنگ برنگ اس سے دور ہوتے ہیں۔ ایک چھوہارہ لیکر گٹھلی نکال کر چھوہارہ میں افیون ۳ ماشہ بھریں اور بجوبل میں دبادیں جب چھوہارہ جل کر بند ہو جاوے تو نکال کر سہاگہ بریاں۔ رسوت خالص۔ کتھ سفید غنچہ انار۔ برگ نیم۔ برگ بینگن ہر ایک ۳ ماشہ۔ برگ ببول نورستہ۔ زیرہ سفید پودینہ باغی ہر ایک ۲ ماشہ۔ زرچوبہ ایک ماشہ ملاکر سب کو پانی میں پیسکر دانہ جوار

اور نخودکے برابر گولیاں تیار کریں۔ خوراک ا گولی سے ۲ گولی تک حسب عمر ہمراہ شیر مادر یا پانی

۱۸۶ (د) سفوف الاطفال۔ بچوں کو گاہے گاہے دینا ان کو جمیع امراض معدہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ نسوت مدبر۔ پودینہ خشک۔ امل بینی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ زنگی۔ سنا مکی بادیان ہر ایک ایک تولہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ اندر جو شیریں۔ بابڑنگ مصطگی رومی ۶-۶ ماشہ۔ باؤبھڈنگ کلاں۔ دار چینی۔ دانہ الائچی سفید۔ سہاگہ تکلیہ بریاں۔ نرکچور ہر ایک ۳ ماشہ۔ سونٹھ ۱۰ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۱۵ ماشہ۔ پیپل ۲ ماشہ۔ پیپلا مول ۲۰ ماشہ۔ اجوائن ۱۰ ماشہ چترک ۱۰ ماشہ۔ جملہ ادویات کو کوٹ چھانکر سفوف طیار کریں۔ خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک۔ حسب عمر کم و بیش بھی دیا جاتا ہے۔ بچوں کے معدہ کا درد و نفخ و قبض دور کرتا ہے۔ نیز اس میں سے حسب ضرورت لیکر تھوڑے پانی میں جوش دیکر اور چھانکر پلانے سے بچوں کے کرم امعا دور ہوتے ہیں۔ بچوں کی کھانسی اور کمیرہ میں بھی دیا جاتا ہے ✦

۱۸۷ (ھ) بچوں کے آشوب چشم کی دوا۔ حب زرد ذرا سے پانی میں گھسکر صبح و شام آنکھوں میں ڈالیں۔ اور ضماد چشم آنکھوں پر لیپ کریں۔

نسخہ حب زرد۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۱۰ ماشہ۔ آملہ خشک ۱۰ ماشہ۔ سفید جست خالص ایک تولہ۔ ہلدی زرد ۱۰ ماشہ۔ مامیران چینی ۱۰ ماشہ۔ رسوت خالص ۱۰ تولہ۔ گوند ببول ۱۰ تولہ۔ پانی کے ذریعہ سے حبوب شیافہ بنا رکھیں۔

نسخہ ضماد چشم۔ گل ارمنی۔ پھٹکڑی سفید بریاں۔ رسوت خالص۔ سیاہ۔ گیرو سرخ ہر ایک ۶ ماشہ زعفران خالص ۳ ماشہ۔ افیون خالص ۳ ماشہ سب کو پانی میں پیسکر قرص بنا رکھیں۔ اور بوقت ضرورت پانی میں گھسکر آنکھ پر لیپ کریں۔

۱۸۸ (د) مستورات کے سیلان الرحم کا مجرب نسخہ۔ پھلی ببول خام۔ مغز خستہ جامن تخم تمر ہندی بریاں۔ مازو سائیں کلاں۔ موچرس۔ گوند ڈھاک۔ لودھ پٹھانی۔ نخود بریاں مال سفید۔ سنگجراحت۔ گوند ببول بریاں۔ کتیرا سفید بریاں۔ طباشیر سفید۔ کتھ سفید۔ تال مکھانا بریاں۔ کشنیز خشک۔ چھال مولسری۔ چھال سینبل۔ گلنار۔ پوست خشخاش

تخم کاہو۔ دارچینی۔ دانہ الائچی کلاں۔ ۲ تولہ خشک جملہ ادویات مساوی وزن لیکر کوٹ چھانکر سفوف کریں اور مساوی وزن مصری ملاکر بقدر ۶ ماشہ صبح و شام بکری یا شیر مادہ گاؤ یا آب برنج۔ ماٹھی کے ساتھ کھلادیا کریں اور مازو و پھٹکڑی سفید و کشتہ سفید و سفیدہ جست مساوی وزن لیکر باریک پیسکر رکھ لیں۔ اس میں سے بقدر ڈیڑھ ماشہ لیکر پانی میں حل کرکے اس سے اندام نہانی کو دھوکر پھر ۴ رتی سفوف مذکور قدرے پانی میں گھول کر اس میں کپڑا بھگو کر رکھا جاوے۔ اسی طرح صبح و شام عمل کرنا چاہئے۔ مریضہ کو بہت جلد اس مرض سے نجات حاصل ہوگی +

۱۸۹ (ز) بیقاعدگی حیض کا علاج۔ پوست سیاہ املتاس ۸ تولہ جنگلی لبکھپرہ معہ بیخ و برگ و بار و گل و شاخ ۸ تولہ۔ مشکطرا مشیع۔ سداب۔ ریوند چینی۔ ابہل ہر ایک ۴ تولہ خرماہ ۲ عدد۔ تخم گزر ۲ تولہ۔ تخم شبت ۲ تولہ۔ شونیز ۲ تولہ۔ کنجد سیاہ ۲ تولہ۔ کپاس کے پھول و پتے ۲ تولہ۔ پکھان بید ۲ تولہ۔ مکو خشک ۲ تولہ۔ برگ بانس۔ اجوائن دیسی۔ اندر جو شیریں۔ شیطرج ہندی۔ اظفار الطیب ہر ایک ۲ تولہ۔ زنجبیل۔ چوب اگر۔ تگر۔ قرنفل۔ سنبل الطیب۔ دارچینی۔ الائچی کلاں۔ بادرنجبویہ ہر ایک ایک تولہ۔ مویز سیاہ نصف ثار۔ کشمش سبز نصف ثار گودہ گھیکوار ایک ثار۔ جملہ ادویات کو جوکوب کرکے چھ گنا پانی ڈال کر ایک شبانہ روز تر رکھیں۔ پھر جوش دیں۔ یہاں تک کہ پانی ایک چوتھائی رہجاوے۔ پھر صاف کرکے شہد خالص ۲ ثار۔ نبات سفید ۳ ثار ڈال کر شربت طیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک صبح و شام گرم پانی میں ڈال کر ایام حیض سے آٹھ یوم پہلے سے ہی پلایا جاتا ہے۔ اس سے حیض کا درد سے آنا۔ آنا یا کم یا رک کر آنا وغیرہ سب شکایات دور ہو جاتی ہیں۔ مرض اختناق الرحم میں بھی اس کو دیا جاتا ہے۔ اور برابر فائدہ پہنچتا ہے۔

۱۹۰ (ح) سفوف ہاضم نہایت خوش ذائقہ۔ نمک سیاہ ۹ تولہ۔ پوست سماق اصل سنجھی۔ انار دانہ ترش۔ زرشک۔ زیرہ سیاہ۔ پودینہ خشک ہر ایک ۳ تولہ

گشنیز خشک ۳ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ زنجبیل تولہ تولہ۔ سب کو پیسکر گلگل یا لیموں کاغذی کے پانی میں سات مرتبہ تر و خشک کر کے رکھ لیویں۔ خوراک ۳ ماشہ تک۔

(۲۷) جناب حکیم محمد چراغ خاں صاحب پھلوری

۱۹۱ (الف) حب مجرب بجہت رفع ہیضہ و قے و غثیان و دافع سموم مشروبہ دہنگامیکہ قے و اسہال بند نشود۔ و ضعف و نقاہت بسیار باشد و برائے تقویت بدن و حفظ صحت نافع است۔ نارجیل بحری تازہ یک درم۔ زہر د اعلیٰ۔ کہربائے شمعی۔ مرجان۔ عقیق یمنی۔ لعل بدخشی۔ یاقوت رمانی۔ یاقوت زرد۔ عود ہندی۔ عود صلیب ایرسا۔ مصطگی۔ قرنفل۔ دارچینی۔ قاقلہ صغار۔ ورق طلا محلول۔ جدوار خطائی۔ زعفران ہر ایک ۱۰ درم۔ صندل سرخ۔ طباشیر۔ تخم ترنج۔ تخم خرفہ مقشر۔ ورق نقرہ محلول ہر ایک نیم مثقال مروارید ناسفتہ یک مثقال۔ جواہر کو بید مشک یا گلاب سے گھس کر دیگر ادویہ کوٹ اور چھانکر بید مشک سے گوندھکر حبوب بقدر نخود بنا دیں۔ خوراک ۳ یا چار حب با گلاب و بید مشک نگل جاویں۔ اگر ایک درم فادزہر معدنی و دو قیراط عنبر اشہب و سہ قیراط مشک خالص اضافہ کریں قوی تر ہو جاوے۔ از اسرار مخفیہ و صدریہ است۔ اکثر بارہا در تجربہ آمدہ ہرگز تخلف نہ شدہ۔

۱۹۲ (ب) ادویہ ذیل واسطے اسہال اطفال و مرض چھاوہ۔ پاکہ۔ سرخ بادہ اور جملہ امراض کے فساد خون اور فساد معدہ اور فساد شیر مادر سے ہوں۔ اکسیر و سریع التاثیر ہے۔ معمول و مجرب ہے۔ انگوزہ ۱۲ ماشہ۔ روغن گاؤ میں بریاں کر لیویں۔ پھر کتھ گلابی ۷ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ فلفل سفید ۳ ماشہ۔ برگ نیم ۱۲ عدد جملہ ادویہ کو پیسکر مینگ کے ساتھ معجون بنا رکھیں۔ بچہ چھ ماہ کا ہو تو نیم رتی۔ ایک سالہ کو ایک رتی علیٰ ہذا القیاس قبض اسہال کے واسطے شیر مادر میں اور قبض کشائی کے واسطے گلقند میں۔

۱۹۳ (ج) برائے مرض سوکھا مسان یعنی اگر کسی کے بچے سوکھ کر مرجاتے ہوں حبوب مندرجہ ذیل بقدر نخود بنا کر قدرے شیر دایہ میں بچہ کو دیں اور ۲ گولی صبح و

شام دایہ خود کھاوے۔ انشاء اللہ چالیس روز میں بچہ فربہ ہو جاتا ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔
عود صلیب ۴ ماشہ۔ زعفران ماشہ۔ اندر جو شیریں ۴ ماشہ۔ پوست سنگدانہ مرغ ۴ ماشہ
صندل سفید۔ صندل سرخ۔ زہر مہرہ۔ زرورد ہر ایک ۴ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۵ ماشہ۔ الائچی
خورد ۲ تولہ۔ گل سرخ صاف ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید۔ سہاگہ بریاں۔ جدوار خطائی۔ ریشہ برگد۔ ریشہ
پیپل ہر ایک ۴ ماشہ۔ عرق گلاب دو آتشہ۔ عرق کیوڑہ۔ عرق بیخ کیلہ ہر ایک ۴ تولہ میں
کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔ پانی یا عرق گاؤزبان و بید مشک وغیرہ مناسب مزاج
دیویں۔ ایک سالہ بچہ کو ایک گولی ۲ سالہ کو دو عدد علیٰ ہذا القیاس آٹھ سال تک دوائی
کی طاقت رہتی ہے +

۱۹۴ (د) محافظ الجنین۔ یہ نسخہ اسقاط حمل سے بچاتا ہے۔ کستوری ماشہ طباشیر ۳ ماشہ
زعفران۔ گلسرخ۔ زیرہ سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ تخم دنتر ۱۱ عدد۔ برگ تلسی ۲ تولہ۔ ببا
۲ تولہ۔ سہدیوی ۴ تولہ سب کو پیس کر گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔ از ابتدائے حمل تا ایک
ہفتہ ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام۔ پھر چالیس یوم تک صبح و شام کھاویں پھر
ایک گولی آخر وضع حمل تک کھلاتے رہیں۔ اور جب بچہ پیدا ہو۔ تو اس کو بقدر ایک
باجرہ کے دیکر اوپر سے دودھ دیویں۔ اسی طرح دودھ چھوڑنے تک کھلاویں اور
بچہ کی والدہ کو بھی کھلاتے رہیں +

۱۹۵ (ہ) تریاق اختناق الرحم۔ اس نسخہ کا استعمال اختناق انقطاع طمث
تشنج۔ دیوانگی۔ خفقان۔ نفخ شکم وغیرہ امراض جو بخارات رحم سے عارض ہوں فوراً ہی
مفید اور بر دالساعتہ ہے۔ لہذا اس کا نام تریاق اختناق رکھنا چاہئے۔ اور اس کا ضماد
مرزنجوش کے پانی میں عانہ مختنقہ کے واسطے سود مند اور بر سوت مایوس کے لئے بھی
سریع التاثیر ہے۔
موجبت اور قلعی ہموزن ایک رطل کو مٹی کے برتن میں تیز آگ پر خاک کریں۔ پس خاک مذکورہ کو
چینی کے برتن میں ڈالکر سرکہ انگوری تہ میں کہ چار انگل اس کے اوپر رہے مقطر کریں اور بعد تین مرتبہ
بار بار تجدید سرکہ کی کر کے چراغ کی آگ بدستور جلا دیں اور ہر دفعہ تھوڑی کل ہجر عدہ کو مقطر کر کے کرغلان

آہنی میں نرم آگ پر منعقد کریں پھر ۲ تولہ شراب سہ آتشہ میں چار روز تک بھگو چھوڑدیں اور صافی سے صاف کر کے نرم آگ پر خشک کریں اور حفاظت سے شیشی میں ڈال رکھیں بوقت حاجت مقدار نیم حبہ سے دو حبہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان بید مشک یا آب مطبوخ بادرنجبویہ یا آب منقوعہ فادزہر یا شراب انگور یا شیر گاؤ وغیرہ چند روز تک عمل میں لاویں اور جو متقطر کرنے کے بعد نیچے بچ رہے وہ آنکھوں کی امراض دھند غبار اور سرخی وغیرہ اور ضعف بصر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ اگر تنہا قلعی پر بھی ایسا ہی عمل کر کے استعمال کراویں تو بھی مفید ہے۔ یعنی بدوں روح توتیا کے بنالیویں۔ بقاعدہ مسطورہ بالا۔

(د) عرق گوکھرو نہائت تند و حاد مخصوص برائے تحلیل بواسیر و سلعہ و خنازیر و عقود ۱۹۶
وضعف صلابت طحال وکثرت الریاح معدہ و امعا و رحم از جملہ مجربات خفیہ و سینہ بسینہ۔

صفت: ۱ عروس یکجز و۔ عقاب نصف جزو۔ پہلے عقاب کو شانہ بکری میں کہ خالی کیا ہو ڈال کر منہ اس کا ریسمان سے خوب مضبوط اور مستحکم باندھ کر درمیان کھچڑی کے وقت پکنے کے رکھدیویں۔ بعد ایک ساعت کے نکالیں تمام عقاب تحلیل ہو کر مانند آب کے ہو جائیگا۔ نکال کر سعہ عروس کے سحق کر کے حبوب دراز باندھ کر آتشی شیشی میں ڈال کر بدستور معروف روغن کشید کریں۔

ترکیب دیگر: سہل الوجود اور کثیر الوصول ہے۔ لیکن حدت اور شدت میں اس سے کمتر ایک گلی دیگ لو آب نا رسیدہ یعنی چھان گندم کا تازہ اس کی تہ میں بچھاویں اور گرداگرد اس کے ریزہ گوکھرو رکھدیں چھان گندم کے اوپر ایک پیالہ چینی یا کانچ کی آہنی تار کے ذریعہ لٹکاویں جو ایک دو انگل سطح چھان سے بلند رہے پھر ایک کٹورہ کانسی یا آہنی پانی سے پُر کر کے دیگ کے منہ پر رکھدیں اور نیچے آگ جلاویں جس وقت پانی گرم ہو جاوے تو نکال کر اور پانی تازہ ڈالدیں۔ اسی طرح چار یا پانچ مرتبہ پانی کی تجدید کریں پھر نیچے اتار کر تمام حفاظت سے کھول کر پیالہ چینی مذکورہ کو جو عرق چکیدہ سے پُر ہوگا آہستگی سے نکالیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔ بقدر ماشہ تا ۲ ماشہ استعمال میں لاویں۔ اس کا تجربہ یوں تو مخصوص اور محمول الاطباء ہے۔ ہمیشہ سے۔ اور سریع النفع اور

عجیب التاثیر ہے۔ اگرچہ اس کے فوائد استعمال کے کثیر المعمول ہیں۔ لیکن چند فوائد جو مجرب ہیں تحریر کئے جاتے ہیں:۔

(۱) جہت شقیقہ اور صداع بلغمیہ اور ریاحیہ اور معدیہ۔ پوست ترپھلہ ایک ایک تولہ ہمراہ ۶ ماشہ عرق گوکھرو کے کھرل کر کے حبوب بنا دیں۔ ایک حب سے سہ حب تک کھا دیں اور قدرے روغن سرسوں میں گھسکر ضماد کریں تین روز تک عمل میں لا دیں۔

(۲) جہت رمد و سوزش چشم قدرے آب آملہ سے حل کر کے آنکھ میں ڈالیں اور برائے سرخی ہمراہ شیرہ برگ کنجد کے گھسکر آنکھ میں ٹپکا دیں۔ اور شب کوری اور رمد کے واسطے لعاب دہن یا قدرے رسونت کے ہمراہ آنکھ میں ڈالیں اور پلکوں پر ضماد بھی کریں۔

(۳) برائے ناخونہ و ظفرہ کے ہمراہ زیرہ سیاہ کے گھسکر سرمچو سے آنکھ میں ڈالیں۔

(۴) برائے سدد و دوار ہمراہ ۲ درم زیج کے گھسکر صدغین پر ضماد کریں۔

(۵) برائے صداع ہمراہ قدرے فلفل سیاہ کے گھسکر منخرین میں ٹپکا دیں۔

(۶) برائے بخر و گندہ دہن ہمراہ خاقلہ صغار و کتھہ سفید و قند سیاہ حبوب بنا کر کھا دیں دس بارہ روز تک۔

(۷) برائے درد دنداں ہمراہ بیخ بادیان دشتی کے نیچے دانت موئلم کے رکھیں فی الفور درد کو تسکین دیتا ہے۔

(۸) برائے قلع دندان بے الم مستغط و متعفنت اُس کا ہے۔ ایسا ہی ہمراہ برگ پان کے غلولہ کر کے ماؤف دانت کے نیچے تمام رات رکھنا مسکن اور متعفنت دانت کا ہے۔

(۹) برائے درد گوش قدرے ہمراہ شیرہ اورک یا شیر عورت کے کان میں ٹپکا دیں۔

(۱۰) برائے کزاز اور تشنج ہمراہ شیرہ ادرک کے کھلا دیں یا انگورہ میں حل کر کے کھلا دیں۔

(۱۱) برائے سرفہ مزمنہ ہمراہ جوشکارا اور شہد کے کھلا دیں۔

(۱۲) برائے سرفہ مایوس العلاج اور ضیق النفس کے ہمراہ نیم درم شونیز اور قدرے شیر عشر کے حل کر کے اور ایسا ہی ہمراہ مطبوخ آب یا شیرہ زنجبیل کے دس بارہ روز تک استعمال کرا دیں۔

(۱۳) برائے رفع قبض ہمراہ ایک ماشہ روغن بیدانجیر ۲ حبہ اس کا ملا کر کھلا دیں۔

(۱۴) برائے ذرب و اسہال مزمنہ۔ نیم ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ چھاچھ یا جغرات وغیرہ کے عشرہ تک استعمال کرادیں۔

(۱۵) برائے پرمیو اور جریان دیرینہ۔ ۲ حبہ اس کا ہمراہ تین درم اجمود کے چند یوم تک۔

(۱۶) برائے حبس خون شکم۔ ایک حبہ اس کا ۲ درم موچرس۔ ۲ درم قند سیاہ میں ملا کر ہفتہ تک کھلا دیں۔ ایسا ہی دو حبہ اس کا ہمراہ شیر نوزاد کے مانع سیلان شکم و جریان ہے۔

(۱۷) برائے حمیات مزمنہ بلغمیہ۔ نیم ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ روغن تخم کتان تا ۳ ماشہ بعد کھلا دیں اور ایسا ہی ہمراہ نمک سنگ ۲ درم کے نیم ماشہ رافع حمیٰ لرزہ ہے۔

(۱۸) برائے بدہضمی و اوجاع معدہ و سستی اعصاب نیم ماشہ ہمراہ شیرہ تخم معصفر۔

(۱۹) برائے تقویت باہ و اشتہا۔ نیم ماشہ ہمراہ شیرہ گونڈی یا سپستان۔

(۲۰) برائے کرم شکم خورد و کلاں ۲ حبہ ہمراہ شیرہ ادرک یا شیرہ خیارین یا خربوزہ اوپر سے برگ پان کھلا دیں۔

(۲۱) برائے بواسیر۔ نیم ماشہ ہمراہ ایک درم پوست ترپھلہ و مقل و سلیخہ تا ۲۰ یوم کھلا دیں اور قدرے مسوں پر بھی لگا دیں۔

(۲۲) برائے علق کہ در شکم کلاں شدہ باشد بیروں آرد۔ ایک درم اس کا ہمراہ پنج درم زیرہ سفید سائیدہ کے چند مرتبہ استعمال کریں۔

(۲۳) برائے سفیات اور پرسوت۔ نیم حبہ اس کا ہمراہ دار فلفل کے ۲ روز نہار کھلا دیں۔

(۲۴) برائے اوجاع کمر وغیرہ بلغمیہ۔ ۲ حبہ اس کا ہمراہ ۲ درم سورنجاں اور زنجبیل کے کھلا دیں۔ ہر روز چند روز تک۔

(۲۵) برائے درد ناف و مغص۔ ۲ حبہ اس کا ہمراہ پنج عدد قرنفل سائیدہ کے کھلا دیں۔

(۲۶) برائے جریان کہنہ۔ یکماشہ ہمراہ دس درم شیر گوسفند یا منعقہ کے کھلا دیں۔

(۲۷) برائے صلابت طحال و کثرۃ السباح از یک حبہ تدریج اضافہ کر کے ایکدرم تک ہمراہ عرق مکو و شربت بزوری کے ملا کر چالیس روز تک استعمال کرادیں۔

(۲۸) برائے حرقت احلیل اور سوزاک کے ایک حبہ اس کا ہمراہ شیر سنبھالو کے ہمیشہ بتدریج اضافہ کر کے ایک ماشہ تک استعمال کرادیں۔

(۲۹) برائے حبس بول۔ نیم ماشہ تا یک ماشہ ہمراہ شیرہ اورک یا زنجبیل یا قلمی شورہ۔

(۳۰) برائے درد مقعد دو حبہ اس کا ہمراہ شیر گاؤ تا ایک ہفتہ۔

(۳۱) برائے سستی قضیب یک ماشہ ہمراہ زردی بیضہ مرغ تا اربعین عمل میں لادیں اور گرم پانی سے غسل کریں۔

(۳۲) برائے حفظ شیب۔ ۲ حبہ ہمراہ ۲ تولہ شہد مدام استعمال کریں اس سے قوت باہ بھی بڑھتی ہے۔

(۳۳) برائے دفع شہوت النساء۔ قدرے عرق گوکھرو کو ہمراہ بیضہ کے حل کر کے عضو پر مل کر مشغول ہوں۔ عورت فساد سے باز رہے۔

(۳۴) برائے زن عقیمہ یا جس کو صابون کھلایا گیا ہو۔ اور سیلان رطوبت سے رحم خراب اور بد حال ہووے۔ ایک ماشہ اس کا ہمراہ ۲ درم کشنیز، اور تعند سیاہ کے ملا کر تا اربعین عمل میں لادیں۔

(۳۵) برائے تصفیہ خون و بلغم ہم مفید برائے حبس طمث ہمراہ بیضہ مرغ تا چہل روز کھلادیں۔ گرم پانی سے غسل کرادیں۔

(۳۶) برائے سموم۔ ۲ حبہ صبح و شام ہمیشہ کھلادیں۔ سنہ ہر کارگر نہیں ہوتی۔ اور منی زیادہ ہووے۔

(۳۷) برائے قروح بدجروح و بواسیر و بہق اور برص و کلف۔ اکلاً و طلاً تمام مفید ہمراہ روغن گاؤ و سندروس کے ملا کر ضماد کریں۔ اگر اس سے دو حبہ ہمراہ ۲ تولہ اطریفل صغیر یا ت کے کھلادیں۔ صداع و شقیقہ مزمنہ کو دو ہفتہ میں زائل کرتا ہے۔ اور اگر ترپھلہ اور ترکٹہ ہر ایک مساوی الوزن کوٹ چھان کر دو تولہ اس میں سے لیکر دو حبہ روغن گوکھرو ملا کر حبوب یا سفوف بنا کر کھلاویں اور مدام استعمال کریں تو مقوی معدہ ہاضم و کاسر ریاح و مزیل طحال ہے۔ اور علیٰ ہذا القیاس ۲ حبہ اس کا شیرہ ادرک کے

مزیل صلابت طحال ہے۔ چالیس روز تک استعمال کریں۔ اگر ایک ماشہ ہمراہ بیضہ مرغ کی زردی کے چالیس روز تک استعمال کریں تو نہایت ہی مقوی باہ ہے۔ لیکن ایک ساعت بعد آب گرم سے غسل کر لینا چاہئے۔

(۳۸) برائے استسقاء۔ ایک ماشہ اس کا ہمراہ سہ درم سفوف برگ برہم ڈنڈی اور شربت بزوری اور عرق عنب الثعلب کے استعمال کریں اور اگر نیم ماشہ اس کا ہمراہ نیم آثار اذنیقس اسود اور سہ درم اذنیقس (فلفل دراز) کے کھلاویں مزیل ریاح مزمنہ۔ اور طلا اس کا ساتھ شیرہ آک کے مزیل داء الثعلب اور قوبا اور چنبل کا ہے۔ اور برائے لسع حیہ طلاءً مفید۔ فوائد اس کے بے شمار ہیں۔ ہر مرض میں سوچ سمجھکر ہمراہ ادویہ مناسبہ کے استعمال کرائیں۔

۱۹۷ (ز) حب عنبر در تقویت باہ و امساک بے نظیر است۔ و بعد شش ساعت نعوظ مے آرد۔ و داشتن در دہان موجب اقامت نعوظ و خوشبوئے دہان و مقوی دماغ است۔ مشک خالص۔ مصطگی۔ قرنفل ہر ایک ایک مثقال۔ عنبر اشہب۔ خصیۃ الثعلب۔ خولنجان ہر ایک ۲ مثقال۔ مایہ شتر اعرابی سہ مثقال کوٹ چھانکر گولی بقدر فندق بنا دیں اور ہر روز ایک عدد کھاویں۔ و عقب آں شراب یا شیر تازہ یا آب تند تیز گ یا آب نخود خام پی لیں۔ اور ½ مثقال تک ۲ گولیاں کھا سکتے ہیں۔ اور مرطوب المزاج زیادہ اس سے کھا سکتے ہیں۔ قبل از مباشرت دو ساعت۔

۱۹۸ (ح) مفرح طرب افزا نشاط و سکر سا آرد و خشکی مطلق ندارد و در تقویت دل و دماغ و باہ بے نظیر است۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ بہمن سرخ و سفید۔ کبابہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری مثقال۔ دانہ ہیل۔ دار چینی۔ جوز بوا قرنفل گل سرخ۔ فرنجمشک۔ صندل سفید۔ بسباسہ۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ مغز بادام تخم خشخاش۔ گلاب ہر ایک پاؤ سیر۔ روغن برگ قنب نیم۔ عسل خالص۔ قند سفید یک نیم سیر مفرح بنا دیں۔ اگر باہ زیادہ و تقویت قلب منظور ہو تو تخم ہلیون۔ تودری سرخ و زرد ایک ایک تولہ بڑھا دیں۔ اگر گرمی مزاج میں ہو تو بعضے اجزائے حارہ کم

دیں۔ ترکیب روغن برگ بھنگ۔ ایک سیر بھنگ کو دو سیر دودھ میں رات کو تر کریں۔
اور صبح کو جوش دیویں تاکہ بھنگ کا اثر دودھ میں ظاہر ہو وے۔ پس صاف کر کے ۱۰ پاؤ
روغن زرد داخل کر کے پھر آگ پر نرم جوش دیویں تا قریب انعقاد کے پہنچے پس سرد
جگہ میں نگاہ رکھیں تاکہ دھنیت شیر سے اوپر آکر مائیت سے جدا ہو وے۔ روغن کو
کف دست سے اٹھا دیں۔ جیسا عطر اٹھاتے ہیں۔ بطریق دیگر اس سے فائدہ لطیف
نکلتا ہے۔ وہ اس طرح کہ بھنگ کو شیر میں چند جوش دیویں اور پھر بدستور معمول جغرات
جما دیں اور ماست کو مخیض کریں اور مسکہ اس سے اتاریں۔

۱۹۹ (ط) طلا مصلح مجلوق عسر البرد ملذذ۔ مغز گھونگچی سفید۔ مغز گھونگچی سرخ۔ تخم
دھتورہ۔ عقر قرحا۔ گج پیپل۔ شنجرف۔ خولنجاں۔ جوز بوا۔ بیخ کرنچ۔ پوست بیخ اڑوسہ۔
پوست بیخ حب السلاطین ہر ایک ۱ ماشہ۔ مصطکی رومی۔ دار چینی۔ قرنفل ہر ایک
۲ ماشہ خراطین خشک نیم پاؤ شاہجہانی۔ شیر گاؤ پانچ آثار شاہجہانی تمام ادویات کو جو کوب
کر کے پوٹلی باندھ کر شیر میں ڈال کر جوش دیں جب نصف رہ جاوے سرد کر کے جغرات
باندھے اور روغن نکال کر عند الحاجت اس روغن سے ۳ ماشہ لیکر مشک۔ زعفران
کافور چینیہ بقدر ایک ایک سرخ باریک کر کے ملا لیویں اس مجموعہ سے چار سرخ عضو پر مالش
کر کے اوپر سے برگ پان باندھیں۔ چند روز یہی عمل کریں۔ اگر صحیح المزاج لذت کے واسطے
استعمال کرنا چاہے۔ قضیب کو قدرے مسکہ مذکور سے چرب کر کے مشغول ہوں۔ تو
نہایت لذت بخشتا ہے۔ اگر پوست بیخ جھالگوٹہ نہ ملے تو اس کے بجائے بیخ کنیر سفید
ڈال سکتے ہیں۔ جب پوٹلی کو شیر سے نکالیں تو اس کی ادویات کا بطور تیل جنتر روغن
کشید کریں۔ فائدہ یہ روغن نہایت سریع التاثیر واسطے مجلوق اور عنی کے تجربہ میں آ
چکا ہے۔ فاحفظ فانہ من الاسرار

۲۰۰ (ی) معجون نشاط۔ سپاری تیلیہ ۳ چھٹانک۔ ۳ سیر گائے کے دودھ
میں کڑاہی کے اندر کوٹ کر ملا دیں۔ اور نرم آنچ پر پکا دیں یہاں تک کہ دودھ گاڑھا
ہو جاوے۔ پھر بہمن سرخ و سفید عقر قرحا ہر ایک ۲ تولہ بیوزنفتی ۱ تولہ سبکو کوٹ کر کڑاہی

میں ڈالیں اور ڈھائی چھٹانک روغن گاؤ اور مصری نیم سیر داخل کر کے معجون بنا دیں۔
خوراک ۲ تولہ۔ اگر پیر ہشتاد سالہ بھی کھاوے تو قوت برجا ہو اور جو عورت وضع حمل کے
چالیس دن بعد ایک تولہ ہر روز کھاوے قوت قائم ہو۔ جریان۔ سیلان عورتوں و مردوں
کے لئے نہائت مفید ہے۔ اکثر ضعیف عورتوں کے لئے مجرب ہے۔ گرم مزاجوں کے
لئے عقرقرحا نہ ڈالیں۔ بلکہ بہمن سفید بجائے ۲ تولہ کے ۴ تولہ ڈالیں اور بہ تغلب مصری
ڈیڑھ تولہ زیادہ کریں۔

۲۰۱ (ک) کشتہ شنگرف۔ یہ نسخہ قوت باہ اور امساک کے واسطے اسرار مخفیہ سے
ہے۔ شنگرف ایک تولہ ایک قطعہ لیں۔ اور بطیخ زقی (تربوز) کے پیٹ میں جس کا
وزن ۴ سیر پختہ سے کم نہ ہو سوراخ کریں اور وہ قطعہ شنگرف اس میں ڈالیں اور
اجزائے مستخرجہ سے منہ ہندکر کے چیتھڑے دو انگل موٹائی میں خوب مضبوطی سے
لپیٹیں۔ اور خشک ہونے کے بعد دونوں پہلوؤں کو کسی چھری یا چاقو سے پھاڑ دیں
اور ہوا سے بچا کر ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ شگفتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ لیکن بعض
دفعہ کچھ حصہ ڈلی کا شگفتہ اور کچھ خام نکلتا ہے۔ اس وقت شگفتہ اتار کر خام کو پھر دوسرے
تربوز میں اسی طرح آگ ۲۵ سیر کی دیویں لیکن حفاظت رہے کہ آگ کم و بیش نہ ہو
ورنہ زیادتی کی حالت میں کم وزن اور کمی کی حالت میں ناقص ہوگا۔ یہ کشتہ جس کو
کھلایا گیا۔ اس نے نہائت قوت باہ اور نعوظ اور امساک پیدا کیا۔ الغرض ایک ہفتہ
میں نامرد کو مرد کر دیتا ہے۔ خوراک ایک رتی۔ کل امراض دماغیہ و عصبانیہ کے
واسطے مفید ہے ✦

۲۰۲ (ل) کشتہ شنگرف۔ شنگرف ایک تولہ ایک قطعہ لیں۔ جوز ماثل ۱۰۰ عدد۔
لیکر (ایک کڑاہی میں گھی ڈال کر آگ پر چڑھا دیں) ایک دانہ کو شگاف دیکر شنگرف
اس میں رکھکر ۲ تولہ آردگندم کا لیپ کریں اور روغن میں پکا دیں جب آرد کا رنگ سرخ
ہو جائے اس میں سے نکال کر دوسرے میں بدستور سابق رکھکر آردگندم کا غلاف
دیکر روغن میں پکا دیں۔ علیٰ ہذا القیاس تمام جوز ماثل میں اسی طرح پکا دیں۔ پس کشتہ

تیا ہے۔ کیسا ہی نحیف البدن اور کمزور کیوں نہ ہو ایک ہفتہ کے استعمال سے شہ زور ہو جائیگا۔ چہرہ چمکنے لگے گا۔ نطفہ قابل انعقاد ہوگا۔ یعنی اولاد کے لائق ہو جائیگا۔ نامردی اور سستی کافور ہوگی۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ وغیرہ مناسب النوپان +

۲۰۳ (م) کشتہ نقرہ۔ قوت باہ۔ خفقان۔ تقویت معدہ اور تقویت جملہ اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ برادہ سیم خالص یا ورق نقرہ کو تھوہر یعنی زقوم کے پانی میں کھرل کریں پھر قدرے آب دودھک و آب گل سرخ بہاری یا گلاب دو آتشہ میں کھرل کرکے غلولہ بنا دیں۔ ایک بڑے اوپلہ میں ڈال کر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیویں۔ سرد ہونے کے بعد پیسکر نگاہ رکھیں۔ ضعف معدہ کے لئے استعمال کرنا ہو تو طباشیر۔ الائچی خورد۔ جوارش مصطکی ہر ایک دو رتی میں یہ کشتہ ایک رتی ملا کر دیویں اور اگر قوت بدنی و جریان منی وغیرہ کے لئے استعمال کرنا ہو تو پوست اسبغول۔ الائچی خورد۔ ست سلاجیت۔ مروارید ناسفتہ۔ ثعلب مصری ہر ایک ۲ رتی فی خوراک ملا کر کشتہ ایک برنج داخل کرکے ہمراہ کھوئہ شیر کے کھلا دیں اور قوت باہ کے لئے مکھن میں ایک برنج سے شروع کرکے ۲ رتی تک پہنچا دیں۔ سال میں ۳ ماشہ سے زیادہ نہ کھاویں۔ ترشی اور قند سیاہ روغن سیاہ اور گرم و خشک چیزوں سے پرہیز رکھیں +

۲۰۴ (ن) نسخہ جریان۔ صدہا نسخے قیمتی بمقابلہ اس غریبانہ نسخے کے ہیچ ہیں۔ درخت برگد کے تازہ زرد پتے ایک من پختہ تین چار گھڑوں میں پانی ڈال کر تر کر رکھیں۔ آٹھ پہر کے بعد آہنی کڑاہی میں جوش دیویں۔ جب پتے خوب گل جاویں تو اتار کر سرد کریں اور ہاتھ سے ملیں۔ اور صاف کرکے پھر آگ پر چڑھا دیں اور نرم نرم آگ پر پکا دیں۔ جب قوام اس کا افیون سے قدرے رقیق ہو جاوے۔ تو آگ موقوف کرکے صرف کوئلوں کی آنچ پر کفایت کریں۔ جب قوام اس کا افیون کے مانند ہو جاوے۔ تو بوہیلی ۵ تولہ باریک کرکے ملا دیں۔ اور لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ پھر طباشیر اور اسبغول کی بھوسی اور آرد تخم تمر ہندی ہر ایک ایک تولہ ملا دیں۔ اور حبوب بقدر کنار جنگلی کے باندھیں۔ پہلے دن نیم رتی دوسرے روز ایک رتی۔ اسی طرح بڑھاتے ہوئے ایک گولی تک

پہنچا دیں۔ مرچ سرخ اور گرم تیز غذاؤں سے پرہیز رکھیں۔ مروارید ۲ رتی۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد ورق طلا ۲۰ عدد داخل کر کے کھاویں، تو فائدہ تقویت باہ کا بھی دے گا۔ اور امساک کا فائدہ افیون والی دواؤں سے اس نسخہ میں زیادہ ہے۔ منی صالح پیدا ہوگی۔ اور جریان منی زائل ہوگی +

(۲۸) جناب حافظ حکیم محمد اسمٰعیل صاحب دہلوی

بموجب فرمان چند مجرب نسخہ برائے اسرار حکمت جلد دوم ارسال خدمت ہیں۔ امید کہ جناب ازراہ عنائت درج فرما کر ممنون و مشکور فرمائینگے۔

۲۰۵ (۱) ورم پستان یا تھنیلہ۔ یہ ایک نہائت موذی مرض ہے۔ کہ صدہا عورتیں اس مرض میں گرفتار ہو کر قسم قسم کی تکلیفیں برداشت کرتی ہیں۔ اور ابتدائے مرض سے لیکر انتہائے مرض تک بمشکل نجات پاتی ہیں۔ بہت ہی خوش قسمت ہے وہ عورت کہ صاحب اولاد ہو کر تمام عمر میں ایک مرتبہ بھی اس جانکاہ صدمہ کا منہ نہ دیکھا ہو۔ یہ ایک قسم کا ورم ہوتا ہے۔ کہ عورتوں کے اکثر دودھ بھرے پستانوں میں بچہ کے سر کی ضرب سے یا کسی اور شے کے لگنے سے یا بہت دودھ کے جمع ہونے سے اور اس کے خرچ نہ ہونے سے یا اور کسی طرح مادہ غیر طبعی کے باعث پیدا ہو جاتا ہے۔ اور بہت تکلیف دیتا ہے۔ ہزارہا ادویات اس کے دفعیہ کے لئے موجود ہیں لیکن جہاں تک تجربہ سے ثابت ہوا یہی ثابت ہوا کہ اس دوا سے بہتر اور کوئی دوا نہیں۔ اس پر خوبی یہ کہ کم قیمت اور ہر مزاج کے موافق اگر ابتداً ہی اس کا استعمال کیا جاوے تو یہ ورم بلا پکائے اور پھاڑے دفع ہو جاتا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ مویز منقی ۲ تولہ کہ دانہ نکال لئے ہوں۔ کشمش ۲ تولہ۔ مغز بادام ۲ تولہ قدرے پانی سے سل پر پیسکر نیم گرم ضماد کریں۔ انشا اللہ تعالےٰ ایک دو روز میں آرام ہو جائے گا۔ اور اگر مریض نے اس وقت خبر دی ہے کہ ورم پختہ ہو کر پیپ پڑ گئی ہے اور پھٹا نہیں ہے تو ۴-۵ برگ گل عباسی گرم کر کے روغن کنجد میں چپڑ کر باندھیں انشا اللہ بہت جلد منفجر ہو جائیگا اس کے بعد یہ مرہم استعمال کریں۔ برگ نیب کسی برتن میں

بند کر کے سوختہ کریں اس قدر کہ سفید نہ ہوں بلکہ سیاہ رہیں۔ڈھائی تولہ یہ راکھ ۵ تولہ روغن سرسوں آگ پر گرم کر کے ملائیں۔اور آگ پر سے اتار کر نصف گھنٹہ نیب کے ڈنڈا سے خوب حل کریں۔بس مرہم تیار ہے۔یہ مرہم زخم پر چپڑ کر اوپر راکھ برگ نیب بند کو ذرا ذرا چھڑک دیں اور دو تین دن بعد زخم کو جوشاندہ برگ نیب قدرے صابون ملا کر دھو دیا کریں۔انشاء اللہ بہت جلد زخم صاف ہو کر مندمل ہو جائیگا صدہا مریضوں پر اس مرہم کا استعمال ہو چکا ہے۔

۲۰۶ (ب) جو بچہ کہ خشک ولاغر ہو گیا ہو۔اور دست سبز رنگ یا زرد رنگ جاری ہوں اور سینہ کی ہڈی بلند اور فم معدہ پر گڑھا ہو گہ اکثر بچے اس مرض میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جاتے ہیں اور اپنے والدین کو سخت صدمہ پہنچاتے ہیں۔صدہا علاج کرتے ہیں مگر آرام نہیں ہوتا لہذا اس مرض کے واسطے یہ نسخہ بہت مفید ہے۔اس سے بہتر اور کوئی دوسری دوا مفید نہیں دیکھی۔ - - - - - - - - -

- - - - - - - - - - دو نیفن بیڑہ پان معہ

مصالحہ معمولی بنا کر چار پانچ برگ مکو سبز کتر کر ہر ایک بیڑہ میں ملا کر چبائیں۔اور پشت مریض پر خصوصاً استخوان ہائے شانہ کے درمیان پیک تھوک دیں۔اور جلد کو دست سے ملیں۔اور کپڑے سے جلدی سے پونچھ کر دیکھیں کہ تمام پشت پر کیڑے نمودار ہونگے بہت جلد ناخن سے نکال لیں اور پھر پیک ڈالیں اور کرم نکالیں۔اسی طرح تین مرتبہ کریں۔تین روز تک اس علاج سے دست بند ہو جاتے ہیں۔اور بچہ دن بدن فربہ و طاقت ور ہو جاتا ہے۔اور مرض جاتا رہتا ہے۔ہذا عجیب غریب جزئیہ مراراً وجدتہ نافعاً جداً۔

(۲۰۷) (ج) یہ نسخہ قوت باہ کے واسطے عجیب و غریب ہے۔رفع سستی عضو بجلوق کے لئے عجیب الخواص ممسک بھی خوب ہے۔بہت مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔نسخہ:۔کشتہ نقرہ ۳ ماشہ۔جدوار۔شنگرف رومی۔ہلدیا۔زہر۔قرنفل۔عود ہر ایک ۳ ماشہ۔جوزبوا۔تخم بالنگو۔تخم بابونہ ۲-۲ ماشہ عقرقرحا۔بچھناک سفید مصطگی رومی

مرواریدنا سفتہ ۔ مشک ۔ عنبر اشہب ماشہ ماشہ ۔ جندبیدستر ۴ ماشہ ۔ زعفران ۴ ماشہ ۔ افیون ۲ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر گلاب بقدر حاجت ملاکر پچاس قرص بنائیں اور وقت عصر ایک قرص بغرانہ ہمراہ شیر گاؤ ۔ ثار ۔ کھائیں ۔ اور شب کے وقت تھوڑا سا قرص شراب برانڈی میں گھسکر قضیب پر طلا کریں ۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے ۔ فاحفظ فانہ من الاسرار المخفی

۲۰۸ (د) سوزاک کے لئے یہ نسخہ عجیب و غریب ہے ۔ بھروزہ خشک ۲ تولہ ۔ رال ۱۰ ماشہ سندروس ماشہ ۔ نبات سفید تولہ کوفتہ بیختہ اول روز شش ماشہ ہمراہ آب شبینہ کھاویں ۔ و روز دوم سہ ماشہ اسی طرح ہر روز سہ ماشہ ہمراہ آب شبینہ کھاویں ۔

(۲۹) جناب حکیم مولوی غلام محی الدین صاحب نصرت چوہنگ

۲۰۹ (ا) چنبل کے ۔ لئے میرا مجرب نسخہ ۔ اسرار حکمت کے لئے ارسال ہے ۔ ثمر بکائن خشک کا روغن بذریعہ پاتال جنتر نکال لیں ۔ اور اس کو تمام چنبل پر لگائیں ۔ تیسرے روز پھر ایک دفعہ لگا دیں ۔ جلد خود بخود اتر جاویگی ۔ تیسری دفعہ پھر لگا دیں ۔ انشا اللہ تعالےٰ ہمیشہ کے لئے صحت ہو جاویگی ۔ میرا مجرب و معمول ہے ۔

(۳۰) جناب حکیم مظہر الحسین صاحب سونی پت

۲۱۰ (ل) جوہر کلاں معروف بہ پیڑہ والا ۔ برائے دفع مادہ سوداوی و بلغمی خصوصاً بعد تنقیہ بجد مفید و مجرب ۔ رسکپور ۔ سم الفار ۔ دار چکنا ۔ پارہ ۔ شنگرف ہر واحد تولہ ۔ شراب ۔ ثار یا گلاب دو آتشہ ۔ ثار ۔ میں حل کر کے بطریق معروف جوہر اڑا لیں ۔ روغن گاؤ ۔ ثار ۔ سے چراغ جلاکر اس کی آنچ سے جوہر اڑا دیں ۔ پھر دو چاول پیڑہ میں رکھکر کھلا دیں اتنی احتیاط رکھیں کہ زبان و حلق وغیرہ کو دوا نہ لگے ۔ اگر اس کے کھلانے سے گرمی محسوس ہو تو ڈیڑھ چاول جوہر کو اور نصف چاول پھٹکڑی بریاں ملاکر کھلائیں ۔

۲۱۱ (ب) نسخہ برائے آتشک و وجع المفاصل مفید و مجرب ۔ سیماب کشتہ سفید ۔ گندھک آملہ سار ۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ ۔ پہلے سیماب و گندھک کو باریک پیسکر بعد ازاں اجزائے بقیہ ملاکر خوب پیسیں اور بہ احتیاط رکھ چھوڑیں ۔ خوراک ۲ چاول معجون عشبہ میں ۔

۲۱۲ (ج) سفوف برائے تپ لرزہ۔ برگ نیب۔ گوکنار۔ مساوی الوزن لیکر سفوف بدستور بنالیں اور بخار کی نوبت سے ایک گھنٹہ پیشتر ایک ماشہ زیادہ سے زیادہ ۲ ماشہ آب تازہ سے کھاویں۔

۲۱۳ (د) سفید دوا برائے تپ لرزہ وقتی واسہال وتپ بلغمی پھٹکری بریاں ۲ رتی کو مویز منقی یا پتاشہ میں رکھکر وقت نوبت بخار سے ایک گھنٹہ پیشتر کھلاویں۔

(۲۱۴) (ہ) مرہم ناسور مجرب۔ جو بارود دیسی ایک حصہ۔ روغن کنجد ۲ حصہ۔ روغن کڑاہی آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب روغن گرم ہو جاوے۔ بارود اس میں ڈال کر دستہ آہنی سے حل کریں۔ جب کہ مثل مرہم ہو جاوے۔ پھر کپڑے کی بتی بناکر اس میں آلودہ کرکے ناسور میں رکھیں۔ اسی سے بدگوشت دفع بھی ہو جائیگا۔ پھر زخم مندمل بھی ہو جائیگا +

۲۱۵ (و) کشتہ سرمہ سفید برائے بواسیر خونی۔ سرمہ سفید ایک تولہ کو پانچ چھٹانک دہی میں کھرل کریں۔ اس کے بعد خشک کرکے قرص بناکر سات سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں۔ جب آگ سرد ہو جائے باہر نکال کر کھرل کرکے دس خوراک کریں۔ ایک روز مسکہ گاؤ میں ملاکر کھلاویں +

۲۱۶ (ز) سرمہ سبز برائے بیاض وغشاوہ وتقویت چشم۔ شب یمانی ۲ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ زنگار ۲ ماشہ۔ زعفران ماشہ۔ افیون ماشہ۔ کتیرا ۹ ماشہ۔ زجاج صاف کردہ ۹ ماشہ۔ کف دریا ۹ ماشہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔ توتیائے سبز ۲ ماشہ۔ مثل سرمہ پیسکر صبح کے وقت ایک سلائی آنکھ میں لگایا کریں۔ اگر سرمہ سبز کو ناخنہ کے واسطے بناویں۔ تو شنگرف ادویہ مذکورہ میں ملادیں۔ اور اگر پلک کے بال نہ اُگنے کے واسطے استعمال کریں۔ تو بقدر نیم ماشہ افیون اور ۲ رتی زعفران پانی میں حل کرکے سلائی اس میں آلودہ کرکے سرمہ مذکورہ اس میں لگاکر پلکوں کے بال اکھاڑ کر سلائی پھیریں۔ تین چار روز صبح شام سلائی پھیریں۔

۲۱۷ (ح) دوائے مسہل۔ شنگرف رومی ۲ تولہ کا ٹکڑا لیکر پاؤ ڈنار شراب برانڈی

ڈال کر پکا دیں۔ جب چھٹانک بھر شراب باقی رہ جاوے تو آگ پر سے اتار کر کھرل کریں یہاں تک کہ خشک ہو جاوے۔ آنچ نرم ہونی چاہئے۔ جب خشک ہو جاوے۔ تو اس کو پیس لیں اور احتیاط سے رکھ چھوڑیں۔ ایک پاول زیادہ سے زیادہ ۲ چاول معجون آرد یا معجون بلوب صغیرہ ماشہ یا معجون کبیرہ ماشہ میں ملا کر کھا دیں۔

۲۱۸ (ط) دوائے یرقان۔ کدوئے تلخ کا گودہ خشک کر کے سفوف کر کے شیشی میں رکھ لیں۔ وقت ضرورت تھوڑا سا بطریق عطوس استعمال کریں۔

(۳۱) جناب حکیم مولوی سید انیس احمد صاحب داؤد نگری

آپ حضرات کے لئے ذیل میں چند اعمال و تعویزات شائقت مجرب و آئے دن کے آزمودہ جو کہ آبائی سفینوں کے علاوہ سینہ بسینہ اس فقیر تک پہنچے ہیں درج کرتا ہوں۔ ان کے لئے شرعی طہارت کیا ظاہری کیا باطنی شرط ہے۔ عقیدہ ہونا چاہئے۔ نقوش اسماء الٰہی و کلام ربانی ہیں۔ مثل اس خاکسار آپ کو نفع نہ پہنچے ایں چہ! لیجئے اپنے سلسلہ کے موافق اجازت بھی دیئے دیتا ہوں لکھئے اور فائدہ اٹھائیے اور کبھی اس فقیر کو بدعا خیر یاد کر لیجئے۔

۲۱۹ (ل) برائے دفعہ تپ نقش ذیل کو لکھ کر گلو میں باندھئے مع تسمیہ و سورہ فاتحہ تا آمین لکھیں بعدہ اسے لکھئے۔ هذا الكتاب من الله العزيز الحكيم - محمد بن عبد الله و عبد الله بن عبد المطلب بن هاشم بن عبد المناف حرها بردها من محموم الحمى هذ الجلد فلاں بن فلاں (نام مریض کا اور اس کے باپ کا لکھ دیجئے)۔

نقش معظم یہ ہے

۱۶	۲	۳	۱۳
۵	۱۱	۱۰	۸
۹	۷	۶	۱۲
۴	۱۴	۱۵	۱

۲۲۰ (ب) میں نے اسی نقش اجل کو بطریق دیگر جیسے ذیل میں درج کرتا ہوں بکثرت لکھ کر حفظ صحت کے لئے عوام الناس کو دیئے ہیں۔ اور آئے دن دیتا رہتا ہوں بلاشک جب تک یہ پاس رہتا ہے

٨	١١	١۴	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	۴	١٥

امراض و آفات و بلیات سے انسان محفوظ دیکھا گیا۔ بفضلہ و کرمہ تعالیٰ مع تسمیہ و سورہ فاتحہ لکھنا افضل ہوتا ہے۔

۲۲۱ (ج) برائے دفع درد نیم سر۔ آیات قرآنی لکھکر بصورت تعویذ پیچ دیکر سر پہ باندھیں یا نیچے ٹوپی کے رکھیں وھو ھذا۔ کھیعص ۔ ذکر رحمت ربک عبدہ زکریا ۔ اذ نادی ربہ نداءً خفیاً ۔ قال رب انی وھن العظم منی و اشتعل الراس شیباً ولم اکن بدعائک رب شقیا ۔

۲۲۲ (د) برائے دفع درد سر دائمی جو کہ ہر وقت رہتا ہو کسی وقت زمانہ سکون کا نصیب نہ ہوتا ہو کسی نوع نہ جاتا ہو تو بروز آخر جمعہ ماہ رمضان المبارک ذیل کی آیات لکھکر بصورت تعویذ بنائیں اور سر پر باندھیں یا نیچے ٹوپی کے رہنے دیں۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلہ ساکنا ثم جعلنا الشمس علیہ دلیلا ۔ ثم قبضناہ الینا قبضا یسیرا ۔

۲۲۳ (ہ) برائے دفع صرع اطفال مجرب المجرب۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا قاھر ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاھر یا مذل کل جبار عنید بقھر عزیز سلطانہ یا مذل لہ بروز یکشنبہ خون کبوتر سیاہ یا سفید سے بوقت طلوع آفتاب لکھکر گلو میں مصروع کے باندھیں اور اہل ہنود زعفران سے بھی تحریر کرا کر باندھ سکتے ہیں۔

۲۲۴ (و) دفع درد چشم کے لئے اس آیت کو لکھ کر پیشانی پر آویزاں رکھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ مجرب بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ولو نشاء لطمسنا علی اعینھم فاستبقوا الصراط فانی یبصرون ۔ ولو نشاء لمسخنٰھم علی مکانتھم فما استطاعوا مضیا ولا یرجعون ۔ فکشفنا عنک غطاءک

فبصرک الیوم الحدید ۃ

۲۲۵ (ز) دفع خفقان و وحشت قلب کے لئے بعد نماز فجر بروز جمعہ مشک و زعفران کو گلاب میں ملا کر تین تعویز لکھیں اور صبح و دوپہر و شام کو ایک ایک گلاب میں ملا کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ دوسرے تیسرے روز صحت کامل ہوتی ہے۔ مجرب۔ و اما ینزغنک من الشیطان نزغ فاستعذ باللہ انہ سمیع علیم ۃ ان الذین اتقوا اذا مسہم طائف من الشیطان تذکروا فاذا ہم مبصرون ۃ

۷۸۶

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

(۳۲) جناب حکیم نانک چند صاحب وید قلعہ سوریاں

چند نسخہ جات مجربہ ارسال خدمت ہیں۔ اسرار الاطبا میں درج فرما کر مشکور فرما دیں۔

۲۲۶ (ل) بلیلہ زرد ۹ ماشہ۔ تخم پنواڑ ۱ تولہ۔ بھنگرہ ۳ تولہ۔ بیخ چیتہ ۱ تولہ۔ پرانا گڑ سیر خام ۲۰ تولہ۔ سب دوائیں کوٹ چھان کر گڑ سے گولیاں بقدر جنگلی بیر کے بنا دیں۔ قوت باہ اور بدن اس سے از حد پیدا ہوتی ہے۔ ممسک از حد درجہ کی ہیں۔ جو کوئی بلا ناغہ ایک سال تک استعمال میں لاوے۔ تو پہلے مہینہ میں بدن کی بیماریاں دور ہوں گی۔ اور دوسرے ماہ میں اگر کبھی کوڑھ ہو تو وہ دور ہوگا۔ تیسرے ماہ میں جسم بادام جیسا ہوگا چوتھے ماہ میں زکام اور خارش اور سختی بدن دور ہوگی۔ اور پانچویں ماہ میں بال سفید سیاہ ہونگے۔ ساتویں ماہ میں قوت حافظہ زیادہ ہوگی۔ دسویں ماہ میں نسیان نام تک نہ رہیگا۔ گیارہویں ماہ میں جو سنے گا یاد رہیگا اور بھولا ہوا یاد ہوگا۔ بارہویں ماہ میں کمال کا اثر نظر آئیگا۔ مجرب المجرب اور کثیر النفع ہے۔

۲۲۷ (ب) کباب چینی۔ عاقر قرحا۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ خولنجان۔ بہمن سفید۔ تخم اوٹنگن۔ تخم کرفس۔ کھارہ۔ زعفران۔ لونگ۔ جائفل۔ دار چینی مساوی الوزن لیکر باریک کریں۔ تھوڑا زیرہ سفید اور سونٹھ شہد کے قوام کے وقت بھی داخل کریں اور معجون بنا دیں۔ اور کل دواؤں کے آٹھویں حصہ کے برابر افیون ملا کر گولیاں بمقدار نخود تیار کریں اور جماع کے وقت ایک گولی کھا دیں۔ پھر قوت باہ کا تماشہ دیکھیں

۲۲۸ (ج) بند کرنے ہیچش و مروڑ کے اکسیر ہے۔ کہربا۔ گل انار۔ صمغ عربی۔ اتا اشیا ہر ایک عدد
ایکتولہ تمام اشیا باریک کر کے سفوف بناکر ہمراہ شربت صندل کے دیویں۔

۲۲۹ (د) دیگر۔ ثمان کوڑہ سیر خام۔ تمبا کو عمدہ کوڑہ سیر خام ۱۲ سیر خام پانی ڈال کر
جوش دیویں۔ جب سیر کے قریب رہ جاوے اتار کر چھان لیویں۔ اس پانی کو جلاویں۔
جب گاڑھا ہو جاوے سوہاگہ سفید پھول کیا ہوا ذرا ملا کر گولیاں نخود کے برابر بناویں۔
ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ عرق سونف کے دینا مفید ہے۔ یہ ایک فقیر کا نسخہ
بتایا ہوا ہے پیچش اور دمہ کو مفید ہے +

(۳۳) جناب حکیم محمد عبدالباری صاحب طبیب وڈاکٹر رائسین

نسخہ جات مندرجہ ذیل بغرض اندراج اسرار حکمت ارسال ہیں۔ میرا مجرب نسخہ
جو ایک جوگی سے ملا ہے۔ گرم بخاروں میں سرد پانی سے۔ سرد بخاروں میں گرم پانی سے
ایک گولی صبح ایک شام کھلانی چاہئے +

۲۳۰ (ا) کالی زیری ۴ تولہ۔ اجوائن دیسی ۴ تولہ۔ زنجبیل تولہ۔ نمک سیاہ تولہ۔ نمک
طعام تولہ۔ سب دواؤں کو باریک پیسکر پانی میں گوندھکر ایک مٹی کے کورے برتن میں
بھر کر سرپوش سے بند کر کے آٹے سے لب بند کر کے انگاروں پر اتنی دیر تک رکھیں
کہ پانی خشک ہوکر گولی بننے کی قابلیت ہو جاوے۔ تب آگ سے اتار کر تخم ریٹھہ کے
برابر گولیاں بنائیں۔ بچوں کو آدھا ٹکڑا حسب سن دے سکتے ہیں۔

۲۳۱ (ب) حب ممسک و مقوی باہ قابل تعریف ہے۔ جائفل وزنی ۱۴ عدد۔
برگ سبز دہتورہ سیاہ کے پانی میں چار پانچ روز تک تر رکھیں جب پانی خشک ہو
جاوے۔ کنجشک خانگی نر پر وبال سے صاف کر کے ہر چڑے کے پیٹ میں ایک
جائفل رکھکر دھاگے سے سی کر بقدر ضرورت گھی میں بریاں کر کے ہاون دستہ میں
خوب کٹوا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنوائیں۔ جماع سے دو گھنٹہ پہلے ڈیڑھ پاؤ دودھ
میں دو تین چھوہارہ جوش دیکر۔ ایک گولی کھا کر دودھ پی لیں +

(۴۴) جناب حکیم محمد عبدالعزیز صاحب شہر سیالکوٹ

چند مجربات و معمولات امراض نسواں و اطفال ہو وہ ایک عام مجرب ادویہ ارسال خدمت ہیں۔ اگر پسند خاطر ہوں تو اسرار حکمت جلد دوم میں بغرض رفاہ عام جگہ دیں۔

۲۳۲ (ا) سیلان الرحم۔ کثیر الوقوع مرض ہے۔ اس کے لئے ہمارا معمول طریق۔ علاج۔ زیرہ سفید۔ بادیان۔ بابڑنگ۔ باؤ کھونبہ ہر ایک ایک تولہ۔ نمک سیاہ ۲ سرخ۔ نارجیل کہنہ ۲ ماشہ۔ مویز منقی ۷ عدد۔ مصری کوزہ ۱ تولہ باریک کرکے مکھن نیم گرم اور شہد میں ملا کر شاف تیار کریں۔ چار روز صبح و شام رکھیں۔ اس کے بعد مازو سبز ۲ تولہ۔ گل دہاوا۔ گل سپاری پوست انار۔ گل انار ہر ایک ۲ تولہ باریک کرکے ململ میں پوٹلی باندھکر ہفتہ عشرہ اندر رکھیں۔ نسخہ دوم کے ساتھ ہی حسب ذیل سفوف تیار کرکے شروع کرا دیں۔ تالمکھانا بیج بند۔ گل پستہ۔ گل سپاری۔ پوست بیرون پستہ۔ مجیٹھ۔ گل دہاوا ہر ایک ۴ ماشہ ثعلب مصری ایک تولہ۔ آرد مونگ بریاں ایک تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی ایک تولہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ مصری کوزہ مساوی سب کے خوراک ۶ ماشہ۔ ہمراہ شیر گاؤ یا عرق گاؤ زبان

۲۳۳ (ب) درد رحم جو گندہ پانی رحم میں جمع ہو جانے سے ہو۔ اور اس کی علامت بودار رطوبت کا اخراج اور پیڑو میں دبانے سے درد و انتفاخ معلوم ہوتا ہے۔ بابڑنگ ۲ تولہ سمندر جھاگ ۲ تولہ۔ بھروزہ خشک ۲ تولہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے وزن کرکے ملا رکھیں۔ پارچہ ململ میں پوٹلیاں بقدر بڑے بیر کے بنا کر ایک پوٹلی روز رات کو استعمال کریں تا ۳ یوم۔ اخراج رطوبت بکثرت ہو کر صحت ہو جاویگی۔ پرہیز آب سرد و ترشی۔

۲۳۴ (ج) برائے کثرت سیلان طمث و استحاضہ و آمدن خون درحالت حمل۔ ۳ سنگ جراحت ۲ تولہ۔ گوند چینیہ تولہ۔ مائیں خورد ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ ۲ تولہ علیحدہ علیحدہ کوٹ چھانکر سفوف بنا دیں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ ۲ تولہ بحالت حمل میں اگر خون آوے تو اس کے علاوہ ایک اور مجرب و اکسیر الاثر دوا ٹنکچر دائی برنم نامی انگریزی دوا فروشوں کے ہاں مل سکتی ہے۔ بقدر ۳۰ قطرے سے ۲ ڈرام تک ہمراہ قدرے آب

ملا کر دن میں تین بار دینے سے خواہ حالت قریب اسقاط پہنچی ہو انشاء اللہ صحت ہو جاتی ہے۔ ایام حمل کی تکالیف مثل غثیان۔ قے۔ صداع۔ بے خوابی۔ اسہال۔ طنین وغیرہ بھی اس سے دور ہو جاتے ہیں۔ ہر قسم کے اسقاط کو روکنے میں دوائی برنم اعلیٰ درجہ کی یقینی اور بے خطر مجرب دوا ہے۔

۲۳۵ (ر) بچوں کے موسم سرما میں، سردی لگنے سے کھانسی۔ بخار۔ بے خوابی بے چینی میں بعد رفع قبض از کسٹرائل برومائیڈ آف پوٹاسیم ایک گرین۔ وائنم ایپکاک ۳ بوند اکوا ایک ڈرام دن میں ۳ بار ۶ ماہ سے ایک سال تک کے بچے کو اور بعد تخفیف اور نیز بحالت ضعف بجائے برومائڈ کے کاربونیٹ آف امونیا۔ یہ دوا ڈبہ اطفال میں بھی معمول ہے۔

۲۳۶ (ز) کھانسی۔ بچوں کی اکثر اقسام کی کھانسی میں مجرب و معمول نسخہ۔ کاکڑا سنگی اصل السوس مقشر۔ کچور۔ سہاگہ بریاں۔ بابڑنگ۔ فلفل گرد۔ گاؤزبان۔ بہرا نہ۔ نمک سفید ہر ایک ۴ ماشہ کوٹ چھانکر بآب لکر وندہ جسے پنجاب میں کوکڑ چھڈی اور گدڑ تمباکو بھی کہتے ہیں گولیاں بقدر زائد از فلفل بنادیں۔ تاکہ سوکھ کر مرچ سیاہ کے برابر رہ جاوے۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام اور ایک ماں کے دودھ میں حل کر کے رات کو بھی استعمال کرائیں +

۲۳۷ (د) ام الصبیان میں برومائڈ کا استعمال۔ جند بید ستر۔ مصبر۔ کندر مساوی حب بقدر دانہ مونگ بنادیں۔ ایک حب صبح ایک حب شام و مالش اطراف و عند القبض تریاق الصبیان۔ تربد۔ پودینہ۔ پوست ہلیلہ زرد مساوی سفوفاً۔ حسب عمر ایک ماشہ فی سال۔

۲۳۸ (ش) سرمہ سفید مفید اکثر امراض چشم۔ ضعف بصارت۔ دھند۔ جالا۔ سفارش سرمہ سفید ۴ تولہ۔ نمک سنگ ۴ تولہ در آب برگ خبازی سبز جسے پنجابی میں سونچل اور ہندوستانی لوگ کبوتری کا ساگ کہتے ہیں۔ کھرل کر کے سرمہ بنادیں۔ عجیب نسخہ ہے۔

۲۳۹ (ح) جرب الاجفان۔ ککرے ورد ہے اگر خفیف ہوں۔ آیوڈائی لوشن

کافی ہے۔ ورنہ تیز کاسٹک لوشن سے رگڑ دیں تاکہ خون جاری ہو جاوے تمام روز روشنی سے محفوظ رکھیں۔ اور پھٹکڑی ۱ تولہ۔ آب گرم ۱/۲ ایک سیر میں حل کر کے سرد کر کے دن میں کئی بار منہ دھلاویں تا ۳ یوم۔ اکثر ایک بار ورنہ دوسری بار بعد ۷ یوم شاذونادر ۳ بار یہ عمل کریں۔ اگر کچھ بقیہ رہجاوے تب سرمہ زعفرانی مجوزہ حضرت حکیم نورالدین صاحب قبلہ استعمال کرتے رہیں۔ اور یہ سرمہ تو عام طور پر لکروں کے لئے بے ضرر۔ مجرب علاج ہے۔ اس سے بہتر اس مرض کی دوا اب تک ہمیں معلوم نہیں ہوئی۔ یعنی سرمہ زعفرانی۔ نسخہ آیوڈائڈ لوشن مذکورہ یہ ہے۔ پٹاسی آیوڈائڈ ۱ گرین۔ ارجنٹی نائٹراس (کاسٹک) ۲ گرین۔ آب مقطر ۲ تولہ حل کر کے رکھیں تاکہ آیوڈائڈ آف پیدا ہو جاوے۔ چند قطرے دن میں ۲ بار آنکھوں میں ڈالیں۔ سرخی۔ لکرے بڑے اور چھوٹوں کے الٹ کر قدرے لگادیں۔ نسخہ سرمہ زعفرانی یہ ہے۔ زعفران ۱۰ ماشہ۔ افیون ۱۰ ماشہ۔ زنگار ۳ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۳ ماشہ۔ سمندر جھاگ۔ لونگ۔ سونے کا میل۔ چاندی کا میل۔ سبز کانچ ہر ایک ۳ ماشہ۔ جست کا پھول ۹ تولہ۔ جو عام طور پر بازاروں میں پنساریوں کے ہاں جست کا سفیدہ کے نام سے ملسکتا ہے۔ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے وزن کر کے اس قدر کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جاوے۔ اگر ذرا بھی دوا میں چبھن رہیگی بجائے فائدے کے نقصان ہوگا۔ بہتر ہے کہ زعفران و افیون عرق گلاب میں حل کر کے ملادیں۔ پھر سب کو ملا کر بھی کھرل کریں۔ لکرے خارش خورد و کلاں سب کو مفید ہے۔ پلک الٹا کر لگادیں۔

(۳۵) جناب حکیم سید محمد خلیل صاحب جائس

ایک نسخہ جو میرے اسرار صدری اور معمول مطب ہے ہمیشہ بے خطا ثابت ہوا ہے عرض ہے۔

۲۴۰ (۱) استسقائے زقی طبلی خصوصاً وہ کہ ورم احشاء سے ہو نیز عام امراض باردہ احشاء وغیرہ کے واسطے مجرب بے خطا ہے۔ صبر سقوطری ۲ تولہ۔ مغز لیموں کاغذی بے تخم ۱۰ عدد۔ سائٹرک ایسڈ ۱ تولہ۔ نوشادر مصفی ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ تنکار بریاں ۲ تولہ۔ عصارہ ریوند ۲ تولہ۔ ست پودینہ ۲ ماشہ۔ لعاب گھیکوار ۵ سیر پختہ ایک ہفتہ تک کھرل کر کے بقدر کنار صحرائی حب تیار کریں۔ ایک یا ۲ گولی صبح شام حسب حالت مریض عرق مکو و بادیان

کے ساتھ دیدیا کریں۔

۲۴۱ (ب) برائے دھند۔ غبار۔ خارش اور اکثر امراض چشم مجرب۔ کافور خالص ۹ تارہ۔ گچ کہنہ۔ تارہ۔ کوئلہ بانس کہنہ ۲ تارہ سب کو باریک سفوف کر کے آب کیلہ۔ آب برگ گھیا توری سے اُس سب کو نم کر دو بڑے سکوروں میں بند کر کے موٹی بتی کے چراغ کی لو سے جس میں میٹھا تیل پڑا ہو دودھ لیا جاوے۔ سفید دودھ کافوری حاصل ہوگا۔ باریک پیس کے ایک سلائی صبح شام لگائیں۔ دھند۔ غبار۔ خارش اور بہت سے امراض میں مفید ہے۔ یہ تمام امراض رفع ہو جاوینگی۔

چونکہ اسرار حکمت ابھی شائع نہیں ہوا۔ اور ابھی تک مجربات وصدری نسخہ جات کی وصولی جناب کو ہو رہی ہے۔ گو اس سے پہلے حسب الامر دو ایک نسخے خاص مجرب بھیج چکا ہوں مگر آج ایک نسخہ نہائت عجیب اور مجرب المجرب ارسال خدمت ہے۔ امید ہے کہ اسرار حکمت میں میرے بھائیوں کے ملاحظہ کے واسطے درج فرما دیں گے۔ اس نسخہ کے واسطے بہت زیادہ مدح وثنا کی حاجت نہیں۔ ہاں یہ عجیب تذکرہ ضرور کرونگا۔ کہ اس نسخہ کی ترتیب وتہذیب میں عالم انس سے گذر کے کسی قدر حکمت جنیہ کو بھی دخل ہے۔ یہ نسخہ ایک حکیم کا جو قوم جن سے ہیں۔ ایک خاص گھر میں محفوظ چلا آتا تھا اور عجیب وغریب فوائد اس سے ظاہر ہوتے تھے۔ حتیٰ کہ مدقوقین ومسلولین کے ضعف وہزال کو بھی آیت بچایا ہے۔ اور وہ عورتیں جو زچگی و رضاعت سے کمزور وضعیف الدماغ یا وہ مرد جن کو ضعف وحرارت نے مجبور کر دیا ہو۔ نیز اصلاح جوہر منی اور رفع عقر میں بھی بہت کامیاب ثابت ہوا ہے۔ اس کو اگر محض پانی میں گھول کر پی لیا جاوے نہائت فرحت وقوت ظاہر ہوتی ہے۔ ضعف دماغ اور قوت حواس اور تحمیر بشرہ اور قوائے جسمانی ونفسانی کے لئے ایک عجیب چیز ہے۔ طبیب اس کو مختلف فردرتوں میں کارآمد بنا سکتا ہے۔ جس مرض پر برتینگے جادو کا اثر پاوینگے۔ بہرحال وہ تحفہ جو مجھے ایک عجیب طریقہ سے حاصل ہوا ہے۔ تدبر اور ان حکمت ہے۔ نسخہ موصوف یہ ہے۔

۲۴۲ (ج) گل وچھال وثمر فالسہ۔ گل وچھال وثمر پستان۔ گل وچھال وثمر آنولہ

گل وچھال وثمر بکائن۔ گل وچھال وثمر نیم۔ گل وچھال وثمر مولسری۔ گل وچھال جامن۔ ثمر وچھال گولر۔ گل وچھال انبہ بھیری۔ ریش برگد۔ گل وچھال ڈھاک۔ چھال بھن۔ گلو غنچہ وچھال کچنال۔ گل وچھال سینبل۔ گل وچھال گڑھل۔ چھال سنبھالو۔ چھال انجیر صحرائی گل وثمر وچھال حنا۔ چھال چمبیلی۔ چھال گونڈنی۔ چھال سیموری۔ چھال انکوہر۔ بیخ کیوڑہ۔ چھال انار ترش۔ چھال انار شیریں۔ چھال جھربیری۔ چھال روسہ۔ امربیل وسمہ برگ زرد روسہ۔ ریشمہ خطمی۔ بیخ کاسنی۔ بیخ بادیان۔ بیخ بھنڈی۔ مکوئے خشک ہر واحد وثار۔ تخم ترب ؍؍ ثار۔ تخم شبت ؍؍ ثار۔ ان سب بناس پتیوں کو ایک بڑے ناندے میں آب دریا ورنہ بمجبوری آب چاہ شیریں بھر کے نیم کوب کرکے چار شبانہ روز بھگو رکھیں مگر سایہ میں پانچویں روز سب کو ملیں اور پتیوں کو ہاتھ سے دبا کے نچوڑیں ماب اسی پانی میں اجزائے ذیل کوفتہ معہ ۱۰ ثار عمدہ وصاف گندم مسلم کے ڈالدیں۔ اور پانچ چھ روز بلکہ زیادہ جب تک کہ گندم بالکل نرم و مہرا ہو جاوے۔ معہ سب اجزائے بھگو رکھیں۔

خاکشی ؍؍ ثار۔ سونف ؍؍ ثار۔ کشنیز خشک ؍؍ ثار۔ آنولہ تازہ کلاں ۲۵ عدد۔ اگر نہ ملے تو آملہ خشک ؍؍ ثار۔ چھوہارہ تخم دور کردہ ؍؍ ثار۔ تخم تالمکھانہ ؍؍ ثار۔ ملیٹھی مقشر ؍؍ ثار۔ گوند کھیر۔ گوند دھاوا۔ گوند ببول۔ گوند ڈھاک۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ تخم خرفہ۔ تخم پالک۔ تخم کاہو مقشر۔ بنفشہ۔ خس خس ہر ایک ؍؍ ثار۔ مغز گرج ؍؍ ثار۔ موصلی سیاہ ؍؍ ثار۔ مقشر برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ۔ گل پستہ۔ گل سپاری۔ گل دھاوا۔ سمندر سوکھ ہر ایک ؍؍ ثار۔ گوکھرو کلاں ؍؍ ثار۔ گوکھرو خورد ؍؍ ثار۔ مویز منقی ؍؍ ثار۔ پوست خشخاش کہنہ ؍؍ ثار۔ تخم بارتنگ ؍؍ ثار۔ تخم کنوچہ ؍؍ ثار۔ سبوس اسبغول۔ الائچی خورد۔ مجیٹھ۔ نودھ۔ مازو ہر ایک ؍؍ ثار۔ مغذیہ ؍؍ ثار گزمازج ؍؍ ثار۔ سنگجراحت ؍؍ ثار۔ ان جملہ کو کوٹ کرکے اور ۱۰ سیر عمدہ وصاف گندم مسلم کے ہمراہ اسی پانی میں بھگو دیں اور ہر روز دو ایک مرتبہ ہلا دیا کریں۔ ۵-۶ روز کے بعد جب کہ گیہوں بالکل نرم مثل ملوا ہو جاویں۔ اسی پانی میں ہاتھ سے اور بعد ازاں لکڑی کی ڈوئی خوب ملیں ازاں بعد سب کو چھان لیویں باس چھلنے ہونے کو تھوڑی دیر رکھ کے بتی کے ذریعہ مقطر کریں اب نشاستہ جو باقی رہجا دے سایہ میں پھیلا کے خشک کریں اور بوتلوں میں بحفاظت

رکھ چھوڑیں۔ اگر عورتوں کے زچگی فسادات اور تقویت کے واسطے دینا ہو اسی نشاستہ میں اجزائے تپیسہ شامل کر کے حلوا یا لڈو بنا کر کھلا دیں۔ اگر مردوں کے بغرض تقویت دماغ و عام حرارت دینا ہو اسے نشاستہ کے ساتھ مغز تخم خیارو الائچی سفید۔ تخم خشخاش۔ مغز پستہ زنار جیل و گھی و مسکہ کے ساتھ حریرہ بنا کر دیں۔ اگر برائے دفع حرارت و تپ دق مقصود ہو مغز پیٹھہ و کدو و تربوز و دیگر مناسب اجزا ملا کر غرض اس نسخہ سے بہت سے مایوس اور مجبور لوگوں کو قابل حیرت نفع ہوتا ہے۔ جہاں اطبا جواب دیتے ہیں۔

(۳۶) جناب حکیم و ڈاکٹر عبدالحفیظ خانصاحب شفاخانہ اشٹہ ریاست بھوپال

اسرار حکمت جلد دوم کے واسطے چند نسخہ جات بے خطا مجربات بھیجتا ہوں۔ درج فرما کر پبلک کو نفع پہنچایا جاوے۔

(۲۴۳) (ا) ام الصبیان کا نسخہ۔ پہلے تنقیہ معدہ کا بذریعہ مسہل کر کے خاکستر حرباء مسلم کلاں یعنی ایک گرگٹ بڑا مار کر مسلم آبخورہ گلی میں رکھکر گل حکمت کر کے ۲ ثار یا چکد شتی صحرائی میں جلا کر بقدر ایک رتی ایک سالہ کو ۲ رتی دو سالہ کو علی ہذا فی سال ایک رتی کے حساب سے شیر مادر یا شہد میں ملا کر چٹا دیں۔

۲۴۴ (ب) دیگر مجرب ام الصبیان کو۔ جو تنشر تولہ باریک پیسکر اس میں خون سنگ پشت یعنی کچھوہ اس قدر ملا دیں کہ قابل گولی کے ہو جاوے۔ گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا کر ایک گولی صبح ایک شام بچے کو دی جاوے۔

۲۴۵ (ج) تیسرا نسخہ ام الصبیان کا۔ اولاً پرہیز مرضعہ یعنی دودھ پلانے والی کا مبخرات و مغلظات اغذیہ اور حرکات جماع سے کرا دیں۔ بچے کو ہلیلہ زرد۔ پودینہ خشک۔ تربد سفید ۶-۶ ماشہ باریک پیسکر بقدر ۳ ماشہ طفل سہ سالہ کو عرق بادیان کے ہمراہ صبح دیں۔ وقت عصر جدوار خطائی۔ مشک خالص ہموزن لیکر گولیاں بقدر ایک ایک رتی بنا کر گولی دیجاوے نوشادر ۲ ماشہ۔ جند بیدستر ۲ رتی باریک پیسکر وقت شب سنگھا دیں۔ قدرے پانی ملا کر شیر مدار کو پاؤں کے تلوؤں پر ملکر مرچ سیاہ ۲ ماشہ باریک پیسکر چھڑک کر برگ مدار گرم باندھیں۔ موئے نخستہ کو گرم کر کے ہر دو ابرو کے درمیان داغ دیں۔

۲۴۶ (د) ضعف دماغ کا اکسیری نسخہ۔ مغز بادام شیریں مقشر ۱ پاؤ کو شیر گاؤ ۵ ثار میں پیسکر مصری ۵ ثار ملا کر نرم آگ پر پکا دیں۔ جب قوام مثل حلوے کے ہو جاوے۔ اتار کر دانہ الائچی ۱ تولہ باریک پیسکر ملا دیں۔ اور ورق نقرہ ۲۵ عدد آخر میں ڈالدیں۔ ایک تولہ سے ۳ تولہ تک کشتہ مرجان ایک رتی ملا کر ہمراہ شیر گاؤ کھلاویں۔ نسخہ کشتہ مرجان۔ شاخ مرجان تولہ کو ایک آنجورہ گلی میں رکھکر اس میں مکھن ۳ تولہ ڈال کر منہ بند کرکے گلحکمت کرکے پاچک صحرائی کی آنچ دیں۔ پہلی بار قابل استعمال ہو جاتا ہے۔ مگر اعلےٰ درجہ کا تین آنچ دینے میں ہوتا ہے۔ ہر بار آنچ دینے میں مکھن ۳ تولہ میں ڈال کر آنچ دی جاویگی پھر باریک کھرل کرکے رکھ لیں۔ یہ نسخہ مقوی اعضائے رئیسہ سمن بدن نہائت خوش ذائقہ سریع الاثر ہے۔ جو اشخاص دماغی قوت کا زائد کاروبار رکھتے ہیں۔ ان کے واسطے تریاق ہے +

(۳۷) جناب حکیم مولوی احمد علی صاحب قصور

آپ کی قسمیہ تحریک پر نسخہ ارسال خدمت ہے۔ اگرچہ احقر کو خط لکھنے کی بھی فرصت نہیں ملتی۔

۲۴۷ (ا) خناق خواہ کوئی قسم ہو جب درجہ انتہا کو پہنچے۔ پوست ریٹھہ ۶ ماشہ پانی میں گھول کر غرغرہ کرادیں۔ اگر بیمار بیہوش پڑا ہو تو منہ میں ڈال کر دوسرا شخص اس کے سر کو ہلاوے۔ ۲ منٹ کے اندر بیمار اٹھکر بیٹھ جاویگا۔ پہلے اس سے اگر حلق میں پانی نہ گذرتا ہو۔ کھانا بآسانی گذر جاتا ہے۔ بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ بیمار دوا سے اچھا نہیں ہوا بلکہ جادو سے اچھا ہوا ہے۔ ہزارہا مرتبہ کا مجرب ہے۔ یہاں بہت صاحبوں نے پوچھا تھا۔ مگر بتایا نہیں گیا۔ یہ محض آپ کی خاطر ہے +

(۳۸) جناب حکیم محمد فتحیاب خانصاحب اور اکسوہن پوری

صرف اسرار حکمت جلد دوم کے لئے مجربات

۲۴۸ (ا) مجبل بیخ ثنار ۳ تولہ عجز البقرہ ۹ ماشہ۔ زعفران اصلی ۱ تولہ۔ اعضائے خاص سیاہ خشک ایک عدد ہرن کے تعضیب کو خوب سوہان کرکے شہد خالص ۳ تولہ خالص

بذریعہ عرق کیوڑہ یا گلاب خوب کھرل کریں۔ اور حبوب بقدر نخود بنا کر سایہ میں خشک کر کے نگاہ رکھیں۔ جب عورت ایام حیض سے فارغ ہو اور حیض میں کسی قسم کا نقص نہ ہو تو سات گولیاں ہمراہ شیر گاؤ سیاہ۔ اگر سیاہ نہ ہو تو سرخ رنگ ہو ایک گولی عورت عاقرہ صبح کے وقت کھاوے۔ اور شام کو اپنے مرد سے فراہم ہو۔ اگر خدا نے چاہا تو حمل ضرور رہ جاویگا۔ اگر اس بار نہیں تو دوسرے ماہ لغائت تیسرے ماہ تک یہی گولیاں ہفتہ تک کھلاویں۔ ضرور حمل رہ جاویگا۔ مجرب المجرب۔ یہ ساٹھ مرتبہ تجربہ میں آچکی ہے۔ اور مجھے ایک درویش کامل کا عطیہ ہے۔ رفشار ایک گھاس ہے۔ جو موسم برسات میں بھیڑ جنگلوں میں ہوتی ہے۔ پتہ مثل جھاؤ کے بیلدار ہے۔ قوی تو یہی ہے۔ ورنہ بجائے اس کے بتھاوڑ برتنا چاہئے۔ جب عورت استعمال کرے دودھ چاول کا کھانا اختیار کرے اور کوئی چیز نہ کھاوے۔

۲۴۹۔ (ب) نامردی کے لئے۔ تین سو برس کے انب کا کاٹھا یہ وہ ہوتا ہے۔ جو اکثر درخت انب میں موٹا زائد پوست ہو جاتا ہے۔ تین پاؤ لیکر پانچ سیر پانی میں جوش دیں جب سوا سیر رہے ملکر چھانکر مقطر پانی لے لیویں۔ برادہ فلوس ۳ تولہ عمدہ کھرل میں ڈالکر کھرل کریں اور قرص بنا کر خشک کر کے پاؤ بھر گل سورج مکھی کے پھولوں کا نغدہ بنا کر قرص کو اس میں لپیٹ سات کپر وٹی کر کے خوب خشک کریں۔ اور پندرہ سیر اوپلہ صحرائی کے درمیان گڑھے میں رکھکر آگ دیں۔ سفید باوزن کشتہ برآمد ہوگا۔ بالکل سرد ہونے پر نکالیں۔ ایک خشخاش برابر بالائی میں لپیٹ مریض نامرد کو کھلاویں اور اوپر سے دودھ خوب پلاویں۔ ۳۔ ۴ خوراک میں مرد کامل ہو جائیگا۔ اور یہی کشتہ ایک خشخاش یا زیادہ روز منقی میں کھلا کر اوپر سے حلوا تر کھلاویں۔ زمین گیر شل نصف جسم زدہ جھولہ فالج۔ لقوہ کو مفید ہوگا۔ اور مجرب ہے۔ اگر اس کشتہ کی سلائی آنکھوں میں لگا دے تو نزول الماء اور موتیا بند ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔ دانا آدمی اس سے بہت سے کام لیسکتا ہے۔ جذام۔ استسقا زقی کو از حد مفید ہے۔ میرا کیا ہوا ہے٭

۲۵۰۔ (ج) مار گزیدہ کا علاج۔ ایک تجربہ کیا ہوا مار گزیدہ کے علاج میں جو بعد تکالیف

مہرمار ضلع گوڑگانوہ میں نصیب ہوا ہے۔ ہدیہ ناظرین ہے۔ مرچیا کند ایک بوٹی ہوتی ہے۔ جو اکثر پہاڑوں میں دستیاب ہوگی۔ درخت ہو بہو سرخ مرچ جیسا ہوتا ہے۔ پھل پھول سب مشابہ مرچ کے مگر بہت چھوٹا اس میں سے قند برآمد ہوتا ہے۔ اور نہایت تلخ کہ اس کی تلخی کے سامنے ایلوا شرماتا ہے۔ اور اس پر گوند سا لعاب بھی جدھر تدھر چپکیلا معلوم ہوتا ہے۔ باریک پیسکر ایک شیشی میں اس کے قند کو نگاہ رکھو۔ سانپ کاٹا ہوا اگر باہوش ہے۔ تو صرف ۲ رتی پانی میں حل کرکے اس کو پلا دو۔ دو دفعہ میں نشہ دور ہوجاتا ہے۔ اگر سر مار گیا ہے اور جبڑی بالکل بند ہے۔ اس وقت صرف دو سلائی آنکھوں میں لگا دو۔ دو منٹ کے بعد جبڑے ڈھیلے ہوکر مارگزیدہ جبڑے کھول دیگا۔ اس وقت ۲ رتی پانی میں حل کرکے مرچیا کند چھوڑ دو۔ انشاء اللہ العزیز آرام ہوجاویگا۔ یہ نہایت مجرب ہے ناظرین قدر کریں۔

۲۵۱ (د) نسخہ برائے دق۔ سرمہ سیاہ ایک تولہ لیکر سولی مچھلیوں میں تین روز مسلم ڈلی کی پوٹلی باندھکر پکالو مچھلیاں سیر بھر سے زیادہ ہوں۔ بعد ازاں عرق لیموں ۱۶ یوم برابر ایک ایک دو دو لیموں ڈال کر کھرل کریں تیار ہے۔ چار چاول ایک ورق طلا میں ملاکر ۲ تولہ روغن گوسفند اور ۲ تولہ مصری عمدہ ملاکر مریض کو صبحدم چٹایا کرو اور شیر بز پلاؤ اور شیر گوسفند کی کھیر مصری روغن بادام ڈال کر کھلاؤ۔ اکیس روز میں مدقوق موٹا تازہ ہوجائیگا۔ مجرب ہے۔

۲۵۲ (ہ) نسخہ برائے دمہ۔ طوطیا سبز ۲ تولہ تمباکو بازاری۔ تار کٹا ہوا اگر نیا میں ملفوف کرکے کپرمٹ کرلو۔ ڈھائی سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک دو سفید خاک بن جاویگی خوراک ایک رتی بالائی شیر ایک تولہ میں کھلاؤ یا برگ تنبول میں گھی۔ دودھ خوب کھانا چاہئے۔ مجرب المجرب ہے۔

۲۵۳ (و) نسخہ برائے بیاض چشم۔ خرمہرہ کلاں تولہ۔ طوطیا سبز تولہ بھر کر آرد گندم میں لپیٹ کر آدھ سیر پرانے کپڑے میں لپیٹ کر کشتہ بنالو سب کشتہ سفید ہوگا عرق لیموں ۱۱ تارہ میں کھرل کرو۔ پھر شعد تار شہد خالص میں کھرل کرکے گولی بنالو۔

نخود کے برابر قدرے گولی آب حقہ میں گھس کر بیاض پر لگاؤ۔ بیاض کہنہ اور پھولہ وغیرہ رفع ہو جاویگا مجرب ہے۔

۲۵۴ (ز) نسخہ استرخا خصیہ۔ سریش ۲ تولہ۔ دال ماش ۲ تولہ پانی میں پیسکر تیار کر کے سر کے بال صاف کر کے ایک پھاہیہ پر لیپ کر کے جما دو۔ نو روز جمار ہنے دو۔ استرخا خصیہ اپنے مقام پر آجائیگا۔ اور پھر نہیں ہوگا مجرب ہے۔

۲۵۵ (ح) روغن شنگرف۔ ضعف باہ۔ درد ریاح۔ کھانسی ضیق النفس کے لئے مجرب۔ شنگرف رومی ۵ تولہ۔ شیر مدار۔ دنار میں خوب کھرل کریں۔ چار پانچ روز متواتر بعد ازاں موم خالص آدھ پاؤ میں خوب کوٹیں کہ مثل تمباکو کے ہو جاوے۔ اور آتشی شیشی میں ڈال کر بالوجنتر بنا کر شیشی کو معکوس رکھکر بطریق چوہ ٹپکالیں۔ پانچ قطرہ شیر۔ دنار میں ڈال کر روزانہ بوقت شب پی لیا کریں۔ ایک ہفتہ میں اس کا اثر عجیب ظہور میں آئیگا۔ مقوی باہ بیحد اور درد ریحی اور جس کے تمام جسم میں ہمیشہ بیچینی ورد کی رہتی ہو نہایت مفید ثابت ہوا ہے ذات الجنب ۵ قطرہ روغن سرخ میں ملا کر مالش کریں اور پان باندھے فوراً فائدہ ہوگا۔ کھانسی۔ دمہ۔ ضیق کو ایک قطرہ پان میں کھلانے سے فائدہ ہوگا۔ ابھی بنا کر آزما چکا ہوں مجرب عمل ہے۔

۲۵۶ (ط) کایا کلپ ومقوی۔ تخم آکھ نیم پاؤ۔ مالکنگنی نیم پاؤ۔ عرق برگ نیب۔ دنار۔ شیر برنج سیاہ میں تر کریں جب بالکل خشک ہو جاوے بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ ایک قطرہ روزانہ تباشہ یا برگ تنبول میں کھاویں۔ چلہ دو چلہ میں کمال جسم پر تازگی آجاویگی۔ ایک سال کھانے سے وجود سب طرح سے عمدہ ہوگا۔ مجرب یکے فقیر ہندو۔

۲۵۷ (ی) روغن برائے داد قوبا ہر قسم۔ نخود زرد رنگ۔ ۱ تولہ۔ برادہ شیشم سرخ رنگ ۱۰ تولہ۔ گندھک۔ آملہ سار ایک تولہ۔ روغن کنجد۔ ۱ تولہ سب ادویہ کو روغن میں چرب کر کے ایک حقہ کلی میں بھر کر بطریق پتال جنتر تیل نکالیں۔ داد کو کھجلا کر لگا دیں اور خارش پر ۱ ماشہ کو روغن سرشف میں آمیز کر کے مالش کریں اور مٹی ملکر نہا لیا کریں۔ اسے بھی ابھی بنا کر تجربہ کیا ہے۔ نہایت مفید ہے +

(۵۴) حکیم مولوی نبی بخش صاحب شمس آبادی

آپ نے جس قدر علم طب کے سوکھتے ہوئے خزاں رسیدہ چمن کی اپنے حکمت کے ذریعہ سے آبیاری فرمائی ہے سا اس سعی مشکور کی جتنی تعریف کی جائے بجا ہے۔ این کار از تو آید و مرداں چنیں کنند۔ اسرار حکمت جلد اول نے ہمارے ملکی طبابت پیشہ بھائیوں میں ایک ایسی اعلیٰ درجہ کی سخاوت اور ایثار کی بیمثال نظیر قائم کر دی جو آج تک نہیں ہوئی تھی یہی وجہ ہے کہ جلد دوم میں بایسے ایسے بزرگان فن نے بھی اپنی سینہ بسینہ اسرار کے اظہار میں حصہ لیا جو جلد اول کی طبع کے وقت خاموش رہے تھے۔

یہ خاکسار بھی چند ایسی تراکیب مجرب اسرار حکمت جلد دوم کے لئے بھیجتا ہے جو اپنے اپنے موقع پر باعث ناز اور ذریعہ افتخار ثابت ہونگی۔ اور اپنے فوری اثر اور یقینی نفع سے مریضوں کو بہت سی ترکیبوں سے بے نیاز کر دینگی۔ ناظرین قدر کریں۔ اور فائدہ اٹھائیں۔

۲۵۸ (۱) کشتہ مینسل دافع وجع مفاصل وعقد پا و استسقالحمی۔ مینسل برنگ گلابی ۴ تولہ آہک آب نا رسیدہ ۴ تولہ۔ اول مینسل کو ایک پہر تک خشک کھرل کریں۔ بعدہ چونہ کو ایک پہر تک بعدازاں دونوں کو ملا کر ایک پاس تک اور کھرل کریں اور ایک پاؤ مغز گھیکوار میں ان دونوں پسی ہوئی دواؤں کو ملا کر دو پیالہ گلی میں رکھکر گل حکمت کر کے سات سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں سرد ہونے کے بعد نکالیں صاحب وجع مفاصل اور عقد پا کو ۴ رتی تا ایک ماشہ بلحاظ موسم و عمر و مزاج مریض کے بنگلہ پان میں کھلائیں غذا شکرانہ کھلائیں یعنی خشکہ برنج معہ روغن و شکر لیکن شکر زیادہ ایک چھٹانک سے نہ ہو جس دن دوا استعمال کریں گرم پانی پئیں۔ ٹھنڈا پانی نہ پئیں بوقت دن کا وقفہ دیکر چوتھے روز پھر دوا کھائیں۔ تین چار مرتبہ کے کھانے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ جس دن دوا نہ کھائیں اس دن اختیار ہے شکرانہ کھائیں خواہ مونگ کی دال روٹی کھائیں اور استسقا کے لئے شہد میں ملا کر یا ٹینہ بزوری کے ساتھ استعمال کریں۔ اس دوا سے کبھی کبھی مریضوں کو قے ہو جاتی ہے۔ اس کا

کچھ مضائقہ نہیں ہے۔

۲۵۹ (ب) سفوف برائے سوزاک ۔ اگر کسی دوا سے نفع نہ ہوا ہو تو مہربانی فرماکر ایک مرتبہ تو ضرور اس نسخہ کو استعمال کرا دیجئے پھر دیکھئے کہ سوزاک جاتا ہے یا نہیں۔ اور اس کی تکلیفیں نیست و نابود ہوتی ہیں یا نہیں۔ رانگ ہرن کھری ایک تولہ۔ سیماب ۹ ماشہ۔ رانگ کو پگھلا کر سیماب کے ساتھ منعقد کریں۔ ست سلاجیت ایک تولہ۔ کباب چینی ایک تولہ۔ طباشیر صدفی ۷ ماشہ۔ رب السوس ۲ تولہ۔ بہدانہ ۹ ماشہ۔ کتیرا ۱ تولہ ست گلو ۲ تولہ۔ موچرس ۲ تولہ۔ تخم تاج خروس ۳ تولہ۔ نشاستہ ۲ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۲ تولہ مغز تخم تربز۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۲ تولہ۔ دانہ الائچی سرخ ایک تولہ تخم خرفہ ۴ تولہ۔ تالمکھانہ ۳ تولہ۔ خارخسک ۵ تولہ۔ بزرالبنج سفید ۹ ماشہ۔ سنگجراحت ۲ تولہ جواکھار ایک تولہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملاکر سفوف بنائیں خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ وقت صبح۔

۲۶۰ (ج) مشہی و منشی شہوت انگیز۔ آپ نے بہت سی دوائیں دیکھی ہونگی۔ اور اشتہا طعام پیدا کرنے والے نسخے بھی بکثرت ملاحظہ فرمائے ہونگے۔ یہ بھی ایک ترکیب عجیب ہے اور بے ضرر خیال تو فرمائیے کہ کتنی سہل الحصول ہے کم از کم تین روز اور زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ تک تو استعمال کر دیکھئے پھر آپ کو خود معلوم ہو جائیگا کہ آپ کی کیا حالت ہوتی ہے۔ میری راستی کے لئے آپ کا تجربہ ضامن ہے۔ صفت شنگرف رومی تولہ۔ فلفل سیاہ ۱۰ ماشہ۔ بیش سفید ۳ ماشہ ایک پہر تک خشک کھرل کریں۔ بعدہ آب نچھکنی تازہ میں ایک دن کھرل کرکے خشک کریں مقدار خوراک ایک چاول پان میں رکھکر۔

[illegible] (د) طلا مقوی باہ۔ اس کے استعمال سے نامرد مرد ہو گئے اور مرد جوانمرد بن گئے وہ [illegible] جن کی حالت چو ماکیان زسر بہینہ برنے خیزد بھتی۔ اب ان کی یہ کیفیت ہے۔ کہ از صلابت او خیرہ بگریزد۔ اگر آپ کو فائدہ نہ ہو آپ کی قسمت ہم کیا کریں۔ صفت۔ بچھناک ہلدیہ۔ بچھناک تیلیہ۔ بچھناک دودھیہ۔ بچھناک نکیلہ

تخم کتانی خورد و - بیخ کبیر سفید ہر ایک ۲ تولہ - سم اسپ - بیخ نیلوفر - عود سلک ہر ایک ۳ ماشہ - کلہ ماہی ۴ عدد رہو - سانڈھہ کلاں ۴ عدد بیخ ششش قطعہ کردہ روغن کنجد میں بقدر ضرورت سب دواؤں کو تین دن تر کر کے آتشی[۱] میں تیل کھینچیں رات کو بنگلہ پان پر لگا کر باندھیں اس پر رشتہ خام لپیٹ دیں سات دن استعمال کریں۔

(۸۳) جناب حکیم الشیخ صاحبداد صاحب المعروف حکیم قادری شکار پوری

نسخہ جات ذیل بن مہربانہ مرسل خدمت ہیں۔ بنظر رفاہ عام ان کو کتاب کے کسی گوشہ میں جگہ مناسب فرماکر ممتاز و مشکور فرمائیگا۔

۲۶۲ (ا) علاج نامردی و استرخار وغیرہ متعلقہ قوت باہ - کشتہ خرزا کی جو اکسیر کی طرح بے نظیر ہے - شنگرف رومی ۲ تولہ کو بادنجان کے درمیان دیکر بھوبل میں بھرتہ کی طرح پکادیں علیٰ ہذا القیاس ۲۵ مرتبہ بعدہٗ اس ڈلی شنگرف مذکور کو کڑاہی آہنی میں رکھکر آب لیموں ایک سیر کا چویہ دیں - بعد ازاں پیاز سفید ایک سیر میں - اس کے بعد نگدو پیاز سفید قدر نیم سیر میں دے کر بعد کپڑمٹی ۳ تار پاچیک دشتی کے دیں سو ہونے کے بعد نکال کر مالکنگنی - کچلہ باریک شدہ - رائی - پیاز سفید - روغن گاؤ - شہد ہر ایک ایکپاؤ - سب کو مخلوط کرکے درمیان اس کے شنگرف مذکور رکھکر کڑاہی میں نیچے آتش لقمانی آٹھ گھنٹہ تک جاری رکھیں - مگر اوپر خالی سرپوش رکھیں - بعدہ نکالکر محفوظ رکھیں خوب رنگ ہوتا ہے - ترکیب خوراک - ستاوڑ باریک میدہ دار شدہ ۲ ماشہ - شیر گاؤ میں ڈال کر اول ایک خس کتھہ منہ میں ڈال کر اوپر دودھ نوش کریں۔ ہم تین خس کے کھانے سے نامرد مرد ہو سکتا ہے - اور طلائے ذیل استعمال میں لائیں۔

طلا - سنکھیا سفید ۴ تولہ شیر زہوکہ میں مغرق رکھیں آٹھ روز تک بعد ازاں نکالکر اس کو خوب میدہ دار باریک کرکے روغن زرد ڈیڑھ چھٹانک میں خوب کھرل کریں بعد سایہ آفتاب میں رکھکر اس کا روغن ہو پر سے نکال لیں - چنانچہ کوئی ذرہ سنکھیا کا نہ آجاوے پھر اس میں اشیائے ذیل شامل کرکے کھرل میں دو تین گھنٹہ تک دلش کرکے ایک شیشی میں ڈال کردہ شیشی اکیس روز تک سرگین اسپ میں دبادیں بعدہ

---

[۱] آتشی شیشی

نکال کر کام میں لاویں۔ ریگ ماہی۔ بیر بہوٹی۔ خراطین۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ عقرقرحا۔ جاوتری ہر ایک ماشہ۔ مشک ۲ رتی۔ زعفران ۲ رتی۔ اگر دانہ برآورد نہ ہو تو ارنڈ کے پتے سے بعد طلا باندھیں۔ اگر قوت کے واسطے تو باندھنے کی ضرورت نہیں۔

واللہ کہ تا دم تمام اس نسخہ کے دل گراہ تھے کہ نہ لکھوں مگر چونکہ کتاب کی صورت میں تا ابد یادگار رہنے کا ہے۔ لہٰذا اس نسخہ کیمیا کے بھائی کو بنظر فائدہ عام وازدیاد رونق کتاب والا معروض خدمت کیا گیا۔

(۴۲) جناب حکیم فقیر محمد صاحب نظامی تلمیذ عالیجناب حاذق الملک حکیم محمد عبدالمجید خاں صاحب مرحوم دہلی

۲۶۳ (ا) دردسر بار دا اور شقیقہ نزلی کے لئے۔ نیز آنکھوں کی ان پرانی بیماریوں کے لئے کہ جن کا مواد بارد ہو یہ ہلاس میرے تجربہ میں آچکی ہے۔ ۲ سفید گیہوں کو آک کے دودھ میں اتنا تر کریں کہ دو انگشت دودھ تیرتا رہے۔ جائے میں خشک کرنے کے بعد پیس کر ہلاس بنا رکھیں۔ اور ضرورت کے وقت تھوڑی سی ناک میں پھونکیں۔

۲۶۴ (ب) تپ جب شیرخوار بچہ کو بخار کے ساتھ ہوتی ہے۔ تو ان کی گھبراہٹ اور بیقراری والدین کے دل کو مشوش کر دیا کرتی ہے۔ ایسی حالت میں میں نے اس نسخے کو کبھی خطا کرتے نہیں دیکھا۔ امرباندہ دہانتہ کی کھیلیں۔ حب الاٰس۔ سبھو پھلی۔ اصل السوس مقشر چاروں چیزیں برابر لیکر پیس لیں۔ جب باریک پس جائیں تو شہد میں گوندھکر مرہم کی طرح بنائیں بچے کے دودھ پینے سے پہلے مرضعہ (دودھ پلانیوالی) کی چھاتیوں پر لیپ کر دیں۔ اگر بچہ دو تین سال کا ہو تو اسے دو تین ماشے تک چٹا سکتے ہیں۔

۲۶۵ (ج) یرقان اسود یا سیلدھی کے لئے آپ نے نسخے تو بہت سے استعمال کئے ہونگے یہی یہ نسخہ آپ کو بہت سے بکھیڑوں سے سبکدوش کر دیگا۔ چند دن کے استعمال سے مرض کی سیاہ بختی کا فور نہ ہو جائے تو سہی۔ انخلاط ریوند کو اوپلوں کی آنچ پر جلا لیجئے اور اسی طرح ہلدی کی گرہ کو بھی بریاں فرمایئے۔ لیکن وزن میں دونوں

مساوی ہموں پیسکر رکھ چھوڑیئے بس تیار ہے۔ ۹ ماشہ سے تولہ تک استعمال کرایئے اور قدرت خدا کو ملاحظہ فرمایئے اور ساتھ ہی ساتھ مونگے کی جڑ کو پانی میں گھسکر سلائی سے آنکھوں میں لگایئے۔

۲۶۶ (د) سنگرہنی اور پیچش کے لئے نسخے تو بہت سے ہیں۔ لیکن اس نسخے سے بہتر میری نظر سے نہیں گذرا اور پھر خوبی یہ کہ باوجود مختصر ہونے کے فائدہ اس قسم کا کرتا ہے کہ گویا جادو کا کھیل ہے۔ اجزاء۔ پوست خشخاش۔ بادیان۔ سونٹھ۔ ہلیلہ سیاہ چاروں چیزیں مساوی لیکر گائے کے گھی میں چرب کر کے بریاں کریں۔ اور پھر کوٹ چھانکر سفوف بنالیں۔ اس میں سے تین چار ماشے تازہ پانی کے ساتھ کھلا دیا کریں۔ کھانے کے لئے چاولوں کا خشکہ مونگ کی دال ہمراہ۔

۲۶۷ (ر) ریح البواسیر کے علاج سے اگر آپ تھک گئے ہوں اور آرام کی صورت مفقود نظر آتی ہو تو آپ کی توجہ اس نسخے کی طرف منعطف کرائی جاتی ہے ۔ اس کا نام مصطگی مقل ایک ایک ماشہ لیکر پیس لیجئے پھر اطریفل کشنیزی ایک تولہ میں ملاکر پہلے کھا لیجئے بعد ازاں مویز منقی ۹ دانہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ پانی میں جوش کر کے مل چھان لیجئے اور ایک تولہ نبات سفید ملاکر تودری سفید ۴ ماشہ اس پر چھڑک کر پی لیجئے۔ اس کے ہمراہ اگر برگ گندنہ اور کالی مرچ ہر دو ہم وزن پیسکر چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک صبح ایک شام کھائیں اور بادی اور ترشی سے پرہیز کریں۔ تو چند دن کے استعمال سے بین فائدہ معلوم ہونے لگیگا +

۲۶۸ (د) سوزاک کے ساتھ جب آتشک کا محترق مادہ منی تک کو جلا دیتا ہے اور رنگ حد باوجود دبرا نا ہونے کے سوء مزاج مستوی حاصل نہیں کرتا۔ اور معالج کو ایک الجھن سی ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت میں یہ قلیل الاجزا نسخہ اکسیر کا کام کرتے دیکھا ہے۔ صفت۔ لعاب بہدانہ تین ماشہ میں روغن بادام شیریں ۳ ماشہ ملاکر پی لیں۔ آب حیات کا کام دیگا +

(۲۴۴) جناب حکیم محمد شجاعت علی خاں صاحب دہلوی

یہ جملہ نسخہ جات مجرب اور آزمودہ ہیں۔ روزمرہ کے برتے ہوئے ہیں۔ حسب للارشاد والا ارسال خدمت ہیں۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف۔

۲۶۹ (۱) معجون عشبہ واسطے امراض آتشک وجع المفاصل وعرق النساء و امراض سوداوی و بلغمی و صفراوی کو مفید ہے۔ عشبہ مغربی ۴ دام۔ بسفائج فستقی ۳ دام چوب چینی ۳ دام۔ صندل سرخ ۲ دام۔ بادیان۔ گل بنفشہ۔ گاؤزبان۔ شاہترہ ہر ایک ۲ دام۔ اسطوخودوس ایک دام کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص کے ساتھ بدستور معروف معجون بناویں۔ خوراک ۳ ماشہ عرق چوب چینی یا عرق گاؤزبان یا عرق شاہترہ کے کھاویں۔ غذا میں گوشت روغنی کباب۔ پرہیز حموضات و لبنیات و بقولات و مغلظات وغیرہ سے۔

۲۷۰ (۲) نسخہ حبوب سنا۔ از حافظ محمد حسین صاحب پنجابی۔ واسطے اخراج مواد بلغمی از مفاصل۔ برگ سنا مکی چیدہ نبات سفید ہر ایک دو نیم تولہ۔ مویز منقی دانہ بیرون کردہ ۵ تولہ۔ کوٹ کر ملا کر ۳ عدد گولیاں بناویں۔ دو گولیاں ہر شب کھایا کریں۔ صبح کو دو تین دست بلا تکلیف و تکان ہو جایا کریں گے۔ غذا قلیہ چپاتی یا پلاؤ۔ پرہیز از ترشی و بادی۔

۲۷۱ (۳) نسخہ طاعون سے بچنے کا۔ صبر عمدہ صاف ۷ ماشہ۔ مر ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ سب کو عرق گلاب میں بھگو کر کھرل میں ڈال کر گولیاں بنادیں۔ خوراک سوا دو ماشہ ایک ہفتہ تک۔ مختلف اوقات میں جس کسی نے اس کو استعمال کیا۔ وہ وبائے طاعون سے محفوظ رہا +

۲۷۲ (۴) نسخہ اگر زخم کا منہ کشادہ کرنا ہو تو بندال ذرا سا پیس کر چھڑک دو۔ اس کی ہلاس واسطے مرگی کے بہت مفید ہے۔ بندال کو خوب پیس کر ہلاس بنا لیویں واسطے ادرار طمث کے بندال کو ہمراہ شہد کے اور سہاگہ کے استعمال کریں۔ نہائت مفید ہے +

اور پھینا بندال کے جوشاندے کا یعنی اس کو جوش دیکر پئیں ساتھ شکر کے مدرحیض ہے۔

۲۷۳ (۵) حب کرامات برائے بثور ہر قسم۔ بکیلا ریلہ بھوبھاڑ چونہ قلعی۔ ہلیلہ زرد۔ کتھ پاپڑہ یا مساوی الوزن لیکر کوٹ چھان کر پانی کے ذریعہ بڑی گولیاں بنالیں۔ ضرورت کے وقت روغن زرد کے ساتھ پیسکر ضماد کریں۔

۲۷۴ (۶) نسخہ برائے درد گردہ۔ مرچ سرخ ایک عدد خوب باریک پیسکر لیپ کردیں تھوڑی دیر میں آرام ہوجاویگا۔ بعد میں اس جگہ گھی مل دیں اور اول بھی گھی چپڑ دیں نہائت مفید ہے۔

نمک

۲۷۵ (۷) نسخہ برائے مسہ بواسیر کہ جو باہر نکلا ہوا ہو۔ روغن زرد خالص پاؤ چھٹا بھر، مرچ سرخ ۴ عدد ڈال کر پکاویں۔ جب مرچ سرخ ہوجاوے اور پختہ ہوجاوے نکال کر پھینک دیں اور سرد ہونے پر انگلی کو روغن سے تر کرکے مسہ پر اچھی طرح لگادیں اور اس کے اردگرد بھی۔

۲۷۶ (۸) نسخہ حب مسہل۔ مویز منقی ایک عدد دانہ بیروں کردہ۔ بادام مقشر شیریں ایک عدد، حب السلاطین مدبر ایک عدد سب کو ایک گولی بناویں واسطے ڈبہ اطفال کے چوتھائی گولی بچہ کو اس کی ماں کے دودھ میں گھول کردیں اس سے قے اور دست ہونگے۔ دوسرے روز بھی دے اور اگر ضرورت ہو تیسرے دن بھی دے خلل پسلی کا بالکل جاتا رہیگا۔ ایک ماہ سے چھ مہینے کے بچہ کو چوتھائی گولی اور چھ ماہ سے زائد کو تین سال تک نصف گولی دیں۔ بڑے آدمی کو ایک گولی دیں وہ چاروں خلطوں سے نکالتا ہے۔ تخمہ۔ ہیضہ۔ درد قولنج۔ پیٹ کا درد۔ اخراج مواد آتشک۔ وغیرہ میں نہائت مفید ہے۔ غذا کھچڑی خوب گھی ڈال کر اگر موسم گرمی کا ہو تو دہی کے ساتھ۔ پلاؤ۔ قلیہ، روٹی۔ دودھ دینا چاہئے جیسا مناسب ہو پیاس کے وقت عرق بادیان پئیں۔ گولی کھا کر پانی تازہ پئیں اور بعد میں بھی خواہ عرق پئیں۔ بعد دست آنے کے کوئی سا شربت پی کر تھوڑی دیر بعد غذا کھائیں۔ دو روز برابر گولی دیں اور پھر ایک روز کا وقفہ دیکر تیسری گولی دیں۔ عرصہ پچیس سال سے یہ میرے تجربہ میں ہے۔ کبھی خطا نہیں

کی ۔ یہ نسخہ مہتاب شاہ صاحب پنجابی کا ہے ۔ ہمیشہ مفت تقسیم ہوتی ہیں ۔ ہر مہینے میں قریب دو سو کے گولیاں تقسیم ہوتی ہیں ۔ اللہ سب کو شفا دیتا ہے ۔ اگر رات کو ۱۲ بجے گولی کھا کر سو رہیں تو بہت عمدہ عمل ہوتا ہے ۔ اور صبح آٹھ نو بجے تک فراغت ہو جاتا ہے ۔ اور وقت معمول پر غذا کھا لیتا ہے ۔ کوئی تکان نہیں ہوتی ۔

277 (۹) نسخہ سفوف سلس البول و بول الفراش و ذیابطیس ۔ قشر بیضہ مرغ ماکیان کہ بچہ نکلا ہوا ہو ۶ ماشہ ۔ کندر ۶ ماشہ ۔ مصطگی ۶ ماشہ ۔ گل ارمنی ۶ ماشہ ۔ بنسلوچن ۶ ماشہ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ کوٹ چھان کر سرمہ سا کر کے رکھیں ۔ خوراک ایک ماشہ پانی کے ساتھ یا مناسب حالت بدرقہ کے ساتھ یا شربت خشخاش ۲ تولہ کے ساتھ وقت خواب برائے ارش جالینوس ۹ ماشہ کے ساتھ کھاویں ۔ برائے ذیابطیس ہمراہ عرق بیخ بھنڈی دیں ۔

278 (۱۰) نسخہ برائے سن بھری ۔ بارود دیسی دانہ دار پانی میں پیس کر ضماد کریں دن میں تین مرتبہ ۔

279 (۱۱) نسخہ غلبہ خون یعنی فساد خون سات روز تک استعمال کریں ۔ اگر سردی معلوم ہو یا ٹھنڈک یا درد ہاتھ پیروں میں ہو تو ایک روز دو روز کا وقفہ دیکر پییں اور اگر خارش یا جلن بدن میں ہو تو اس کا ثفل پیس کر بدن پر ملیں اور دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے نہا لیں ۔ غذا مرغن کھائیں ۔ چاکسو ۶ ماشہ ۔ برادہ صندل سرخ ۶ ماشہ ۔ کتھ ۶ ماشہ برگ حناء ماشہ ۔ نرکچورہ ماشہ ۔ باچی ۲ ماشہ شب کو پانی میں تر رکھکر صبح کو مل کر چھان کر ۲ تولہ شربت عناب کے ساتھ استعمال کریں ۔

280 (۱۲) نسخہ برائے بثور و زخم آتشک ۔ مردار سنگ ۹ ماشہ ۔ کتھہ سفید ۹ ماشہ ۔ دانہ الائچی ۹ ماشہ ۔ چکنی چھالیہ سوختہ ۹ ماشہ کوٹ چھان لیں ۔ روغن زرد ایک سو ایک مرتبہ پانی سے دھویا ہوا ۵ تولہ لیکر سب کو طلا سا بنا لیں ۔ اور ہر روز زخموں پر لگایا کریں نہایت ہی مفید ہے ۔

281 (۱۳) نسخہ طلاء برائے درد نیم سر ۔ خولنجان ۔ برگ تربد ۔ برگ بنفشہ ۔